کچھ بھی	اور نہ	وہ سب	وہ سب مدد کیے جائیں گے	اور	بے شک	(اُن لوگوں) کے لیے جن

ظَلَمُوْا	عَذَابًا ④	دُوْنَ ذٰلِكَ	وَ	لٰكِنَّ
سب نے ظلم کیا	ایک عذاب (ہے)	اس کے علاوہ	اور	لیکن

اَكْثَرَهُمْ	لَا يَعْلَمُوْنَ ⑤ (47)	وَ	اصْبِرْ	لِحُكْمِ رَبِّكَ ⑥
ان کے اکثر	نہیں وہ سب جانتے	اور	آپ صبر کیجیے	اپنے رب کے حکم آنے تک

فَاِنَّكَ	بِاَعْيُنِنَا ⑦	وَ	سَبِّحْ
پس بے شک آپ	ہماری آنکھوں کے سامنے (ہیں)	اور	پاکی بیان کیجیے

بِحَمْدِ رَبِّكَ	حِيْنَ	تَقُوْمُ ۙ ⑧ (48)	وَ
اپنے رب کی تعریف کے ساتھ	جس وقت	آپ کھڑے ہوں	اور

مِنَ الَّيْلِ	فَسَبِّحْهُ	وَ	اِدْبَارَ النُّجُوْمِ ع (49)
(کچھ حصہ) رات سے	پس پاکی بیان کیجیے اسکی	اور	ستاروں کے (غروب ہونے کے) بعد

ع 2 21 4

ضروری وضاحت

① فعل کے شروع میں یہ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر میں ترجمہ کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا ہوتا ہے۔② یہاں یہ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔③ عَنْ کا ترجمہ کے ضرورتاً کیا گیا ہے۔④ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔⑤ لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْنَ ہو تو کام نہ ہونے کی خبر ہوتی ہے۔⑥ یہاں لِ کا ترجمہ آنے تک ضرورتاً کیا گیا ہے۔⑦ یہاں بِ کا ترجمہ کے سامنے ضرورتاً کیا گیا ہے۔⑧ یہاں کھڑے ہونے سے مراد نیند سے کھڑا ہونا، نماز کے لیے کھڑے ہونا وغیرہ ہے۔

اٰیَاتُهَا 62 | 53 سُوْرَةُ النَّجْمِ مَكِّيَّةٌ 23 | رُكُوْعَاتُهَا 3

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَالنَّجْمِ اِذَا هَوٰى ۙ﴿1﴾ — قسم ہے ستارے کی جب وہ گرے۔ ﴿1﴾

مَا ضَلَّ صَاحِبُكُمْ وَمَا غَوٰى ۚ﴿2﴾ — نہ تمہارا ساتھی راہ بھولا اور نہ وہ بھٹکا۔ ﴿2﴾

وَمَا يَنْطِقُ عَنِ الْهَوٰى ؕ﴿3﴾ — اور نہیں وہ بولتا (اپنی) خواہش سے۔ ﴿3﴾

اِنْ هُوَ اِلَّا وَحْيٌ يُّوْحٰى ۙ﴿4﴾ — نہیں ہے وہ مگر ایک وحی (جو) اس پر بھیجی جاتی ہے۔ ﴿4﴾

عَلَّمَهٗ شَدِيْدُ الْقُوٰى ۙ﴿5﴾ — اسکو سکھایا زبردست قوتوں والے (فرشتے) نے۔ ﴿5﴾

ذُوْ مِرَّةٍ ؕ — (جو) بڑی طاقت والا ہے

فَاسْتَوٰى ۙ﴿6﴾ — پس وہ سیدھا کھڑا ہوا (یا بلند ہوا)۔ ﴿6﴾

وَهُوَ بِالْاُفُقِ الْاَعْلٰى ؕ﴿7﴾ — اور وہ (آسمان کے) بلند کنارے پر تھا۔ ﴿7﴾

ثُمَّ دَنَا فَتَدَلّٰى ۙ﴿8﴾ — پھر وہ قریب ہوا سو اُتر آیا۔ ﴿8﴾

فَكَانَ قَابَ قَوْسَيْنِ — تو وہ ہو گیا دو کمانوں کے بقدر فاصلے پر

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

بِسْمِ : اسم، اسمِ گرامی، اسم بامسمّٰی۔	وَحْيٌ : وحی، وحی متلو، وحی الٰہی۔
الرَّحِيْمِ : رحمت، رحم، رحیم، رحمٰن، مرحوم۔	عَلَّمَهٗ : علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات، علّامہ۔
النَّجْمِ : نجم، نجومی، علمِ نجوم۔	شَدِيْدُ : شدید، اشد، متشدد، تشدد۔
ضَلَّ : ضلالت و گمراہی۔	الْقُوٰى : قوت، قوّی، مقوی۔
صَاحِبُكُمْ : صاحب، صحبت، صحابی، صحابہ۔	ذُوْ : ذوالجلال، ذومعنی، ذواضعاف اقل۔
يَنْطِقُ : منطق، منطوق کلام، حیوان ناطق۔	فَاسْتَوٰى : مستوی، استواء۔
الْهَوٰى : ہوائے نفس۔	بِالْاُفُقِ : آفاق، آفاقی، آفاقِ عالم، اُفق۔
اِلَّا : اِلا ماشاءاللہ، اِلا قلیل، اِلا یہ کہ۔	الْاَعْلٰى : اعلیٰ و ارفع، عالی مرتبت، عالی شان۔

● کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کیلئے ● نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کیلئے ● سرخ رنگ: نئے الفاظ کیلئے

رُكُوعَاتُهَا 3	53 سُوْرَةُ النَّجْمِ مَكِّيَّةٌ 23	اٰيَاتُهَا 62

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَ ①	النَّجْمِ	اِذَا	هَوٰى ﴿1﴾	مَا	ضَلَّ	صَاحِبُكُمْ
قسم ہے	ستارے کی	جب	وہ گرے	نہ	راہ بھولا	تمہارا ساتھی

وَمَا	غَوٰى ﴿2﴾	وَمَا	يَنْطِقُ	عَنِ الْهَوٰى ﴿3﴾
اور نہ	وہ بھٹکا	اور نہیں	وہ بولتا	(اپنی) خواہش سے

اِنْ ②	هُوَ	اِلَّا	وَحْيٌ ③	يُّوْحٰى ④ ﴿4﴾
نہیں (ہے)	وہ	مگر	ایک وحی	(جو اُس پر) وہ بھیجی جاتی ہے

عَلَّمَهٗ ⑤	شَدِيْدُ الْقُوٰى ﴿5﴾	ذُوْ مِرَّةٍ
اس کو سکھایا	زبردست قوتوں والے (فرشتے) نے	(جو) بڑی طاقت والا (ہے)

فَاسْتَوٰى ⑥ ﴿6﴾	وَ	هُوَ	بِالْاُفُقِ	الْاَعْلٰى ﴿7﴾
پس وہ سیدھا کھڑا ہوا	اور	وہ	(آسمان کے) کنارے پر تھا	بلند

ثُمَّ	دَنَا	فَتَدَلّٰى ⑥⑦ ﴿8﴾	فَكَانَ ⑧	قَابَ	قَوْسَيْنِ
پھر	وہ قریب ہوا	سو اُتر آیا	تو وہ ہو گیا	فاصلے پر	(بقدر) دو کمانوں کے

ضروری وضاحت

① وَ کے کئی معانی ہوتے ہیں اور کبھی قسم ہے بھی کیا جاتا ہے۔② اِنْ کے بعد اگر اسی جملے میں اِلَّا ہو تو اِنْ کا ترجمہ نہیں کیا جاتا ہے۔
③ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔④ علامت يُ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر میں ترجمہ کیا جاتا ہے یا کیا جائے
گا ہوتا ہے۔⑤ علامت ہٗ فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ اُسے یا اس کو کیا جاتا ہے۔⑥ لفظ کے شروع میں فَ کا ترجمہ پس، تو، پھر اور کبھی سو
ہوتا ہے۔⑦ علامت تَ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔⑧ كَانَ کا ترجمہ کبھی تھا کبھی ہو گیا اور ہے بھی کیا جاتا ہے۔

اَوْ اَدْنٰى ۚ﴿9﴾	یا اس سے بھی زیادہ قریب۔ ﴿9﴾
فَاَوْحٰٓى اِلٰى عَبْدِهٖ	پھر اس نے وحی کی اس (اللہ) کے بندے کی طرف
مَآ اَوْحٰى ؕ﴿10﴾ مَا كَذَبَ	جو اس نے وحی کی۔ ﴿10﴾ نہیں جھوٹ بولا
الْفُؤَادُ مَا رَاٰى ﴿11﴾	(رسول کے) دل نے جو اس نے دیکھا۔ ﴿11﴾
اَفَتُمٰرُوْنَهٗ عَلٰى مَا يَرٰى ﴿12﴾	پھر کیا تم جھگڑتے ہو اس سے اس پر جو وہ دیکھتا ہے ﴿12﴾
وَلَقَدْ رَاٰهُ	اور بلاشبہ یقیناً اس (رسول) نے دیکھا اس (جبریل) کو
نَزْلَةً اُخْرٰى ۙ﴿13﴾	ایک اور بار (معراج کی رات)۔ ﴿13﴾
عِنْدَ سِدْرَةِ الْمُنْتَهٰى ﴿14﴾	سدرۃ المنتہٰی کے پاس۔ ﴿14﴾
عِنْدَهَا جَنَّةُ الْمَاْوٰى ؕ﴿15﴾	اس کے پاس (ہمیشہ) رہنے کی جنت ہے۔ ﴿15﴾
اِذْ يَغْشَى السِّدْرَةَ مَا يَغْشٰى ۙ﴿16﴾	جب ڈھانپ رہا تھا (اس) بیری کو جو کچھ ڈھانپ رہا تھا۔ ﴿16﴾
مَا زَاغَ الْبَصَرُ	نہ (اسکی) نگاہ اور طرف مائل ہوئی
وَمَا طَغٰى ﴿17﴾	اور نہ وہ حد سے بڑھی۔ ﴿17﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

فَاَوْحٰى	: وحی، وحی متلو، وحی الٰہی۔
اِلٰى	: مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔
عَبْدِهٖ	: عبد، عابد، معبود، عبادت۔
مَآ	: ماحول، ماتحت، ماجرا، ماورائے عدالت۔
كَذَبَ	: کذب بیانی، کذاب، کاذب، تکذیب۔
وَ	: شان وشوکت، شام وسحر، گرد ونواح۔
رَاٰى	: رؤیت ہلال، مرئی وغیر مرئی اشیاء۔
عَلٰى	: علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
اُخْرٰى	: اُخروی زندگی، اول وآخر، آخری۔
عِنْدَ	: عندالطلب، عنداللہ ماجور ہوں، عندیہ۔
الْمُنْتَهٰى	: انتہا، منتہی۔
جَنَّةُ	: جنت، جنت الفردوس۔
الْمَاْوٰى	: ملجا وماویٰ۔
يَغْشٰى	: غشی طاری ہونا (حواس پر پردہ آنا)۔
الْبَصَرُ	: سمع وبصر، بصارت، مبصر، تبصرہ۔
طَغٰى	: طاغوت، طغیانی، طاغوتی نظام۔

اَوْ	اَدْنٰى ① ج (9)	فَاَوْحٰٓى ②	اِلٰى عَبْدِهٖ
یا	(اس سے بھی) زیادہ قریب	پھر اس نے وحی کی	اس کے بندے کی طرف

مَآ ③	اَوْحٰى ط (10)	مَا ③	كَذَبَ	الْفُؤَادُ ④	مَا ③
جو	اس نے وحی کی	نہیں	جھوٹ بولا	(رسول کے) دل نے	جو

رَاٰى (11)	اَفَتُمٰرُوْنَهٗ ⑤	عَلٰى	مَا ③	يَرٰى (12)
اس نے دیکھا	پھر (بھلا) کیا تم سب جھگڑتے ہو اس سے	(اُس) پر	جو	وہ دیکھتا ہے

وَ	لَقَدْ	رَاٰهُ	نَزْلَةً ⑥	اُخْرٰى ⑥ لا (13)
اور	بلاشبہ یقیناً	اس (رسول) نے دیکھا اس (جبریل) کو	ایک بار	اور

عِنْدَ سِدْرَةِ الْمُنْتَهٰى ⑥ (14)	عِنْدَهَا	جَنَّةُ الْمَاْوٰى ⑥ ط (15)
سدرۃ المنتہیٰ کے پاس	اس کے پاس	(ہمیشہ) رہنے کی جنت ہے

اِذْ	يَغْشَى ⑦	السِّدْرَةَ ④⑥	مَا ③	يَغْشٰى ⑦ لا (16)
جب	وہ ڈھانپ رہا تھا	(اس) بیری کو	جو (کچھ)	وہ ڈھانپ رہا تھا

مَا ③	زَاغَ	الْبَصَرُ ④	وَ	مَا ③	طَغٰى (17)
نہ	مائل ہوئی (دوسری طرف)	(اسکی) نگاہ	اور	نہ	وہ حد سے بڑھی

ضروری وضاحت

①اسم کے شروع میں أ میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔②لفظ کے شروع میں فَ کا ترجمہ پس، تو، پھر اور کبھی سو ہوتا ہے۔③ مَا کا ترجمہ کبھی جو، جس اور کبھی کیا، کس اور کبھی نہیں کیا جاتا ہے۔④فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں پیش ہو وہ اس فعل کا فاعل اور اگر زبر ہو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔⑤ أ کے بعد اگر وَ یا فَ ہو تو اس میں بھلا کیا کا مفہوم ہوتا ہے۔⑥ ۃ اور ـی واحد مؤنث کی علامتیں ہیں الگ ترجمہ ممکن نہیں۔⑦ ڈھانپنے سے مراد سونے کے پروانے اُس پر منڈلا رہے تھے۔

لَقَدْ رَاٰی	بلا شبہ یقیناً اس نے دیکھیں
مِنْ اٰیٰتِ رَبِّهِ الْكُبْرٰی ﴿18﴾	اپنے رب کی بعض بڑی نشانیاں ۔﴿18﴾
اَفَرَءَيْتُمُ اللّٰتَ وَالْعُزّٰی ﴿19﴾	پھر (بھلا) کیا تم نے دیکھا (یعنی غور کیا) لات اور عزّیٰ کو ﴿19﴾
وَمَنٰوةَ الثَّالِثَةَ الْاُخْرٰی ﴿20﴾	اور تیسرے ایک اور منات کو (کیا یہ معبود ہو سکتے ہیں)۔﴿20﴾
اَلَكُمُ الذَّكَرُ	کیا تمہارے لیے لڑکے ہیں
وَلَهُ الْاُنْثٰی ﴿21﴾	اور اس کے لیے لڑکیاں؟ ۔﴿21﴾
تِلْكَ اِذًا قِسْمَةٌ ضِيْزٰی ﴿22﴾	یہ تو تب بہت بے انصافی کی تقسیم ہے۔﴿22﴾
اِنْ هِيَ اِلَّاۤ اَسْمَآءٌ	یہ (بت) سوائے چند ناموں کے کچھ نہیں ہیں
سَمَّيْتُمُوْهَاۤ اَنْتُمْ وَاٰبَآؤُكُمْ	(کہ) تم نے انہیں رکھا ہے اور تمہارے آباؤاجداد نے
مَّاۤ اَنْزَلَ اللّٰهُ بِهَا مِنْ سُلْطٰنٍ ؕ	اللہ نے ان کی کوئی دلیل نازل نہیں فرمائی
اِنْ يَّتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ	نہیں وہ پیچھے چلتے مگر گمان کے
وَمَا تَهْوَى الْاَنْفُسُ ۚ	اور (اس کے) جو (اُن کے) دل چاہتے ہیں

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

رَاٰی	رؤیت ہلال، مرئی وغیر مرئی اشیاء۔	اَسْمَآءٌ	اسم، اسم گرامی، اسم بامسمّٰی، اسمائے حسنیٰ۔
الْكُبْرٰی	کبیر، اکبر، تکبر، متکبر۔	اٰبَآؤُكُمْ	آباؤاجداد، آبائی علاقہ۔
الثَّالِثَةَ	مثلث، تثلیث، ثالث، ثالثی۔	اَنْزَلَ	نازل، نزول، انزال، منزل من اللہ۔
الْاُخْرٰی	اُخروی زندگی، اول وآخر، آخری۔	يَّتَّبِعُوْنَ	اتباع، تابع، متبع سنت۔
الذَّكَرُ	مؤنث ومذکر، تذکیر وتانیث۔	الظَّنَّ	ظن، بدظن، ظن غالب، حسنِ ظن۔
الْاُنْثٰی	مؤنث ومذکر، تذکیر وتانیث۔	مَا	ماحول، ماتحت، ماجرا، مافوق الفطرت۔
قِسْمَةٌ	قسمت، قسم، اقسام، تقسیم، منقسم۔	تَهْوَى	ہوائے نفس۔
اِلَّاۤ	اِلاماشاءاللہ، اِلاقلیل، اِلا یہ کہ۔	الْاَنْفُسُ	نفس، نفسانفسی، نفوسِ قدسیہ۔

لَقَدْ	رَاٰى	مِنْ اٰيٰتِ رَبِّهِ ①	الْكُبْرٰى ① ﴿18﴾
بلاشبہ یقیناً	اس نے دیکھیں	اپنے رب کی نشانیوں میں سے (بعض)	بڑی

اَفَرَءَيْتُمُ ②	اللّٰتَ	وَ	الْعُزّٰى ① لا ﴿19﴾	وَ
پھر (بھلا) کیا تم نے دیکھا (یعنی غور کیا)	لات	اور	عزّٰی (کو)	اور

مَنٰوةَ الثَّالِثَةَ الْاُخْرٰى ① ﴿20﴾	اَ	لَكُمُ	الذَّكَرُ	وَ
تیسرے ایک اور منات کو	کیا	تمہارے لیے	لڑکے (ہیں)	اور

لَهُ	الْاُنْثٰى ① ﴿21﴾	تِلْكَ ③	اِذًا ④	قِسْمَةٌ ①	ضِيْزٰى ① ﴿22﴾
اس کے لیے	لڑکیاں؟	یہ	اس وقت	تقسیم ہے	بہت بے انصافی کی

اِنْ ⑤	هِيَ	اِلَّآ	اَسْمَآءٌ	سَمَّيْتُمُوْهَآ ⑥	اَنْتُمْ
نہیں (ہیں)	وہ	مگر	چند نام	(کہ) تم نے رکھا ہے اُنہیں	تم

وَ	اٰبَآؤُكُمْ	مَّآ	اَنْزَلَ	اللّٰهُ	بِهَا	مِنْ سُلْطٰنٍ ط ⑦⑧
اور	تمہارے آباؤ اجداد نے	نہیں	نازل فرمائی	اللہ (نے)	ان کی	کوئی دلیل

اِنْ ⑤	يَّتَّبِعُوْنَ	اِلَّا	الظَّنَّ	وَمَا	تَهْوَى ①	الْاَنْفُسُ ج
نہیں	وہ سب پیچھے چلتے	مگر	گمان (کے)	اور جو	چاہتے ہیں	(اُنکے) دل

ضروری وضاحت

①ات، ـٰی، ة اور تہ یہ سب مؤنث کی علامتیں ہیں الگ ترجمہ ممکن نہیں۔② أ کے بعد اگر وَ یا فَ ہوتو اس میں بھلا کیا کا مفہوم ہوتا ہے۔③تِلْكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے، کبھی ضرورتاً ترجمہ یہ بھی کردیا جاتا ہے۔④ اِذًا کا ترجمہ تب یا اس وقت اور اِذَا کا ترجمہ جب ہوتا ہے۔⑤اِنْ کے بعد اگر اسی جملے میں اِلَّا ہوتو اِنْ کا ترجمہ نہیں کیا جاتا ہے۔⑥تُمْ کے بعد کوئی اور علامت لگانی ہوتو درمیان میں وْ کا اضافہ کیا جاتا ہے۔⑦یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔⑧ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے۔

وَلَقَدْ جَآءَهُمْ	حالانکہ بلاشبہ یقیناً آ چکی ان کے پاس
مِّنْ رَّبِّهِمُ الْهُدٰىؕ ﴿23﴾	ہدایت ان کے رب کی طرف سے۔ ﴿23﴾
اَمْ لِلْاِنْسَانِ مَا تَمَنّٰى ﴿24﴾ صلے	کیا انسان کے لیے (میسر ہوتا) ہے جو وہ تمنا کرے؟۔ ﴿24﴾
فَلِلّٰهِ الْاٰخِرَةُ	سو اللہ ہی کے لیے ہے پچھلا جہاں (آخرت)
وَ الْاُوْلٰى ﴿25﴾ ع	اور پہلا جہاں (دنیا)۔ ﴿25﴾
وَ كَمْ مِّنْ مَّلَكٍ فِي السَّمٰوٰتِ	اور کتنے ہی فرشتے ہیں آسمانوں میں
لَا تُغْنِيْ شَفَاعَتُهُمْ شَيْـًٔا	(کہ) ان کی سفارش کچھ بھی کام نہیں آتی
اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ اَنْ يَّاْذَنَ اللّٰهُ	مگر اس کے بعد کہ اللہ اجازت دے
لِمَنْ يَّشَآءُ وَ يَرْضٰى ﴿26﴾	جس کے لیے وہ چاہے اور وہ پسند کرے۔ ﴿26﴾
اِنَّ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ	بے شک وہ (لوگ) جو آخرت پر ایمان نہیں رکھتے
لَيُسَمُّوْنَ الْمَلٰٓىِٕكَةَ	یقیناً وہ موسوم کرتے ہیں فرشتوں کو
تَسْمِيَةَ الْاُنْثٰى ﴿27﴾	عورتوں کے نام سے۔ ﴿27﴾

ع 1 25 5

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

الْهُدٰى	ہدایت، ہادیٔ برحق، ہادیٔ کائنات۔	شَيْـًٔا	شے، اشیاء، اشیائے خورد ونوش۔
لِلْاِنْسَانِ	جِنّ واِنس، انسان، انسانیت۔	يَّاْذَنَ	اذن عام، باذن اللہ۔
تَمَنّٰى	تمنا، متمنّیٔ شرکت۔	يَّشَآءُ	ماشاءاللہ، ان شاءاللہ، مشیت الٰہی۔
الْاٰخِرَةُ	اُخروی زندگی، اوّل وآخر۔	يَرْضٰى	راضی، رضا، مرضی، رضائے الٰہی۔
الْاُوْلٰى	نفخۂ اُولیٰ، قعدہ اُولیٰ، قرونِ اُولیٰ۔	يُؤْمِنُوْنَ	امن، ایمان، مومن۔
مَّلَكٍ	ملک الموت، ملائکہ۔	لَيُسَمُّوْنَ	اسم، اسم گرامی، اسم بامسمّٰی۔
السَّمٰوٰتِ	ارض وسما، کتب سماویہ، سماوی آفات۔	الْمَلٰٓىِٕكَةَ	ملک الموت، ملائکہ۔
شَفَاعَتُهُمْ	شفاعت، شافع محشر، شفاعت کبریٰ۔	الْاُنْثٰى	مؤنث ومذکر، تذکیر وتانیث۔

وَ	لَقَدْ ①	جَآءَهُمْ	مِّنْ رَّبِّهِمُ ②	الْهُدٰى ؕ (23)
اور	بلاشبہ یقیناً	آچکی ان کے پاس	ان کے رب کی طرف سے	ہدایت

اَمْ ③	لِلْاِنْسَانِ	مَا	تَمَنّٰى ۖ ④ (24)	فَلِلّٰهِ
کیا	انسان کے لیے (میسر ہوتا ہے)	جو	وہ تمنا کرے؟	سو اللہ ہی کے لیے (ہے)

ع 1 25 5

الْاٰخِرَةُ	وَ	الْاُوْلٰى ۧ (25)	وَ	كَمْ	مِّنْ مَّلَكٍ ⑤
آخرت	اور	پہلا جہاں (دنیا)	اور	کتنے ہی	فرشتے (ہیں)

فِي السَّمٰوٰتِ	لَا	تُغْنِيْ ⑥	شَفَاعَتُهُمْ ②	شَيْـًٔا
آسمانوں میں	(کہ) نہیں	کام آتی	ان کی سفارش	کچھ بھی

اِلَّا	مِنْ بَعْدِ ⑤	اَنْ	يَّاْذَنَ	اللّٰهُ ⑦	لِمَنْ	يَّشَآءُ
مگر	اس کے بعد	کہ	وہ اجازت دے	اللہ	جس کے لیے	وہ چاہے

وَ	يَرْضٰى (26)	اِنَّ	الَّذِيْنَ	لَا يُؤْمِنُوْنَ ⑧
اور	وہ پسند کرے	بے شک	(وہ لوگ) جو	وہ سب ایمان نہیں رکھتے

بِالْاٰخِرَةِ	لَيُسَمُّوْنَ ①	الْمَلٰٓئِكَةَ ⑦	تَسْمِيَةَ الْاُنْثٰى (27)
آخرت پر	یقیناً وہ سب موسوم کرتے ہیں	فرشتوں (کو)	عورتوں کے نام سے

ضروری وضاحت

① لَ اور قَدْ دونوں تاکید کی علامتیں ہیں۔② هُمْ یا هِمْ اگر اسم کے آخر میں ہوں تو ترجمہ انکا یا اپنا کیا جاتا ہے۔③ اَمْ کا ترجمہ کبھی کیا کبھی یا کیا جاتا ہے۔④ تَ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔⑤ یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔⑥ تَ فعل کے شروع میں واحد مؤنث کی علامت ہے، اسکا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔⑦ فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں پیش ہو وہ اس فعل کا فاعل اور اگر زبر ہو وہ اسکا مفعول ہوتا ہے۔⑧ لَا کے بعد فعل کے آخر میں پیش ہو تو اس میں کام نہ کرنے کی خبر ہوتی ہے۔

وَمَا لَهُمْ بِهٖ مِنْ عِلْمٍ ؕ	حالانکہ اُن کو اس کا کچھ علم نہیں
اِنْ يَّتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ ۚ وَاِنَّ الظَّنَّ	نہیں وہ پیروی کرتے مگر گمان کی اور بلا شبہ گمان
لَا يُغْنِيْ مِنَ الْحَقِّ شَيْئًا ۚ﴿28﴾	حق کے مقابلے میں کچھ بھی فائدہ نہیں دیتا۔﴿28﴾
فَاَعْرِضْ عَنْ مَّنْ تَوَلّٰی ۙ	سو آپ اعراض کریں اُس سے جو روگردانی کرے
عَنْ ذِكْرِنَا وَلَمْ يُرِدْ	ہمارے ذکر سے اور اس نے نہیں ارادہ کیا
اِلَّا الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ؕ﴿29﴾	مگر دنیوی زندگی کا۔﴿29﴾
ذٰلِكَ مَبْلَغُهُمْ مِّنَ الْعِلْمِ ؕ	یہ ان کی انتہا ہے علم میں
اِنَّ رَبَّكَ هُوَ اَعْلَمُ	بے شک آپ کا رب وہی خوب جاننے والا ہے
بِمَنْ ضَلَّ عَنْ سَبِيْلِهٖ ۙ	اس کو جو اس کے راستے سے بھٹک گیا
وَهُوَ اَعْلَمُ	اور وہی خوب جاننے والا ہے
بِمَنِ اهْتَدٰی ﴿30﴾	اس کو جس نے ہدایت پائی۔﴿30﴾
وَلِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ	اور اللہ ہی کا ہے جو کچھ آسمانوں میں

الربع

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

عِلْمٍ	: علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات، علّامہ۔	يُرِدْ	: ارادہ، مرید، مراد۔
يَتَّبِعُوْنَ	: اتباع، تابع، تتبع سنت۔	الْحَيٰوةَ	: حیات، احیائے سنت، حیات جاوداں۔
اِلَّا	: اِلا ماشاءاللہ، اِلاقلیل، اِلا یہ کہ۔	الدُّنْيَا	: دنیا وآخرت، دین ودنیا، دنیاداری۔
الظَّنَّ	: ظن، بدظن، ظن غالب، حسنِ ظن۔	مَبْلَغُهُمْ	: بالغ، بلوغ، بلوغت، مبلغ علم۔
الْحَقِّ	: حق، حقیقت، استحقاق۔	ضَلَّ	: ضلالت وگمراہی۔
شَيْئًا	: شے، اشیاء، اشیائے خوردونوش۔	سَبِيْلِهٖ	: فی سبیل اللہ، اللہ کوئی سبیل نکالے گا۔
فَاَعْرِضْ	: اعراض کرنا۔	اهْتَدٰی	: ہدایت، ہادیٔ برحق، ہادیٔ کائنات۔
ذِكْرِنَا	: ذکر، اذکار، تذکیر۔	السَّمٰوٰتِ	: ارض وسما، کتب سماویہ، آفات سماویہ۔

وَ①	مَا	لَهُمْ	بِهٖ	مِنْ عِلْمٍ ؕ②③	اِنْ④	يَّتَّبِعُوْنَ
حالانکہ	نہیں	اُن کو	اس کا	کچھ علم	نہیں	وہ سب پیروی کرتے

اِلَّا	الظَّنَّ ج	وَ اِنَّ	الظَّنَّ	لَا يُغْنِيْ	مِنَ الْحَقِّ
مگر	گمان (کی)	اور بلاشبہ	گمان	نہیں وہ فائدہ دیتا	حق سے (یعنی حق کے مقابلے میں)

شَيْـًٔا ج (28)	فَاَعْرِضْ	عَنْ	مَّنْ	تَوَلّٰى ۙ⑤	عَنْ ذِكْرِنَا
کچھ بھی	سو آپ اعراض کریں	(اس) سے	جو	روگردانی کرے	ہمارے ذکر سے

وَ	لَمْ	يُرِدْ⑥	اِلَّا	الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ؕ (29)
اور	نہیں	اس نے ارادہ کیا	مگر	دنیوی زندگی کا

ذٰلِكَ⑦	مَبْلَغُهُمْ	مِّنَ الْعِلْمِ ؕ	اِنَّ	رَبَّكَ	هُوَ	اَعْلَمُ⑧
یہ	انکی انتہا (ہے)	علم سے	بیشک	آپکا رب	وہ	خوب جاننے والا (ہے)

بِمَنْ	ضَلَّ	عَنْ سَبِيْلِهٖ ۙ	وَ هُوَ	اَعْلَمُ⑧
(اس) کو جو	بھٹک گیا	اس کے راستے سے	اور وہ	خوب جاننے والا (ہے)

بِمَنِ	اهْتَدٰى (30)	وَ	لِلّٰهِ	مَا	فِي السَّمٰوٰتِ
(اس) کو جس نے	ہدایت پائی	اور	اللہ ہی کا (ہے)	جو (کچھ)	آسمانوں میں

الربع

ضروری وضاحت

① وَ کا ترجمہ عموماً اور کبھی حالانکہ اور کبھی قسم ہے کیا جاتا ہے۔② یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔③ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔④ اِنْ کے بعد اگر اسی جملے میں اِلَّا ہو تو اس اِنْ کا ترجمہ نہیں کیا جاتا ہے۔⑤ علامت تہ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔⑥ لَمْ کے بعد علامت یہ کا ترجمہ عموماً اُس نے کیا جاتا ہے۔⑦ ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے، عموماً ضرورتاً یہ بھی کردیا جاتا ہے۔⑧ اسم کے شروع میں أ میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔

وَمَا فِي الْاَرْضِ ۙ	اور جو کچھ زمین میں ہے
لِيَجْزِيَ الَّذِيْنَ اَسَآءُوْا	تاکہ وہ بدلہ دے (ان لوگوں کو) جنہوں نے برائی کی
بِمَا عَمِلُوْا	اس کا جو انہوں نے عمل کیا
وَيَجْزِيَ الَّذِيْنَ	اور وہ بدلہ دے (ان لوگوں کو) جنہوں نے
اَحْسَنُوْا بِالْحُسْنٰى ۚ﴿31﴾	بھلائی کی بھلائی کے ساتھ۔﴿31﴾
اَلَّذِيْنَ يَجْتَنِبُوْنَ كَبٰٓئِرَ الْاِثْمِ	(وہ لوگ) جو بچتے ہیں کبیرہ گناہوں سے
وَالْفَوَاحِشَ اِلَّا اللَّمَمَ ۭ	اور بے حیائیوں سے سوائے صغیرہ گناہوں کے
اِنَّ رَبَّكَ وَاسِعُ الْمَغْفِرَةِ ۭ	بے شک آپ کا رب وسیع بخشش والا ہے
هُوَ اَعْلَمُ بِكُمْ	وہ خوب جاننے والا ہے تم کو
اِذْ اَنْشَاَكُمْ مِّنَ الْاَرْضِ	جب اس نے تمہیں پیدا کیا زمین سے
وَاِذْ اَنْتُمْ اَجِنَّةٌ فِيْ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ ۚ	اور جب تم بچے تھے اپنی ماؤں کے پیٹوں میں
فَلَا تُزَكُّوْٓا اَنْفُسَكُمْ ۭ	سو تم اپنے نفسوں کی پاکیزگی کا دعویٰ مت کرو

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

الْاَرْضِ	: ارض وسما، قطعۂ اراضی، ارض مقدس۔	وَاسِعُ	: وسعت، توسیع، وسیع وعریض۔
لِيَجْزِيَ	: جزاء وسزا، جزاک اللہ خیراً، جزائے خیر۔	الْمَغْفِرَةِ	: مغفرت، استغفار، استغفر اللہ۔
اَسَآءُوْا	: علمائے سوء، اعمال سیئہ، ظن سوء۔	اَعْلَمُ	: علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات، علّامہ۔
عَمِلُوْا	: عمل، اعمال صالحہ، معمول۔	اَنْشَاَكُمْ	: انشاء، انشاء پردازی، نشوونما۔
اَحْسَنُوْا	: احسن جزاء، حسن، احسان، محسن۔	بُطُوْنِ	: بطنِ مادر۔
يَجْتَنِبُوْنَ	: اجتناب۔	اُمَّهٰتِكُمْ	: امہات المومنین۔
كَبٰٓئِرَ	: کبیر، اکبر، کبار علمائے کرام۔	تُزَكُّوْٓا	: تزکیہ نفس، زکوٰۃ۔
الْفَوَاحِشَ	: فحش گوئی، فحاشی، فواحش، فاحشہ۔	اَنْفُسَكُمْ	: نفس، نفسانفسی، نفوسِ قدسیہ۔

وَمَا	فِي الْاَرْضِ ۙ	لِيَجْزِيَ ①	الَّذِيْنَ ②	اَسَاءُوْا
اور جو (کچھ)	زمین میں (ہے)	تاکہ وہ بدلہ دے	(اُن لوگوں کو) جن	سب نے برائی کی

بِمَا ③	عَمِلُوْا	وَ	يَجْزِيَ	الَّذِيْنَ ②	اَحْسَنُوْا
(اُس) کا جو	ان سب نے عمل کیا	اور	وہ بدلہ دے	(اُن لوگوں کو) جن	سب نے بھلائی کی

بِالْحُسْنٰى ③④ ج 31	اَلَّذِيْنَ ②	يَجْتَنِبُوْنَ	كَبٰٓئِرَ الْاِثْمِ
بھلائی کے ساتھ	(وہ لوگ) جو	وہ سب بچتے ہیں	کبیرہ گناہوں (سے)

وَ	الْفَوَاحِشَ	اِلَّا	اللَّمَمَ ⑤ ط	اِنَّ	رَبَّكَ
اور	بے حیائیوں (سے)	سوائے	صغیرہ گناہوں کے	بے شک	آپ کا رب

وَاسِعُ الْمَغْفِرَةِ ④ ط	هُوَ	اَعْلَمُ ⑥	بِكُمْ ③	اِذْ
وسیع بخشش والا (ہے)	وہ	خوب جاننے والا (ہے)	تم کو	جب

اَنْشَاَكُمْ	مِّنَ الْاَرْضِ	وَاِذْ	اَنْتُمْ	اَجِنَّةٌ
اس نے پیدا کیا تمہیں	زمین سے	اور جب	تم	بچے (تھے)

فِيْ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ ج	فَلَا تُزَكُّوْٓا ⑦	اَنْفُسَكُمْ ط
اپنی ماؤں کے پیٹوں میں	سو مت تم سب پاکیزگی کا دعویٰ کرو	اپنے نفسوں کی

ضروری وضاحت

① فعل کے شروع میں لِ اور آخر میں زبر ہو تو اُس کا ترجمہ تاکہ کیا جاتا ہے۔② اَلَّذِيْنَ جمع مذکر کی علامت ہے ترجمہ جو، جن، جنہوں نے وغیرہ کیا جاتا ہے۔③ بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی پر، کا، کو کیا جاتا ہے۔④ ی اور ۃ مؤنث کی علامتیں ہیں الگ ترجمہ ممکن نہیں۔⑤ لَمَمْ کا اصل ترجمہ کم یا چھوٹا ہونا ہے ایسا گناہ جو ایک آدھ مرتبہ کیا جائے یعنی اس پر دوام اور ہمیشگی نہ ہو۔⑥ یہاں اَ میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔⑦ لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْا ہو تو کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔

ع 2/7/6

هُوَ اَعْلَمُ	وہ خوب جاننے والا ہے
بِمَنِ اتَّقٰى ﴿32﴾ ع	اس کو جس نے پرہیز گاری اختیار کی۔ ﴿32﴾
اَفَرَءَيْتَ	پھر (بھلا) کیا آپ نے دیکھا
الَّذِيْ تَوَلّٰى ﴿33﴾ لا	(اُسے) جس نے منہ موڑ لیا۔ ﴿33﴾
وَاَعْطٰى قَلِيْلًا وَّاَكْدٰى ﴿34﴾	اور اس نے دیا تھوڑا سا اور (پھر) ہاتھ روک لیا۔ ﴿34﴾
اَعِنْدَهٗ عِلْمُ الْغَيْبِ	کیا اس کے پاس غیب کا علم ہے
فَهُوَ يَرٰى ﴿35﴾	پس وہ (سب کچھ) دیکھ رہا ہے۔ ﴿35﴾
اَمْ لَمْ يُنَبَّاْ بِمَا	یا اسے خبر نہیں دی گئی اس کی جو
فِيْ صُحُفِ مُوْسٰى ﴿36﴾ لا	موسیٰ کے صحیفوں میں ہے۔ ﴿36﴾
وَاِبْرٰهِيْمَ الَّذِيْ وَفّٰٓى ﴿37﴾ لا	اور ابراہیم کے (صحیفوں میں) جس نے (اپنا عہد) پورا کیا۔ ﴿37﴾
اَلَّا تَزِرُ وَازِرَةٌ	یہ کہ نہیں بوجھ اُٹھائے گی کوئی بوجھ اُٹھانے والی (جان)
وِّزْرَ اُخْرٰى ﴿38﴾ لا	کسی دوسری کا بوجھ۔ ﴿38﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَعْلَمُ	: علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات، علّامہ۔	الْغَيْبِ	: حاضر و غائب، علم غیب، غیبی اشیاء۔
اتَّقٰى	: تقویٰ، متقی۔	يُنَبَّاْ	: نبی، انبیاء۔
فَرَءَيْتَ	: رؤیت ہلال، مرئی و غیر مرئی اشیا۔	بِمَا	: ماحول، ماتحت، ماجرا، ماورائے عدالت۔
وَ	: لیل و نہار، رحم و کرم، شان و شوکت۔	فِيْ	: فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔
اَعْطٰى	: عطیہ، عطا، عطیات۔	صُحُفِ	: صحیفہ، صحائف، مصحف۔
قَلِيْلًا	: قلیل، قلت، قلیل مدت، الاقلیل۔	وَفّٰٓى	: وفا، ایفائے عہد، وفادار۔
عِنْدَهٗ	: عندالطلب، عنداللہ ماجور ہوں، عندیہ۔	اَلَّا	: لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔
عِلْمُ	: علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات، علّامہ۔	اُخْرٰى	: اُخروی زندگی۔

ع 2/7/6

هُوَ	اَعْلَمُ ①	بِمَنِ	اتَّقٰى ۝32 ع
وہ	خوب جاننے والا (ہے)	(اُس) کو جس نے	پرہیزگاری اختیار کی

اَفَرَءَيْتَ ②	الَّذِيْ	تَوَلّٰى ۝33 ③ لا	وَ
پھر (بھلا) کیا آپ نے دیکھا (اُسے)	جس نے	منہ موڑ لیا	اور

اَعْطٰى	قَلِيْلًا	وَّ	اَكْدٰى ۝34	اَ
اس نے دیا	تھوڑا سا	اور	(پھر) ہاتھ روک لیا	کیا

عِنْدَهٗ	عِلْمُ الْغَيْبِ	فَهُوَ	يَرٰى ۝35
اس کے پاس	غیب کا علم (ہے)	پس وہ	وہ (سب کچھ) دیکھ رہا ہے

اَمْ ④	لَمْ يُنَبَّاْ ⑤	بِمَا	فِيْ صُحُفِ مُوْسٰى ۝36 لا
یا	وہ خبر نہیں دیا گیا	(اُس) کی جو	موسیٰ کے صحیفوں میں (ہے)

وَ	اِبْرٰهِيْمَ	الَّذِيْ	وَفّٰٓى ۝37 لا	اَلَّا ⑥
اور	ابراہیم کے (صحیفوں میں)	جس نے	(اپنا عہد) پورا کیا	یہ کہ نہیں

تَزِرُ ⑦	وَازِرَةٌ ⑦⑧	وِّزْرَ	اُخْرٰى ۝38 ⑦ لا
بوجھ اُٹھائے گی	کوئی بوجھ اُٹھانے والی (جان)	بوجھ	کسی دوسری کا

ضروری وضاحت

① اسم کے شروع میں أ میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔ ② أ کے بعد اگر وَ یا فَ ہو تو اس میں بھلا کیا کا مفہوم ہوتا ہے۔
③ علامت تَ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔ ④ اَمْ کا ترجمہ کبھی کیا کبھی یا کیا جاتا ہے۔ ⑤ علامت لَمْ کے
بعد فعل کا ترجمہ گزرے ہوئے زمانے میں کیا جاتا ہے۔ ⑥ اَلَّا دراصل اَنْ + لَا کا مجموعہ ہے۔ ⑦ تَ، ةِ، ـٰ ی یہ سب مؤنث
کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ⑧ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اس لیے ترجمہ کوئی کیا گیا ہے۔

وَ اَنْ لَّيْسَ لِلْاِنْسَانِ	اور یہ کہ نہیں ہے انسان کے لیے
اِلَّا مَا سَعٰى ﴿39﴾	مگر جو وہ کوشش کرے۔ ﴿39﴾
وَ اَنَّ سَعْيَهٗ	اور یہ کہ بے شک اس کی کوشش
سَوْفَ يُرٰى ﴿40﴾	جلد دیکھی جائے گی۔ ﴿40﴾
ثُمَّ يُجْزٰىهُ الْجَزَآءَ الْاَوْفٰى ﴿41﴾	پھر وہ بدلہ دیا جائے گا اُس کا پورا پورا بدلہ۔ ﴿41﴾
وَ اَنَّ اِلٰى رَبِّكَ	اور یہ کہ بے شک آپ کے رب ہی کی طرف
الْمُنْتَهٰى ﴿42﴾ وَ اَنَّهٗ هُوَ	انتہا (آخر پہنچنا) ہے۔ ﴿42﴾ اور بیشک وہی
اَضْحَكَ وَ اَبْكٰى ﴿43﴾	(جسے چاہتا ہے) ہنساتا ہے اور (جسے چاہتا ہے) رُلاتا ہے۔ ﴿43﴾
وَ اَنَّهٗ هُوَ اَمَاتَ وَ اَحْيَا ﴿44﴾	اور یہ کہ بیشک وہی موت دیتا ہے اور زندگی دیتا ہے۔ ﴿44﴾
وَ اَنَّهٗ خَلَقَ الزَّوْجَيْنِ	اور یہ کہ بے شک اسی نے دو قسمیں پیدا کیں
الذَّكَرَ وَ الْاُنْثٰى ﴿45﴾ مِنْ نُّطْفَةٍ	نر اور مادہ۔ ﴿45﴾ ایک نطفے (قطرے) سے
اِذَا تُمْنٰى ﴿46﴾	جب وہ (رحم میں) ٹپکایا جاتا ہے۔ ﴿46﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اِلَّا : اِلا ماشاءاللہ، اِلاقلیل، اِلا یہ کہ۔	اَبْكٰى : آہ و بکا۔
سَعٰى : سعی کرنا، سعی لاحاصل، مساعی جمیلہ۔	اَمَاتَ : موت، اموات، میت۔
يُرٰى : رؤیت ہلال، مرئی وغیر مرئی اشیاء۔	اَحْيَا : موت وحیات، حیاتی و مماتی۔
يُجْزٰىهُ : جزاء وسزا، جزاک اللہ خیراً، جزائے خیر۔	خَلَقَ : خلق، تخلیق، خالق، مخلوق، خلقت۔
الْاَوْفٰى : وفا، ایفائے عہد، وفادار۔	الزَّوْجَيْنِ : زوجہ، زوجیت، ازدواجی زندگی۔
اِلٰى : مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔	الذَّكَرَ : مذکر و مؤنث، تذکیر و تانیث۔
الْمُنْتَهٰى : انتہا، منتہی۔	الْاُنْثٰى : مؤنث و مذکر، تذکیر و تانیث۔
اَضْحَكَ : مضحکہ خیز، تضحیک۔	نُّطْفَةٍ : نطفہ۔

وَ	اَنْ	لَّيْسَ	لِلْاِنْسَانِ	اِلَّا	مَا
اور	یہ کہ	نہیں (ہے)	انسان کے لیے	مگر	جو

سَعٰی ﴿39﴾ لا	وَ	اَنَّ	سَعْيَهٗ ①	سَوْفَ
وہ کوشش کرے	اور	(یہ کہ) بے شک	اس کی کوشش	جلد

يُرٰی ② ﴿40﴾ ص	ثُمَّ	يُجْزٰىهُ ②	الْجَزَآءَ	الْاَوْفٰی ﴿41﴾ لا
وہ دیکھی جائے گی	پھر	وہ بدلہ دیا جائے گا اُس کا	بدلہ	پورا پورا

وَ	اَنَّ	اِلٰی رَبِّكَ	الْمُنْتَهٰی ﴿42﴾ لا	وَ	اَنَّهٗ هُوَ ③
اور	یہ کہ بے شک	آپ کے رب ہی کی طرف	انتہا (آخر پہنچنا ہے)	اور	بیشک وہی

اَضْحَكَ ④	وَ	اَبْكٰی ④ ﴿43﴾ لا	وَ	اَنَّهٗ هُوَ ③	اَمَاتَ ④
ہنساتا ہے	اور	وہ رُلاتا ہے	اور	(یہ کہ) بیشک وہی	موت دیتا ہے

وَ	اَحْيَا ④ ﴿44﴾ لا	وَ	اَنَّهٗ	خَلَقَ	الزَّوْجَيْنِ ⑤
اور	وہ زندگی دیتا ہے	اور	(یہ کہ) بے شک اسی نے	پیدا کیں	دو قسمیں

الذَّكَرَ	وَ	الْاُنْثٰی ⑥ ﴿45﴾ لا	مِنْ نُّطْفَةٍ ⑥⑦	اِذَا	تُمْنٰی ②⑥ ﴿46﴾ ص
نر	اور	مادہ	ایک نطفے (قطرے) سے	جب	وہ (رحم میں) ٹپکایا جاتا ہے

ضروری وضاحت

① ہٗ اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ اسکا یا اپنا کیا جاتا ہے۔② يُ یا تُ پر پیش آخر سے پہلے زبر یا کھڑی زبر ہو تو ترجمہ کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا ہوتا ہے۔③ یہاں ہٗ اور هُوَ دونوں کا ملا کر ترجمہ وہی کیا گیا ہے۔④ یہ گزرے ہوئے زمانے کا فعل ہے یہاں ضرورتاً ترجمہ حال میں کیا گیا ہے۔⑤ علامت يْنِ میں کسی چیز کے تعداد میں دو ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔⑥ علامت ـٰی، ة اور ت مؤنث یہ سب کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔⑦ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔

وَاَنَّ عَلَيْهِ	اور یہ کہ بے شک اُسی پر (لازم) ہے
النَّشْاَةَ الْاُخْرٰى ﴿47﴾	(پیدا کر کے) دوبارہ اُٹھانا۔ ﴿47﴾
وَ اَنَّهٗ هُوَ	اور یہ کہ بے شک وہی (ہے جس نے)
اَغْنٰى وَ اَقْنٰى ﴿48﴾	دولت مند بنایا ہے اور خزانہ بخشا۔ ﴿48﴾
وَاَنَّهٗ هُوَ رَبُّ الشِّعْرٰى ﴿49﴾	اور یہ کہ بیشک وہی شعریٰ (ستارے) کا رب ہے۔ ﴿49﴾
وَاَنَّهٗۤ اَهْلَكَ عَادَا الْاُوْلٰى ﴿50﴾	اور یہ کہ بیشک اُسی نے پہلی (قوم) عاد کو ہلاک کیا۔ ﴿50﴾
وَثَمُوْدَاْ فَمَاۤ اَبْقٰى ﴿51﴾	اور ثمود کو (بھی) پس (کسی کو) باقی نہ چھوڑا۔ ﴿51﴾
وَقَوْمَ نُوْحٍ مِّنْ قَبْلُ	اور اس سے پہلے قوم نوح کو (بھی)
اِنَّهُمْ كَانُوْا هُمْ اَظْلَمَ	بے شک وہ لوگ ہی بڑے ظالم تھے
وَاَطْغٰى ﴿52﴾	اور بڑے سرکش (تھے)۔ ﴿52﴾
وَالْمُؤْتَفِكَةَ اَهْوٰى ﴿53﴾	اور اُلٹ جانے والی بستی کو (زمین پر) گرا مارا۔ ﴿53﴾
فَغَشّٰىهَا	پھر ڈھانپا اُسے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

وَ	: لیل ونہار، رحم وکرم، شان وشوکت۔	اَبْقٰى	: باقی، بقایا، بقیہ۔
عَلَيْهِ	: علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	قَوْمَ	: قوم، اقوام، قومیت، من حیث القوم۔
النَّشْاَةَ	: نشوونما۔	نُوْحٍ	: سیدنا نوح علیہ السلام، قوم نوح، سفینۂ نوح۔
الْاُخْرٰى	: اُخروی زندگی۔	مِّنْ	: منجانب، من وعن، من حیث القوم۔
رَبُّ	: ربّ، ربِّ کائنات، توحید ربوبیت، مربی۔	قَبْلُ	: قبل از وقت، قبل الکلام، قبل از غذا۔
اَهْلَكَ	: ہلاک، ہلاکت، مہلک بیماریاں۔	اَظْلَمَ	: ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔
عَادَا	: قوم عاد۔	اَطْغٰى	: طاغوت، طغیانی، طاغوتی نظام۔
الْاُوْلٰى	: نفخۂ اُولیٰ، قعدہ اُولیٰ، قرون اُولیٰ۔	فَغَشّٰىهَا	: غشی طاری ہونا (یعنی حواس پر پردہ آنا)۔

وَ	اَنَّ	عَلَيْهِ	النَّشْاَةَ الْاُخْرٰى ① لا (47)
اور	(یہ کہ) بے شک	اُسی پر (لازم ہے)	دوبارہ اُٹھانا

وَ	اَنَّهٗ هُوَ ②	اَغْنٰى	وَ	اَقْنٰى لا (48)
اور	(یہ کہ) بے شک وہی	دولت مند بنایا	اور	اُس نے خزانہ بخشا

وَ	اَنَّهٗ هُوَ ②	رَبُّ الشِّعْرٰى ③ لا (49)	وَ	اَنَّهٗ
اور	یہ کہ بیشک وہی	شعریٰ (ستارے) کا رب (ہے)	اور	(یہ کہ) بیشک وہ (ہے)

اَهْلَكَ	عَادَا الْاُوْلٰى ① لا (50)	وَ	ثَمُوْدَا ④
(جس نے) ہلاک کیا	پہلی (قوم) عاد کو	اور	ثمود کو (بھی)

فَمَآ	اَبْقٰى لا (51)	وَ	قَوْمَ نُوْحٍ	مِّنْ قَبْلُ ط
پس نہ	اس نے باقی چھوڑا	اور	قوم نوح کو (بھی)	(اس) سے پہلے

اِنَّهُمْ	كَانُوْا	هُمْ ⑤	اَظْلَمَ ⑥	وَ	اَطْغٰى ⑥ ط (52)
بے شک وہ (لوگ)	سب تھے	وہ سب	بڑے ظالم	اور	بڑے سرکش

وَ	الْمُؤْتَفِكَةَ ①	اَهْوٰى لا (53)	فَغَشّٰىهَا ⑦
اور	اُلٹ جانے والی بستی کو	(زمین پر) گرا مارا	پھر ڈھانپا اُسے

ضروری وضاحت

①علامت ۃ اور ـی ی واحد مؤنث کی علامتیں ہیں الگ ترجمہ ممکن نہیں۔②علامت ہٗ اور هُوَ دونوں کا ملا کر ترجمہ وہی کیا گیا ہے۔③اللہ تو ہر چیز کا رب ہے اس ستارے کا نام اس لیے لیا گیا ہے کہ بعض عرب قبائل اس ستارے کی پوجا کرتے تھے۔④جس الف پر دائرہ ہو وہ الف پڑھنے میں نہیں آتا۔⑤ هُمْ اگر الگ استعمال ہو تو اس کا ترجمہ وہ سب ہوتا ہے۔⑥یہاں أ میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔⑦لفظ کے شروع میں فَ کا ترجمہ پس، تو اور پھر کبھی سو ہوتا ہے۔

مَا غَشّٰى ؕ ﴿54﴾	جس نے ڈھانپا (یعنی تباہی و بربادی نے)۔ ﴿54﴾
فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكَ	پس اپنے رب کی نعمتوں (میں سے) کس پر
تَتَمَارٰی ﴿55﴾	تو شک کرے گا۔ ﴿55﴾
هٰذَا نَذِيْرٌ	یہ (رسول) ایک ڈرانے والا ہے
مِّنَ النُّذُرِ الْاُوْلٰى ﴿56﴾	پہلے ڈرانے والوں میں سے۔ ﴿56﴾
اَزِفَتِ الْاٰزِفَةُ ۚ ﴿57﴾	قریب آ گئی قریب آنے والی (یعنی قیامت)۔ ﴿57﴾
لَيْسَ لَهَا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ كَاشِفَةٌ ؕ ﴿58﴾	نہیں ہے اس کو اللہ کے سوا کوئی ظاہر کرنے والا۔ ﴿58﴾
اَفَمِنْ هٰذَا الْحَدِيْثِ تَعْجَبُوْنَ ۙ ﴿59﴾	پھر (بھلا) کیا اس بات سے تم تعجب کرتے ہو۔ ﴿59﴾
وَتَضْحَكُوْنَ وَلَا تَبْكُوْنَ ۙ ﴿60﴾	اور تم ہنستے ہو اور تم روتے نہیں ہو۔ ﴿60﴾
وَاَنْتُمْ سٰمِدُوْنَ ﴿61﴾	اور تم غفلت میں پڑے ہوئے ہو۔ ﴿61﴾
فَاسْجُدُوْا لِلّٰهِ	پس (اے مؤمنو!) تم سجدہ کرو اللہ کو
وَاعْبُدُوْا ۩ ﴿62﴾	اور (اُسی کی) عبادت کرو۔ ﴿62﴾

السجدۃ 12 — ع 30 — 7

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

مَا	: ماحول، ماتحت، ماجرا، ماورائے عدالت۔	الْحَدِيْثِ	: حدیث دل، تحدیثِ نعمت۔
غَشّٰى	: غش، غش آنا، غشی طاری ہونا۔	تَعْجَبُوْنَ	: عجب، عجیب، تعجب، عجائب گھر۔
رَبِّكَ	: ربّ، ربِّ کائنات، توحید ربوبیت، مربی۔	وَ	: لیل و نہار، رحم و کرم، شان و شوکت۔
هٰذَا	: لہٰذا، مسجد ہذا، حاملِ رقعہ ہذا۔	تَضْحَكُوْنَ	: مضحکہ خیز، تضحیک۔
نَذِيْرٌ	: بشارت و انذار، بشیر و نذیر۔	لَا	: لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔
مِّنَ	: منجانب، من و عن، من حیث القوم۔	تَبْكُوْنَ	: آہ و بکا۔
الْاُوْلٰى	: نفخۂ اُولیٰ، قعدہ اُولیٰ، قرونِ اُولیٰ۔	فَاسْجُدُوْا	: سجدہ، مسجود ملائکہ، ساجد۔
كَاشِفَةٌ	: کشف، انکشاف، منکشف۔	اعْبُدُوْا	: عبد، عابد، معبود، عبادت۔

مَا	غَشّٰی ﴿54﴾ ج	فَبِاَيِّ ①②	اٰلَآءِ رَبِّكَ ③
جس نے	ڈھانپا	پس کس پر	اپنے رب کی نعمتوں (میں سے)

تَتَمَارٰی ﴿55﴾	هٰذَا	نَذِيْرٌ ④	مِّنَ النُّذُرِ الْاُوْلٰی ﴿56﴾
تو شک کرے گا	یہ (رسول)	ایک ڈرانے والا (ہے)	پہلے ڈرانے والوں میں سے

اَزِفَتِ ⑤	الْاٰزِفَةُ ﴿57﴾ ج	لَيْسَ	لَهَا
قریب آگئی	قریب آنے والی (یعنی قیامت)	نہیں (ہے)	اس (قیامت) کو

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ⑥	كَاشِفَةٌ ⑦④ ﴿58﴾ ط	اَ	فَمِنْ هٰذَا الْحَدِيْثِ ①
اللہ کے سوا	کوئی ظاہر کرنے (یا ہٹانے) والا	کیا	پھر (بھلا) اس بات سے

تَعْجَبُوْنَ ﴿59﴾ لا	وَ	تَضْحَكُوْنَ	وَ
تم سب تعجب کرتے ہو	اور	تم سب ہنستے ہو	اور

لَا تَبْكُوْنَ ﴿60﴾ لا	وَ	اَنْتُمْ	سٰمِدُوْنَ ﴿61﴾
تم سب روتے نہیں ہو	اور	تم	سب غفلت میں پڑے ہوئے ہو

فَاسْجُدُوْا ①	لِلّٰهِ	وَ	اعْبُدُوْا ﴿62﴾ السجدة ۵
پس تم سب سجدہ کرو	اللہ کو	اور	تم سب عبادت کرو (اُسی کی)

ع 3 30 7 السجدة 12

ضروری وضاحت

① لفظ کے شروع میں فَ کا ترجمہ پس، تو، پھر اور کبھی سو ہوتا ہے۔ ② بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر کبھی بدلہ وغیرہ کیا جاتا ہے۔ ③ كَ اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ تیرا یا اپنا کیا جاتا ہے۔ ④ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ کوئی یا ایک کیا گیا ہے۔ ⑤ تْ واحد مؤنث کی علامت ہے، اگلے لفظ سے ملاتے ہوئے زیر دی گئی ہے۔
⑥ لفظ دُوْنَ سے پہلے مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ ⑦ كَاشِفَةٌ مؤنث اسم ہے ضرورتاً ترجمہ مذکر میں کیا گیا ہے۔

اٰيَاتُهَا 55 | 54 سُوْرَةُ الْقَمَرِ مَكِّيَّةٌ 37 | رُكُوْعَاتُهَا 3

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اِقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ وَانْشَقَّ الْقَمَرُ ۝1	قیامت بہت قریب آ گئی اور چاند پھٹ گیا۔ ۝1
وَاِنْ يَّرَوْا اٰيَةً	اور اگر (کافر) کوئی نشانی دیکھتے ہیں
يُّعْرِضُوْا وَيَقُوْلُوْا	(تو) منہ پھیر لیتے ہیں اور کہتے ہیں
سِحْرٌ مُّسْتَمِرٌّ ۝2	(یہ) ایک جادو ہے ہمیشہ سے چلتا ہوا۔ ۝2
وَكَذَّبُوْا وَاتَّبَعُوْٓا	اور انہوں نے جھٹلایا اور انہوں نے پیروی کی
اَهْوَآءَهُمْ	اپنی خواہشات کی
وَكُلُّ اَمْرٍ مُّسْتَقِرٌّ ۝3	اور ہر کام (کے انجام) کا وقت مقرر ہے۔ ۝3
وَلَقَدْ جَآءَهُمْ مِّنَ الْاَنْۢبَآءِ	اور بلاشبہ یقیناً آ چکی ہیں اُنکے پاس (ایسی) خبریں
مَا فِيْهِ مُزْدَجَرٌ ۝4	جن میں ڈانٹ ڈپٹ (یعنی تنبیہ وعبرت کا سامان) ہے۔ ۝4
حِكْمَةٌۢ بَالِغَةٌ	کامل دانائی کی بات ہے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اِقْتَرَبَتِ : قرب، قریب، مقرب، قرابت، اقربا۔
اِنْشَقَّ : شق الارض، واقعہ شق صدر۔
الْقَمَرُ : شمس وقمر، قمری مہینہ۔
يَّرَوْا : رؤیت ہلال، مرئی وغیر مرئی اشیاء۔
يُّعْرِضُوْا : اعراض کرنا۔
يَقُوْلُوْا : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
سِحْرٌ : سحر، ساحر، سحر بیانی، مسحور کن آواز۔
مُّسْتَمِرٌّ : استمرار، ماضی استمراری۔

كَذَّبُوْا : کذب بیانی، کذاب، کاذب، تکذیب۔
اتَّبَعُوْٓا : اتباع، تابع، متبع سنت۔
اَهْوَآءَهُمْ : ہوائے نفس۔
اَمْرٍ : امر، آمر، مامور، امور، امر بالمعروف۔
الْاَنْۢبَآءِ : تنبیہ، متنبہ، انتباہ۔
مُزْدَجَرٌ : زجر و توبیخ۔
حِكْمَةٌ : حکیم، حکمت، حکما، حکیم الامت۔
بَالِغَةٌ : بالغ، بلوغ، بلوغت۔

رُكُوْعَاتُهَا 3	54 سُوْرَةُ الْقَمَرِ مَكِّيَّةٌ 37	اٰيَاتُهَا 55

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اِقْتَرَبَتِ ①	السَّاعَةُ ①	وَ	انْشَقَّ	الْقَمَرُ ② (1)
بہت قریب آ گئی	قیامت	اور	پھٹ گیا	چاند

وَ	اِنْ	يَّرَوْا	اٰيَةً ①③	يُّعْرِضُوْا
اور	اگر	وہ سب (کافر) دیکھتے ہیں	کوئی نشانی	(تو) وہ سب منہ پھیر لیتے ہیں

وَ	يَقُوْلُوْا	سِحْرٌ ③	مُّسْتَمِرٌّ ④ (2)
اور	وہ سب کہتے ہیں	(یہ) ایک جادو (ہے)	ہمیشہ سے چلنے والا

وَ	كَذَّبُوْا	وَ	اتَّبَعُوْٓا	اَهْوَآءَهُمْ ⑤
اور	ان سب نے جھٹلایا	اور	ان سب نے پیروی کی	اپنی خواہشات کی

وَ	كُلُّ	اَمْرٍ	مُّسْتَقِرٌّ (3)	وَ	لَقَدْ ⑥	جَآءَهُمْ
اور	ہر	کام (کے انجام کا)	وقت مقرر (ہے)	اور	بلاشبہ یقیناً	آ چکی ہیں اُن کے پاس

مِّنَ الْاَنْبَآءِ ⑦	مَا فِيْهِ ⑧	مُزْدَجَرٌ (4)	حِكْمَةٌۢ بَالِغَةٌ ①
ایسی خبریں	جن میں	ڈانٹ ڈپٹ (کا سامان ہے)	کامل دانائی کی بات (ہے)

ضروری وضاحت

①علامت تْ اور ۃ مؤنث کی علامتیں ہیں الگ ترجمہ ممکن نہیں تْ کو اگلے لفظ سے ملاتے ہوئے زیر دی گئی ہے۔② فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں پیش ہو وہ اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔③ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔④ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔⑤ ھُمْ اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ انکا یا اپنا کیا جاتا ہے۔⑥ لَ اور قَدْ دونوں تاکید کی علامتیں ہیں۔⑦ یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔⑧ یہاں مَا اور ہٖ دونوں کو ملا کر ترجمہ جن کیا گیا ہے۔

فَمَا تُغْنِ النُّذُرُ ۙ (5)	پھر بھی نہیں فائدہ دیتیں ڈرانے والی چیزیں۔ (5)
فَتَوَلَّ عَنْهُمْ ۘ يَوْمَ	پس آپ منہ موڑ لیجیے ان سے، جس دن
يَدْعُ الدَّاعِ اِلٰى شَیْءٍ نُّكُرٍ ۙ (6)	پکارنے والا پکارے گا ایک ناگوار چیز کی طرف۔ (6)
خُشَّعًا اَبْصَارُهُمْ	جھکی ہونگی اُن کی نگاہیں
يَخْرُجُوْنَ مِنَ الْاَجْدَاثِ	وہ نکلیں گے قبروں سے
كَاَنَّهُمْ جَرَادٌ مُّنْتَشِرٌ ۙ (7)	گویا کہ وہ ٹڈیاں ہوں بکھری ہوئی۔ (7)
مُّهْطِعِيْنَ	گردن اُٹھا کر دوڑنے والے ہونگے
اِلَى الدَّاعِ ؕ	(اس) پکارنے والے کی طرف
يَقُوْلُ الْكٰفِرُوْنَ هٰذَا يَوْمٌ عَسِرٌ (8)	کافر کہیں گے یہ دن بہت مشکل ہے۔ (8)
كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوْحٍ	اِن سے قبل قوم نوح نے جھٹلایا
فَكَذَّبُوْا عَبْدَنَا	پس انہوں نے جھٹلایا ہمارے بندے کو
وَقَالُوْا مَجْنُوْنٌ وَّازْدُجِرَ (9)	اور انہوں نے کہا یہ دیوانہ ہے اور اُسے ڈانٹا گیا۔ (9)

وقف لازم

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

- النُّذُرُ : بشارت وانذار، بشیر ونذیر۔
- يَوْمَ : یوم، ایام، یوم آخرت، یوم آزادی۔
- يَدْعُ : دعا، داعی، مدعو، دعوت۔
- اِلٰى : مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔
- خُشَّعًا : خشوع وخضوع۔
- اَبْصَارُهُمْ : سمع وبصر، بصارت، مبصر، تبصرہ۔
- يَخْرُجُوْنَ : خارج، خروج، اخراج، وزیر خارجہ۔
- مُّنْتَشِرٌ : منتشر، انتشار۔
- يَقُوْلُ : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
- الْكٰفِرُوْنَ : کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔
- كَذَّبَتْ : کذب بیانی، کذاب، کاذب، تکذیب۔
- قَبْلَهُمْ : قبل از وقت، قبل الکلام، قبل از غذا۔
- قَوْمُ : قوم، اقوام، قومیت، من حیث القوم۔
- عَبْدَنَا : عبد، عابد، معبود، عبادت۔
- مَجْنُوْنٌ : مجنون، جنون۔
- ازْدُجِرَ : زجر وتوبیخ۔

وقف لازم

فَمَا ①	تُغْنِ ②	النُّذُرُ ۙ (5)	فَتَوَلَّ ① ③	عَنْهُمْ ۘ
پھر نہیں	فائدہ دیتیں	ڈرانے والی چیزیں	پس آپ منہ موڑ لیجیے	ان سے

يَوْمَ	يَدْعُ ④	الدَّاعِ	اِلٰى شَيْءٍ نُّكُرٍ ⑤ ۙ (6)
(جس) دن	پکارے گا	پکارنے والا	ایک ناگوار چیز کی طرف

خُشَّعًا	اَبْصَارُهُمْ	يَخْرُجُوْنَ	مِنَ الْاَجْدَاثِ
جھکی ہونگی	اُن کی نگاہیں	وہ سب نکلیں گے	قبروں سے

كَاَنَّهُمْ	جَرَادٌ	مُّنْتَشِرٌ ⑥ ۙ (7)	مُّهْطِعِيْنَ ⑥
گویا کہ وہ	ٹڈیاں (ہوں)	بکھری ہوئی	سب گردن اُٹھا کر دوڑنے والے (ہونگے)

اِلَى الدَّاعِ ؕ	يَقُوْلُ ④ ⑦	الْكٰفِرُوْنَ	هٰذَا	يَوْمٌ عَسِرٌ (8)
(اس) پکارنے والے کی طرف	کہیں گے	سب کافر	یہ	بہت مشکل دن (ہے)

كَذَّبَتْ ②	قَبْلَهُمْ	قَوْمُ نُوْحٍ	فَكَذَّبُوْا ①
جھٹلایا	اِن سے قبل	قوم نوح (نے)	پس ان سب نے جھٹلایا

عَبْدَنَا	وَ	قَالُوْا	مَجْنُوْنٌ	وَّ	ازْدُجِرَ (9)
ہمارے بندے (کو)	اور	انہوں نے کہا	(یہ) دیوانہ (ہے)	اور	وہ ڈانٹا گیا

ضروری وضاحت

① لفظ کے شروع میں فَ کا ترجمہ پس، تو اور پھر کبھی سو ہوتا ہے۔② علامت تُ اور تْ مؤنث کی علامتیں ہیں الگ ترجمہ ممکن نہیں۔③ علامت تَ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہوتا ہے۔④ یہاں علامت یَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ⑤ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے۔⑥ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔⑦ يَقُوْلُ واحد مذکر کا فعل ہے کیونکہ اسکا تعلق الْكٰفِرُوْنَ جمع سے ہے اس لیے اسکا ترجمہ جمع میں کیا گیا ہے۔

فَدَعَا رَبَّهٗۤ	تو اُس نے پکارا اپنے رب کو
اَنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ ﴿10﴾	کہ بے شک میں مغلوب ہوں سو تو بدلہ لے۔ ﴿10﴾
فَفَتَحْنَاۤ اَبْوَابَ السَّمَآءِ	تو ہم نے کھول دیے آسمان کے دروازے
بِمَآءٍ مُّنْهَمِرٍ ﴿11﴾	زور سے برسنے والے پانی کے ساتھ۔ ﴿11﴾
وَّ فَجَّرْنَا الْاَرْضَ عُیُوْنًا	اور ہم نے جاری کردیے زمین سے چشمے
فَالْتَقَی الْمَآءُ	تو مل گیا (زمین وآسمان کا) پانی
عَلٰۤی اَمْرٍ قَدْ قُدِرَ ﴿12﴾	ایک کام پر (جو) یقیناً مقدّر کیا گیا تھا۔ ﴿12﴾
وَحَمَلْنٰهُ	اور ہم نے اُسے سوار کیا
عَلٰی ذَاتِ اَلْوَاحٍ وَّ دُسُرٍ ﴿13﴾	تختوں اور میخوں والی (کشتی) پر۔ ﴿13﴾
تَجْرِیْ بِاَعْیُنِنَا	جو چلتی تھی ہماری آنکھوں کے سامنے
جَزَآءً لِّمَنْ كَانَ كُفِرَ ﴿14﴾	(یہ سب کچھ اس شخص کے) بدلے کے لیے ہے جسکا انکار کیا گیا تھا ﴿14﴾
وَلَقَدْ تَّرَكْنٰهَاۤ اٰیَةً	اور بلا شبہ یقیناً ہم نے بنا چھوڑا اُسے نشانی (عبرت)

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

فَدَعَا	: دعا، داعی، مدعو، دعوت۔	قُدِرَ	: تقدیر، مقدّر۔
مَغْلُوْبٌ	: غالب، غلبہ، مغلوب، ظن غالب۔	حَمَلْنٰهُ	: حمل، حامل، محمول، حاملہ عورت۔
فَفَتَحْنَاۤ	: افتتاح۔	ذَاتِ	: ذات، ذاتی طور پر، بذات خود۔
اَبْوَابَ	: باب، ابواب، باب خیبر، بابِ رحمت۔	تَجْرِیْ	: جاری، اجرا۔
بِمَآءٍ	: ماءالحیات، ماءاللحم۔	بِاَعْیُنِنَا	: عینی شاہد، معاینہ، عین سامنے۔
الْاَرْضَ	: ارض وسما، قطعۂ اراضی، ارض مقدس۔	جَزَآءً	: جزاوسزا، جزاک اللہ خیرا، جزائے خیر۔
فَالْتَقَی	: ملاقات، ملاقاتی حضرات۔	كُفِرَ	: کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔
اَمْرٍ	: امر، آمر، مامور، امور، امر بالمعروف۔	تَّرَكْنٰهَاۤ	: ترک، ترکہ، مال متروکہ، ترک تعلق۔

فَدَعَا	رَبَّهٗٓ ①	اَنِّیْ	مَغْلُوْبٌ	فَانْتَصِرْ ﴿10﴾
تو اُس نے پکارا	اپنے رب (کو)	کہ بیشک میں	مغلوب (ہوں)	سو تو بدلہ لے

فَفَتَحْنَآ ②	اَبْوَابَ السَّمَآءِ	بِمَآءٍ	مُّنْهَمِرٍ ③ ﴿11﴾
تو ہم نے کھول دیے	آسمان کے دروازے	پانی کے ساتھ	زور سے برسنے والے

وَّ	فَجَّرْنَا ②	الْاَرْضَ	عُيُوْنًا
اور	ہم نے جاری کر دیے	زمین (سے)	چشمے

فَالْتَقَى	الْمَآءُ	عَلٰٓى اَمْرٍ ④	قَدْ قُدِرَ ⑤ ﴿12﴾
تو مل گیا	(زمین و آسمان کا) پانی	ایک کام پر	یقیناً (جو) مقدر کیا گیا

وَ	حَمَلْنٰهُ ②	عَلٰى ذَاتِ اَلْوَاحٍ	وَّدُسُرٍ ﴿13﴾
اور	ہم نے سوار کیا اُسے	تختوں والی (کشتی) پر	اور میخوں (والی)

تَجْرِیْ ⑥	بِاَعْيُنِنَا ⑦	جَزَآءً	لِّمَنْ
(جو) چلتی تھی	ہماری آنکھوں کے سامنے	(یہ سب کچھ اس شخص کے) بدلے (کے لیے ہے)	جس کا

كَانَ	كُفِرَ ⑤ ﴿14﴾	وَ	لَقَدْ	تَّرَكْنٰهَآ ② ⑧	اٰيَةً
تھا	انکار کیا گیا	اور	بلاشبہ یقیناً	ہم نے (بنا) چھوڑا اُسے	نشانی

ضروری وضاحت

① ہٗ اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ اسکا یا اپنا کیا جاتا ہے۔ ② فعل کے آخر میں نَا سے پہلے جزم ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔ ③ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔ ④ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑤ فُعِلَ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے فعل میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑥ علامت تَ اور ةً مؤنث کی علامتیں ہیں الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ⑦ یہاں بِ کا ترجمہ کے سامنے ضرورتاً کیا گیا ہے۔ ⑧ یہاں هَا سے مراد کشتی یا یہ واقعہ ہے۔

فَهَلۡ مِنۡ مُّدَّكِرٍ ﴿15﴾	تو کیا ہے کوئی نصیحت حاصل کرنے والا۔ ﴿15﴾
فَكَيۡفَ كَانَ عَذَابِىۡ وَنُذُرِ ﴿16﴾	پھر کیسا تھا میرا عذاب اور میرا ڈرانا۔ ﴿16﴾
وَلَقَدۡ يَسَّرۡنَا الۡقُرۡاٰنَ	اور بلاشبہ یقیناً ہم نے آسان بنا دیا ہے قرآن کو
لِلذِّكۡرِ فَهَلۡ مِنۡ مُّدَّكِرٍ ﴿17﴾	نصیحت کے لیے تو کیا کوئی نصیحت حاصل کرنیوالا ہے ﴿17﴾
كَذَّبَتۡ عَادٌ	عاد نے (بھی) جھٹلایا
فَكَيۡفَ كَانَ عَذَابِىۡ وَنُذُرِ ﴿18﴾	تو کیسا تھا میرا عذاب اور میرا ڈرانا۔ ﴿18﴾
اِنَّاۤ اَرۡسَلۡنَا عَلَيۡهِمۡ رِيۡحًا صَرۡصَرًا	بے شک ہم نے بھیجی اُن پر تیز وتند آندھی
فِىۡ يَوۡمِ نَحۡسٍ مُّسۡتَمِرٍّ ۙ ﴿19﴾	دائمی نحوست والے دن میں۔ ﴿19﴾
تَنۡزِعُ النَّاسَ ۙ	وہ اُکھاڑ پھینکتی تھی لوگوں کو
كَاَنَّهُمۡ اَعۡجَازُ	گویا کہ وہ تنے ہیں
نَخۡلٍ مُّنۡقَعِرٍ ﴿20﴾	جڑ سے اُکھڑی ہوئی کھجوروں کے۔ ﴿20﴾
فَكَيۡفَ كَانَ عَذَابِىۡ وَنُذُرِ ﴿21﴾	پھر کیسا تھا میرا عذاب اور (میرا) ڈرانا۔ ﴿21﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

مُّدَّكِرٍ	ذکر، اذکار، تذکرہ۔
فَكَيۡفَ	کیفیت، بہرکیف، کوائف۔
وَ	لیل ونہار، رحم وکرم، شان وشوکت۔
نُذُرِ	بشارت وانذار، بشیر ونذیر۔
يَسَّرۡنَا	میسر۔
لِلذِّكۡرِ	ذکر، اذکار۔
كَذَّبَتۡ	کذب بیانی، کذاب، کاذب، تکذیب۔
اَرۡسَلۡنَا	رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔
عَلَيۡهِمۡ	علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
رِيۡحًا	ریح، ریح المسک، ریح بادی۔
مُّسۡتَمِرٍّ	استمرار، ماضی استمراری۔
تَنۡزِعُ	حالت نزع۔
يَوۡمِ	یوم، ایام، یوم آخرت، یوم آزادی۔
نَحۡسٍ	منحوس، نحوست۔
النَّاسَ	عوام الناس، عامۃ الناس، بعض الناس۔
نَخۡلٍ	نخلستان۔

فَهَلْ	مِنْ مُّدَّكِرٍ ①② (15)	فَكَيْفَ	كَانَ	عَذَابِىْ
تو کیا (ہے)	کوئی نصیحت حاصل کرنیوالا	پھر کیسا	تھا	میرا عذاب

وَنُذُرِ ③ (16)	وَ	لَقَدْ ④	يَسَّرْنَا	الْقُرْاٰنَ ⑤	لِلذِّكْرِ
اور (میرا) ڈرانا	اور	بلاشبہ یقیناً	ہم نے آسان بنا دیا ہے	قرآن کو	نصیحت کے لیے

فَهَلْ	مِنْ مُّدَّكِرٍ ①② (17)	كَذَّبَتْ ⑥	عَادٌ	فَكَيْفَ	كَانَ
تو کیا (ہے)	کوئی نصیحت حاصل کرنے والا (ہے)	جھٹلایا	عاد نے	تو کیسا	تھا

عَذَابِىْ	وَ	نُذُرِ ③ (18)	اِنَّآ اَرْسَلْنَا	عَلَيْهِمْ
میرا عذاب	اور	(میرا) ڈرانا	بے شک ہم نے بھیجی	اُن پر

رِيْحًا	صَرْصَرًا	فِىْ يَوْمِ نَحْسٍ مُّسْتَمِرٍّ ⑦ لا (19)	تَنْزِعُ ⑥
آندھی	تیز وتند	دائمی نحوست والے دن میں	وہ اکھاڑ پھینکتی تھی

النَّاسَ ⑤ لا	كَاَنَّهُمْ	اَعْجَازُ	نَخْلٍ	مُّنْقَعِرٍ (20)
لوگوں (کو)	گویا کہ وہ	تنے (ہیں)	کھجوروں کے	جڑ سے اُکھڑی ہوئی

فَكَيْفَ	كَانَ	عَذَابِىْ	وَ	نُذُرِ ③ (21)
پھر کیسا	تھا	میرا عذاب	اور	(میرا) ڈرانا

ضروری وضاحت

① یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔② ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔③ نُذُرِ اصل میں نُذُرِیْ تھا آخر سے یْ تخفیف کے لیے گری ہوئی ہے اسی کا ترجمہ میرا کیا گیا ہے۔④ لَ اور قَدْ دونوں تاکید کی علامتیں ہیں۔⑤ فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں زبر ہو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔⑥ تْ اور تَ مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔⑦ دن کوئی بھی منحوس نہیں ہوتا ہے، یہ دن اُن کے لیے عذاب کے اعتبار سے منحوس ثابت ہوا ہے، یا یہ عذاب اُنکے ہلاک ہونے تک جاری رہے گا۔

ع 1 22 8

وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ	اور بلا شبہ یقیناً ہم نے آسان بنا دیا ہے قرآن کو
لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ﴿22﴾	نصیحت کے لیے تو کیا کوئی نصیحت حاصل کرنیوالا ہے ﴿22﴾
كَذَّبَتْ ثَمُوْدُ بِالنُّذُرِ ﴿23﴾	ثمود نے (بھی) جھٹلایا ڈرانے والوں کو۔ ﴿23﴾
فَقَالُوْٓا اَبَشَرًا	پس انہوں نے کہا کیا ایک آدمی
مِّنَّا وَاحِدًا نَّتَّبِعُهٗٓ ۙ	(جو) ہم ہی میں سے تنہا ہے، ہم اسکی پیروی کریں؟
اِنَّآ اِذًا لَّفِيْ ضَلٰلٍ وَّسُعُرٍ ﴿24﴾	بیشک ہم تو تب یقیناً گمراہی میں اور دیوانگی میں پڑ گئے ﴿24﴾
ءَ اُلْقِيَ الذِّكْرُ	کیا (یہ) نصیحت القاء (نازل) کی گئی ہے؟
عَلَيْهِ مِنْۢ بَيْنِنَا	ہمارے درمیان میں سے اسی پر
بَلْ هُوَ كَذَّابٌ اَشِرٌ ﴿25﴾	(نہیں) بلکہ وہ بڑا جھوٹا، (اور) متکبر ہے۔ ﴿25﴾
سَيَعْلَمُوْنَ غَدًا	عنقریب ضرور کل وہ جان لیں گے
مَّنِ الْكَذَّابُ الْاَشِرُ ﴿26﴾	(کہ) بڑا جھوٹا (اور) متکبر کون ہے۔ ﴿26﴾
اِنَّا مُرْسِلُوا النَّاقَةِ	(اے صالح) بے شک ہم اُونٹنی کے بھیجنے والے ہیں

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

وَ	: لیل ونہار، رحم وکرم، شان وشوکت۔	نَتَّبِعُهٗ	: اتباع، تابع، متبع سنت۔
يَسَّرْنَا	: میسر۔	ضَلٰلٍ	: ضلالت وگمراہی۔
لِلذِّكْرِ	: ذکر، اذکار، تذکیر۔	اُلْقِيَ	: القاء۔
كَذَّبَتْ	: کذب بیانی، کذاب، کاذب، تکذیب۔	عَلَيْهِ	: علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
بِالنُّذُرِ	: بشارت وانذار، بشیر ونذیر۔	بَيْنِنَا	: بین بین، بین السطور، بین الاقوامی۔
فَقَالُوْٓا	: قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔	بَلْ	: بلکہ۔
بَشَرًا	: بشر، بشری تقاضا، نور وبشر، خیر البشر۔	سَيَعْلَمُوْنَ	: علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات، علّامہ۔
وَاحِدًا	: واحد، احد، توحید، موحّد، وحدانیت۔	مُرْسِلُوا	: رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔

ع 1 22 8

وَ	لَقَدْ	يَسَّرْنَا ①	الْقُرْاٰنَ ②	لِلذِّكْرِ
اور	بلاشبہ یقیناً	ہم نے آسان بنا دیا ہے	قرآن (کو)	نصیحت کے لیے

فَهَلْ	مِنْ مُّدَّكِرٍ ③④⑤ ﴿22﴾ ع	كَذَّبَتْ ⑥	ثَمُوْدُ ②	بِالنُّذُرِ ﴿23﴾
تو کیا (ہے)	کوئی نصیحت حاصل کرنیوالا (ہے)	جھٹلایا	ثمود نے (بھی)	ڈرانے والوں کو

فَقَالُوْٓا	اَ	بَشَرًا ⑤	مِّنَّا	وَاحِدًا	نَّتَّبِعُهٗٓ ۙ
پس انہوں نے کہا	کیا	ایک آدمی	(جو) ہم ہی میں سے	تنہا ہے	ہم پیروی کریں اسکی؟

اِنَّآ	اِذًا	لَّفِیْ ضَلٰلٍ	وَّ	سُعُرٍ ﴿24﴾	ءَ
بیشک ہم	(تو) تب	یقیناً گمراہی میں	اور	دیوانگی (میں پڑ گئے)	کیا

اُلْقِیَ ⑦	الذِّكْرُ	عَلَيْهِ	مِنْۢ بَيْنِنَا	بَلْ
القاء (نازل) کی گئی ہے	(یہ) نصیحت	اِسی پر	ہمارے درمیان میں سے	(نہیں) بلکہ

هُوَ	كَذَّابٌ	اَشِرٌ ﴿25﴾	سَيَعْلَمُوْنَ	غَدًا
وہ	بڑا جھوٹا	(اور) متکبر (ہے)	عنقریب ضرور وہ سب جان لیں گے	کل

مَّنِ	الْكَذَّابُ	الْاَشِرُ ﴿26﴾	اِنَّا	مُرْسِلُوا ④⑧	النَّاقَةِ ⑥
کون (ہے)	بڑا جھوٹا	(اور) متکبر	(اے صالح) بیشک ہم	بھیجنے والے (ہیں)	اونٹنی (کے)

ضروری وضاحت

① فعل کے آخر میں نا سے پہلے جزم ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔ ② فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں زبر ہو وہ اس فعل کا مفعول اور اگر پیش ہو تو وہ اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔ ③ یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ④ مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔ ⑤ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑥ تْ اور ۃ مؤنث کی علامتیں ہیں۔ ⑦ فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ④ یہاں وْا کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

فِتْنَةً لَّهُمْ	ان کو آزمانے کے لیے
فَارْتَقِبْهُمْ وَاصْطَبِرْ ﴿27﴾	پس تم دیکھتے رہو اُنہیں اور خوب صبر کرو۔ ﴿27﴾
وَنَبِّئْهُمْ اَنَّ الْمَآءَ	اور اُنہیں آگاہ کردو کہ بے شک پانی
قِسْمَةٌۢ بَيْنَهُمْ ۚ	اُن کے درمیان تقسیم شدہ ہے
كُلُّ شِرْبٍ مُّحْتَضَرٌ ﴿28﴾	ہر (ایک اپنی) پینے کی باری پر حاضر ہوا جائے گا۔ ﴿28﴾
فَنَادَوْا صَاحِبَهُمْ	پھر انہوں نے پکارا اپنے ساتھی کو
فَتَعَاطٰى فَعَقَرَ ﴿29﴾	سو اُس نے (اُسے) پکڑا پس کونچیں کاٹ دیں۔ ﴿29﴾
فَكَيْفَ كَانَ عَذَابِىْ وَنُذُرِ ﴿30﴾	پھر کیسا تھا میرا عذاب اور (میرا) ڈرانا۔ ﴿30﴾
اِنَّآ اَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ صَيْحَةً وَّاحِدَةً	بے شک ہم نے بھیجی اُن پر ایک چیخ
فَكَانُوْا	تو وہ (ایسے) ہو گئے
كَهَشِيْمِ الْمُحْتَظِرِ ﴿31﴾	جیسے باڑ لگانے والے کی روندی (اور ٹوٹی) ہوئی باڑ ہو۔ ﴿31﴾
وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ	اور بلاشبہ یقیناً ہم نے آسان بنا دیا ہے قرآن کو

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

فِتْنَةً	فتنہ وفساد، فتنہ پرور، فتنہ برپا ہونا۔	مُّحْتَضَرٌ	حاضر، حاضری، استحضار۔
اصْطَبِرْ	صبرِ جمیل، صبر وتحمل، صابر۔	فَنَادَوْا	نداء، منادی، ندائے ملت۔
نَبِّئْهُمْ	نبی، انبیا۔	صَاحِبَهُمْ	صاحب، صحبت، صحابی، صحابہ۔
الْمَآءَ	ماءالحیات، ماءاللحم۔	فَكَيْفَ	کیفیت، بہر کیف، کوائف۔
قِسْمَةٌۢ	قِسم، اقسام، تقسیم، منقسم۔	نُذُرِ	بشارت وانذار، بشیر ونذیر۔
بَيْنَهُمْ	بین بین، بین السطور، بین الاقوامی۔	اَرْسَلْنَا	رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔
كُلُّ	کل نمبر، کل کائنات، کل جہان۔	وَّاحِدَةً	واحد، احد، توحید، موحّد، وحدانیت۔
شِرْبٍ	شربت، مشروب، اکل وشرب۔	يَسَّرْنَا	میسر۔

فِتْنَةً ①	لَّهُمْ ②	فَارْتَقِبْهُمْ ③	وَ	اصْطَبِرْ ز (27)
آزمانے (کیلئے)	اُن کو	پس تم دیکھتے رہو اُنہیں	اور	خوب صبر کرو

وَ	نَبِّئْهُمْ ③	اَنَّ	الْمَآءَ	قِسْمَةٌۢ ①	بَيْنَهُمْ ج ③
اور	آگاہ کردو اُنہیں	کہ بے شک	پانی	تقسیم شدہ (ہے)	اُن کے درمیان

كُلُّ شِرْبٍ	مُّحْتَضَرٌ ④ (28)	فَنَادَوْا	صَاحِبَهُمْ ③
ہر (باری والا اپنی) پینے کی باری پر	حاضر ہوا جائے گا	پھر انہوں نے پکارا	اپنے ساتھی (کو)

فَتَعَاطٰى	فَعَقَرَ (29)	فَكَيْفَ	كَانَ
سو اُس نے (اُسے) پکڑا	پس کونچیں کاٹ دیں	پھر کیسا	تھا

عَذَابِىْ	وَ	نُذُرِ ⑤ (30)	اِنَّآ اَرْسَلْنَا ⑥	عَلَيْهِمْ
میرا عذاب	اور	میرا ڈرانا	بے شک ہم نے بھیجی	ان پر

صَيْحَةً وَّاحِدَةً ①	فَكَانُوْا	كَهَشِيْمِ الْمُحْتَظِرِ (31)
ایک چیخ	تو وہ سب (ایسے) ہو گئے	جیسے باڑ لگانے والے کی روندی ہوئی باڑ (ہو)

وَ	لَقَدْ ⑦	يَسَّرْنَا	الْقُرْاٰنَ
اور	بلاشبہ یقیناً	ہم نے آسان بنادیا ہے	قرآن (کو)

ضروری وضاحت

① یہاں ۃ واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ② لَهُمْ میں لَ دراصل لِ تھا یہ پڑھنے میں آسانی کے لیے لَ ہو جاتا ہے۔ ③ هُمْ اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ انہیں اور اسم کے آخر میں انکا یا اپنا کیا جاتا ہے۔ ④ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زبر میں کیا ہوا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑤ نُذُرِ اصل میں نُذُرِیْ تھا آخر سے یْ تخفیف کے لیے گری ہوئی ہے اسی کا ترجمہ میرا کیا گیا ہے۔ ⑥ اِنَّا کے نَا اور اَرْسَلْنَا کے نَا دونوں کا ملا کر ترجمہ ہم نے کیا گیا ہے۔ ⑦ لَ اور قَدْ دونوں تاکید کی علامتیں ہیں۔

لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ﴿32﴾	نصیحت کے لیے تو کیا کوئی نصیحت حاصل کرنیوالا ہے ﴿32﴾
كَذَّبَتْ قَوْمُ لُوْطٍۭ بِالنُّذُرِ ﴿33﴾	قوم لوط نے (بھی) ڈرانے والوں کو جھٹلایا۔ ﴿33﴾
اِنَّآ اَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ حَاصِبًا	بیشک ہم نے بھیجی اُن پر پتھر برسانے والی ہوا
اِلَّآ اٰلَ لُوْطٍ ؕ	سوائے لوط کے گھر والوں کے
نَجَّيْنٰهُمْ بِسَحَرٍ ۙ ﴿34﴾	ہم نے نجات دی اُنہیں سحر کے وقت۔ ﴿34﴾
نِّعْمَةً مِّنْ عِنْدِنَا ؕ	مہربانی کرتے ہوئے اپنی طرف سے
كَذٰلِكَ نَجْزِيْ مَنْ شَكَرَ ﴿35﴾	اسی طرح ہم بدلہ دیتے ہیں (اُسے) جو شکر کرے۔ ﴿35﴾
وَلَقَدْ اَنْذَرَهُمْ بَطْشَتَنَا	اور بلاشبہ یقیناً اُس نے ڈرایا اُنہیں ہماری پکڑ سے
فَتَمَارَوْا بِالنُّذُرِ ﴿36﴾	تو انہوں نے شک کیا ڈراوے میں۔ ﴿36﴾
وَلَقَدْ رَاوَدُوْهُ	اور بلاشبہ یقیناً انہوں نے بہکایا اُسے
عَنْ ضَيْفِهٖ	اُس کے مہمانوں کے بارے میں
فَطَمَسْنَآ اَعْيُنَهُمْ	تو ہم نے مٹادیں (یعنی اندھی کردیں) اُن کی آنکھیں

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

كَذَّبَتْ	:	کذب بیانی، کذاب، کاذب، تکذیب۔	بِسَحَرٍ	:	سحری، اوقاتِ سحر و افطار۔
قَوْمُ	:	قوم، اقوام، قومیت، من حیث القوم۔	نِّعْمَةً	:	نعمت، انعام، منعم حقیقی۔
بِالنُّذُرِ	:	بشارت و انذار، بشیر و نذیر۔	مِّنْ	:	منجانب، من و عن، من حیث القوم۔
اَرْسَلْنَا	:	رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔	عِنْدِنَا	:	عندالطلب، عنداللہ ماجور ہوں، عندیہ۔
عَلَيْهِمْ	:	علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	نَجْزِيْ	:	جزاوسزا، جزاک اللہ خیراً، جزائے خیر۔
اِلَّآ	:	اِلا ماشاءاللہ، اِلاّقلیل، اِلا یہ کہ۔	شَكَرَ	:	شکر، شاکر، اظہار تشکر، شکر گزار۔
اٰلَ	:	آل واولاد، آل رسول۔	ضَيْفِهٖ	:	ضیافت، دارالضیافہ۔
نَجَّيْنٰهُمْ	:	نجات، فرقہ ناجیہ، نجات دہندہ۔	اَعْيُنَهُمْ	:	عینی شاہد، معاینہ، عین سامنے۔

لِلذِّكْرِ	فَهَلْ	مِنْ مُّدَّكِرٍ ①②③ (32)	كَذَّبَتْ ④
نصیحت کے لیے	تو کیا	کوئی نصیحت حاصل کرنیوالا (ہے)	جھٹلایا

قَوْمُ لُوْطٍ	بِالنُّذُرِ (33)	اِنَّآ	اَرْسَلْنَا	عَلَيْهِمْ
قوم لوط (نے بھی)	ڈرانے والوں کو	بیشک ہم نے	ہم نے بھیجی	اُن پر

حَاصِبًا	اِلَّآ	اٰلَ لُوْطٍ ؕ	نَجَّيْنٰهُمْ ⑤
پتھر برسانے والی ہوا	سوائے	لوط کے گھر والوں کے	ہم نے نجات دی اُنہیں

بِسَحَرٍ (34) ⑥ لا	نِّعْمَةً	مِّنْ عِنْدِنَا ؕ	كَذٰلِكَ	نَجْزِيْ
سحر کے وقت	مہربانی کرتے ہوئے	اپنی طرف سے	اسی طرح	ہم بدلہ دیتے ہیں (اُسے)

مَنْ	شَكَرَ (35)	وَ	لَقَدْ	اَنْذَرَهُمْ ⑤
جس نے	شکر ادا کیا	اور	بلاشبہ یقیناً	اُس نے ڈرایا اُنہیں

بَطْشَتَنَا	فَتَمَارَوْا	بِالنُّذُرِ ⑥ (36)	وَ	لَقَدْ
ہماری پکڑ (سے)	توانہوں نے شک کیا	ڈراوے میں	اور	بلاشبہ یقیناً

رَاوَدُوْهُ ⑦	عَنْ ضَيْفِهٖ ⑧	فَطَمَسْنَآ	اَعْيُنَهُمْ ⑤
انہوں نے بہکایا اُسے	اُسکے مہمانوں کے بارے میں	توہم نے مٹادیں	اُنکی آنکھیں

ضروری وضاحت

①یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔② مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔③ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے۔④تْ مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔⑤هُمْ اگر فعل کے آخر میں ہوتو ترجمہ اُنہیں اور اسم کے آخر میں انکا یا اپنا کیا جاتا ہے۔⑥یہاں بِ کا ترجمہ کے وقت اور میں ضرورتاً کیا گیا ہے۔⑦اُنہوں نے بہلایا یا پھسلایا اور مطالبہ کیا کہ اُنہیں ہمارے حوالے کردو۔⑧ ضَيْفٌ واحد ہے کبھی یہ جمع کے لیے بھی استعمال ہوتا ہے۔

فَذُوْقُوْا عَذَابِيْ وَنُذُرِ ﴿37﴾	پس مزا چکھو میرے عذاب اور (میرے) ڈراوے کا۔ ﴿37﴾
وَلَقَدْ صَبَّحَهُمْ بُكْرَةً	اور بلا شبہ یقیناً غارت کر دیا اُنہیں صبح سویرے
عَذَابٌ مُّسْتَقِرٌّ ﴿38﴾ج	نہ ٹلنے والے عذاب نے۔ ﴿38﴾
فَذُوْقُوْا عَذَابِيْ وَنُذُرِ ﴿39﴾	پس مزا چکھو میرے عذاب اور (میرے) ڈراوے کا۔ ﴿37﴾
وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ	اور بلا شبہ یقیناً ہم نے آسان بنا دیا ہے قرآن کو
لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ﴿40﴾ع	نصیحت کے لیے تو کیا کوئی نصیحت حاصل کرنیوالا ہے۔ ﴿40﴾
وَلَقَدْ جَآءَ اٰلَ فِرْعَوْنَ	اور بلا شبہ یقیناً آئے فرعون کی آل کے پاس (بھی)
النُّذُرُ ﴿41﴾ج	ڈرانے والے۔ ﴿41﴾
كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا كُلِّهَا	انہوں نے جھٹلا دیا ہماری اُن سب نشانیوں کو
فَاَخَذْنٰهُمْ	تو ہم نے پکڑا اُنہیں
اَخْذَ عَزِيْزٍ مُّقْتَدِرٍ ﴿42﴾	خوب غالب بہت قدرت رکھنے والے کی پکڑ کی طرح۔ ﴿42﴾
اَكُفَّارُكُمْ خَيْرٌ مِّنْ اُولٰٓئِكُمْ	(اے عرب والو) کیا تمہارے کافر ان لوگوں سے بہتر ہیں

ع 2 18 9

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

فَذُوْقُوْا	ذائقہ، خوش ذائقہ، بدذائقہ۔	اٰلَ	آل و اولاد، آلِ رسول۔
عَذَابِيْ	عذاب۔	كَذَّبُوْا	کذب بیانی، کذاب، کاذب، تکذیب۔
وَ	مال و دولت، شان و شوکت، عفو و درگزر۔	بِاٰيٰتِنَا	آیت، آیات قرآنی۔
نُذُرِ	بشارت و انذار، بشیر و نذیر۔	كُلِّهَا	کل نمبر، کل کائنات، کل جہان۔
يَسَّرْنَا	میسر۔	فَاَخَذْنٰهُمْ	اخذ، ماخوذ، مؤاخذہ۔
الْقُرْاٰنَ	قرآن حکیم، آیات قرآنی۔	مُّقْتَدِرٍ	اقتدار، مقتدر حلقے۔
لِلذِّكْرِ	ذکر، اذکار۔	كُفَّارُكُمْ	کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔
مِنْ	منجانب، من و عن، من حیث القوم۔	خَيْرٌ	خیر، خیریت، خیر خواہی، صدقہ و خیرات۔

فَذُوْقُوْا	عَذَابِیْ	وَ	نُذُرِ (37) ①	وَ	لَقَدْ ②
(اور کہا) پس تم سب مزا چکھو	میرے عذاب	اور	(میرے) ڈراوے (کا)	اور	بلاشبہ یقیناً

صَبَّحَهُمْ	بُكْرَةً	عَذَابٌ مُّسْتَقِرٌّ (38) ج	فَذُوْقُوْا
غارت کردیا اُنہیں	صبح سویرے	نہ ٹلنے والے عذاب (نے)	پس تم سب مزا چکھو

عَذَابِیْ	وَ	نُذُرِ (39) ①	وَ	لَقَدْ	يَسَّرْنَا
میرے عذاب	اور	(میرے) ڈراوے (کا)	اور	بلاشبہ یقیناً	ہم نے آسان بنادیا ہے

ع 18 2 9

الْقُرْاٰنَ ③	لِلذِّكْرِ	فَهَلْ	مِنْ ④ مُّدَّكِرٍ ⑤⑥ (40) ع
قرآن (کو)	نصیحت کے لیے	تو کیا	کوئی نصیحت حاصل کرنیوالا (ہے)

وَ	لَقَدْ ②	جَآءَ	اٰلَ فِرْعَوْنَ	النُّذُرُ (41) ج	كَذَّبُوْا
اور	بلاشبہ یقیناً	آئے	فرعون کی آل کے پاس	ڈرانے والے	ان سب نے جھٹلا دیا

بِاٰيٰتِنَا كُلِّهَا	فَاَخَذْنٰهُمْ	اَخْذَ عَزِيْزٍ مُّقْتَدِرٍ (42)
ہماری ان سب نشانیوں کو	تو ہم نے پکڑا اُنہیں	خوب غالب بہت قدرت رکھنے والے کی پکڑ (کی طرح)

اَ	كُفَّارُكُمْ	خَيْرٌ	مِّنْ اُولٰٓئِكُمْ ⑦
(اے عرب والو) کیا	تمہارے کافر	بہتر (ہیں)	اُن (لوگوں) سے

ضروری وضاحت

①نُذُرِ اصل میں نُذُرِیْ تھا آخر سے یْ تخفیف کے لیے گری ہوئی ہے اسی کا ترجمہ میرا کیا گیا ہے۔② لَ اور قَدْ دونوں تاکید کی علامتیں ہیں۔③فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں زبر ہو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔④یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔⑤اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔⑥ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔⑦جب اُولٰٓئِكَ سے اشارہ کیا جائے اور مخاطب جمع مذکر ہوں تو یہ اُولٰٓئِكَ سے اُولٰٓئِكُمْ ہوجاتا ہے۔

اَمْ لَكُمْ بَرَآءَةٌ	یا تمہارے لیے کوئی نجات (لکھی ہوئی) ہے
فِي الزُّبُرِ ۚ (43)	(پہلی) کتابوں میں۔ (43)
اَمْ يَقُوْلُوْنَ	کیا وہ کہتے ہیں
نَحْنُ جَمِيْعٌ مُّنْتَصِرٌ (44)	ہم ایک (مضبوط) بدلہ لینے والی جماعت ہیں۔ (44)
سَيُهْزَمُ الْجَمْعُ	عنقریب ضرور شکست دی جائے گی (یہ) جماعت
وَيُوَلُّوْنَ الدُّبُرَ (45)	اور وہ پیٹھ پھیر کر بھاگیں گے۔ (45)
بَلِ السَّاعَةُ مَوْعِدُهُمْ	بلکہ قیامت ان کے وعدے کا وقت ہے
وَالسَّاعَةُ اَدْهٰى وَاَمَرُّ (46)	اور قیامت بہت بڑی مصیبت اور بہت تلخ ہے۔ (46)
اِنَّ الْمُجْرِمِيْنَ فِيْ ضَلٰلٍ وَّسُعُرٍ ۘ (47) وقف لازم	بیشک مجرم لوگ گمراہی اور دیوانگی میں ہیں۔ (47)
يَوْمَ يُسْحَبُوْنَ فِي النَّارِ	جس دن وہ گھسیٹے جائیں گے آگ میں
عَلٰى وُجُوْهِهِمْ ۭ	اپنے چہروں کے بل
ذُوْقُوْا مَسَّ سَقَرَ (48)	(کہا جائے گا) آگ کے چھونے کا مزہ چکھو۔ (48)

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

بَرَآءَةٌ	: اعلان برات، بری الذمہ۔	ضَلٰلٍ	: ضلالت وگمراہی۔
فِي	: فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔	يَوْمَ	: یوم، ایام، یوم آخرت، یوم آزادی۔
الزُّبُرِ	: زبور۔	النَّارِ	: یہ خاکی اپنی فطرت میں نوری ہے نہ ناری۔
يَقُوْلُوْنَ	: قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔	عَلٰى	: علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
جَمِيْعٌ	: جمع، جمیع، جامع، مجمع، جماعت، اجتماع۔	وُجُوْهِهِمْ	: وجاہت، توجہ، متوجہ، علٰی وجہ البصیرت۔
مَوْعِدُهُمْ	: وعدہ، وعید، وعدہ وفا کرنا۔	ذُوْقُوْا	: ذائقہ، خوش ذائقہ، بدذائقہ۔
وَ	: لیل ونہار، رحم وکرم، شان وشوکت۔	مَسَّ	: مس، مساس۔
الْمُجْرِمِيْنَ	: جرم، مجرم، جرائم پیشہ افراد۔		

اَمْ ①	لَكُمْ ②	بَرَآءَةٌ ③	فِي الزُّبُرِ ج 43
یا	تمہارے لیے	کوئی نجات (لکھی ہوئی ہے)	(پہلی) کتابوں میں

اَمْ ①	يَقُوْلُوْنَ	نَحْنُ جَمِيْعٌ ③	مُّنْتَصِرٌ ④⑤ 44
کیا	وہ سب کہتے ہیں	ہم ایک (مضبوط) جماعت ہیں	بدلہ لینے والی

سَيُهْزَمُ ⑥	الْجَمْعُ	وَ	يُوَلُّوْنَ الدُّبُرَ 45
عنقریب ضرور وہ شکست دی جائے گی	جماعت	اور	وہ سب پیٹھ پھیر کر بھاگیں گے

بَلِ	السَّاعَةُ	مَوْعِدُهُمْ	وَ	السَّاعَةُ	اَدْهٰى ⑦
بلکہ	قیامت	ان کے وعدے کا وقت (ہے)	اور	قیامت	بہت بڑی مصیبت

وَ	اَمَرُّ ⑦ 46	اِنَّ	الْمُجْرِمِيْنَ	فِيْ ضَلٰلٍ
اور	بہت تلخ (ہے)	بے شک	سب مجرم لوگ	گمراہی میں

وَّ	سُعُرٍ 47	يَوْمَ	يُسْحَبُوْنَ ⑥	فِي النَّارِ
اور	دیوانگی (میں ہیں)	(جس) دن	وہ سب گھسیٹے جائیں گے	آگ میں

عَلٰى وُجُوْهِهِمْ ط	ذُوْقُوْا	مَسَّ سَقَرَ 48
اپنے چہروں کے بل	(کہا جائے گا) سب مزہ چکھو	آگ کے چھونے کا

وقف لازم

ضروری وضاحت

① اَمْ کا ترجمہ کبھی کیا کبھی یا کیا جاتا ہے۔② لَكُمْ میں لَ دراصل لِ تھا پڑھنے میں آسانی کے لیے لَ استعمال ہوا ہے۔
③ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔④ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا
مفہوم ہے۔⑤ مُنْتَصِرٌ مذکر اسم ہے سیاق وسباق کی وجہ سے اسکا ترجمہ مؤنث میں کیا گیا ہے۔⑥ علامت يُ پر پیش اور آخر
سے پہلے زبر ہو تو ترجمہ کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا ہوتا ہے۔⑦اسم کے شروع میں أ میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔

اِنَّا كُلَّ شَیْءٍ خَلَقْنٰهُ	بے شک ہم نے ہر چیز کو پیدا کیا ہے اسے
بِقَدَرٍ ﴿49﴾	ایک اندازے کے ساتھ۔ ﴿49﴾
وَمَاۤ اَمْرُنَاۤ	اور نہیں ہوتا ہمارا حکم
اِلَّا وَاحِدَةٌ كَلَمْحٍۭ بِالْبَصَرِ ﴿50﴾	مگر ایک بات آنکھ کے جھپکنے کی طرح۔ ﴿50﴾
وَلَقَدْ اَهْلَكْنَاۤ اَشْیَاعَكُمْ	اور بلاشبہ یقیناً ہم ہلاک کر چکے تمہارے ہم مذہبوں کو
فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ﴿51﴾	تو کیا ہے کوئی نصیحت حاصل کرنے والا ہے۔ ﴿51﴾
وَكُلُّ شَیْءٍ فَعَلُوْهُ	اور ہر چیز جسے انہوں نے کیا (وہ)
فِی الزُّبُرِ ﴿52﴾	صحیفوں (اعمال ناموں) میں (درج) ہے۔ ﴿52﴾
وَكُلُّ صَغِیْرٍ وَّكَبِیْرٍ مُّسْتَطَرٌ ﴿53﴾	اور ہر چھوٹا اور بڑا (عمل) لکھا گیا ہے۔ ﴿53﴾
اِنَّ الْمُتَّقِیْنَ فِیْ جَنّٰتٍ وَّنَهَرٍ ﴿54﴾	بیشک متقین باغات اور نہروں میں ہونگے۔ ﴿54﴾
فِیْ مَقْعَدِ صِدْقٍ	مقام عزت (مجلس حق) میں
عِنْدَ مَلِیْكٍ مُّقْتَدِرٍ ﴿55﴾	نہایت قدرت رکھنے والے بادشاہ کے پاس۔ ﴿55﴾

ع 3 15 10

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

خَلَقْنٰهُ	خلق، تخلیق، خالق، مخلوق، خلقت۔	صَغِیْرٍ	صغر سنی، صغیرہ گناہ، اصغر۔
بِقَدَرٍ	قدرت، قادر، قدیر۔	مُّسْتَطَرٌ	سطر، سطور، بین السطور۔
اَمْرُنَاۤ	امر، آمر، مامور، امور، امر بالمعروف۔	الْمُتَّقِیْنَ	تقویٰ، متقی۔
وَاحِدَةٌ	واحد، احد، توحید، موحّد، وحدانیت۔	مَقْعَدِ	قعدہ اولیٰ، مقعد (بیٹھنے کی جگہ)۔
بِالْبَصَرِ	سمع و بصر، بصارت، مبصر، تبصرہ۔	صِدْقٍ	صداقت، صدقِ دل، صادق و امین۔
اَهْلَكْنَاۤ	ہلاک، ہلاکت، مہلک بیماریاں۔	عِنْدَ	عندالطلب، عنداللہ ماجور ہوں، عندیہ۔
فَعَلُوْهُ	فعل، فاعل، مفعول۔	مَلِیْكٍ	ملک فہد، خلافت و ملوکیت۔
الزُّبُرِ	زبور۔	مُّقْتَدِرٍ	اقتدار، مقتدر حلقے۔

اِنَّا ①	كُلَّ شَيْءٍ	خَلَقْنٰهُ ②③	بِقَدَرٍ ④ ﴿49﴾
بےشک ہم	ہر چیز (کو)	ہم نے پیدا کیا ہے اُسے	ایک اندازے کے ساتھ

وَمَآ	اَمْرُنَآ ⑤	اِلَّا	وَاحِدَةٌ	كَلَمْحٍ بِالْبَصَرِ ﴿50﴾
اور نہیں (ہوتا)	ہمارا حکم	مگر	ایک (بات)	آنکھ کے جھپکنے کی طرح

وَ	لَقَدْ	اَهْلَكْنَآ ②	اَشْيَاعَكُمْ
اور	بلاشبہ یقیناً	ہم نے ہلاک کیا	تمہارے جیسی جماعتوں (کو)

فَهَلْ	مِنْ مُّدَّكِرٍ ④⑥⑦ ﴿51﴾	وَ	كُلُّ شَيْءٍ	فَعَلُوْهُ ⑧
تو کیا (ہے)	کوئی نصیحت حاصل کرنیوالا	اور	ہر چیز	جسے انہوں نے کیا

فِي الزُّبُرِ ﴿52﴾	وَ	كُلُّ صَغِيْرٍ	وَّ	كَبِيْرٍ
(وہ) صحیفوں (اعمال ناموں) میں (درج ہے)	اور	ہر چھوٹا	اور	بڑا (عمل)

مُّسْتَطَرٌ ⑦ ﴿53﴾	اِنَّ	الْمُتَّقِيْنَ	فِيْ جَنّٰتٍ	وَّ	نَهَرٍ ﴿54﴾ لا
لکھا گیا ہوا (ہے)	بےشک	سب متقین	باغات میں	اور	نہروں (میں ہونگے)

ع 3 15 10

فِيْ مَقْعَدِ صِدْقٍ	عِنْدَ مَلِيْكٍ	مُّقْتَدِرٍ ⑦ ع ﴿55﴾
مقام عزت میں	بادشاہ کے پاس	نہایت قدرت رکھنے والے

ضروری وضاحت

① اِنَّا دراصل اِنَّ + نَا تھا تخفیف کیلئے ایک نون گرا ہوا ہے۔ ② نَا سے پہلے اگر جزم ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔ ③ فعل کے آخر میں ہٗ کا ترجمہ اُسے کیا جاتا ہے۔ ④ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے۔ ⑤ نَا اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ ہمارا یا اپنا ہوتا ہے۔ ⑥ یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ⑦ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنیوالے اور آخر سے پہلے زبر میں کیا گیا ہوا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑧ یہاں علامت ہٗ کا ترجمہ اُسے کی بجائے جسے ضرورتاً کیا گیا ہے۔

اٰيَاتُهَا 78 | 55 سُوْرَةُ الرَّحْمٰنِ مَدَنِيَّةٌ 97 | رُكُوْعَاتُهَا 3

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلرَّحْمٰنُ ﴿1﴾ عَلَّمَ الْقُرْاٰنَ ﴿2﴾	بہت رحم کرنے والے نے۔ ﴿1﴾ (یہ) قرآن سکھایا۔ ﴿2﴾
خَلَقَ الْاِنْسَانَ ﴿3﴾	اس نے پیدا کیا انسان کو۔ ﴿3﴾
عَلَّمَهُ الْبَيَانَ ﴿4﴾	اس نے سکھایا اُسے بات کرنا۔ ﴿4﴾
اَلشَّمْسُ وَالْقَمَرُ بِحُسْبَانٍ ﴿5﴾	سورج اور چاند ایک حساب سے (چل رہے) ہیں۔ ﴿5﴾
وَّالنَّجْمُ وَالشَّجَرُ يَسْجُدٰنِ ﴿6﴾	اور بیل بوٹے اور درخت دونوں سجدہ کرتے ہیں۔ ﴿6﴾
وَالسَّمَآءَ رَفَعَهَا	اور آسمان اس نے بلند کیا اُسے
وَوَضَعَ الْمِيْزَانَ ﴿7﴾	اور اس نے ترازو رکھی (یعنی قائم کی)۔ ﴿7﴾
اَلَّا تَطْغَوْا فِي الْمِيْزَانِ ﴿8﴾	کہ تم حد سے تجاوز مت کرو ترازو (سے تولنے) میں۔ ﴿8﴾
وَاَقِيْمُوا الْوَزْنَ بِالْقِسْطِ	اور سیدھا رکھو تول کو انصاف کے ساتھ
وَلَا تُخْسِرُوا الْمِيْزَانَ ﴿9﴾	اور مت کمی کرو ترازو (تول) میں۔ ﴿9﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَلرَّحْمٰنُ	رحمت، رحم، رحیم، رحمٰن، مرحوم۔	يَسْجُدٰنِ	سجدہ، ساجد، مسجود، مسجد۔
عَلَّمَ	علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات، علّامہ۔	السَّمَآءَ	ارض وسما، کتب سماویہ، سماوی آفات۔
خَلَقَ	خلق، تخلیق، خالق، مخلوق، خلقت۔	رَفَعَهَا	رفعت، سطح مرتفع، مرفوع، اعلیٰ وارفع۔
الْاِنْسَانَ	جِنّ واِنس، انسان، انسانیت۔	وَضَعَ	وضع قطع، وضع کرنا، موضوع۔
الْبَيَانَ	بیان، شعلہ بیانی۔	الْمِيْزَانَ	وزن، میزان، وزنی۔
اَلشَّمْسُ	شمس وقمر، شمسی توانائی۔	تَطْغَوْا	طاغوت، طغیانی، طاغوتی نظام۔
بِحُسْبَانٍ	حساب، محاسب، احتساب۔	اَقِيْمُوا	اقامت، مقیم، اقامت گاہ، قائم مقام۔
الشَّجَرُ	شجر ممنوعہ، اشجار، شجر کاری مہم۔	تُخْسِرُوا	خسارہ، خائب وخاسر۔

رُكُوعَاتُهَا 3 | 55 سُوْرَةُ الرَّحْمٰنِ مَدَنِيَّةٌ 97 | اٰيَاتُهَا 78

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلرَّحْمٰنُ ۙ (1)	عَلَّمَ ①	الْقُرْاٰنَ ② ؕ (2)	خَلَقَ	الْاِنْسَانَ ② ۙ (3)
بہت رحم کرنے والا	اس نے سکھایا	(یہ) قرآن	اس نے پیدا کیا	انسان (کو)

عَلَّمَهُ ①	الْبَيَانَ ② (4)	اَلشَّمْسُ	وَالْقَمَرُ	بِحُسْبَانٍ ③ ۙ (5)
اس نے سکھایا اُسے	بات کرنا	سورج	اور چاند	ایک حساب سے (چل رہے ہیں)

وَّالنَّجْمُ	وَالشَّجَرُ	يَسْجُدٰنِ ④ (6)	وَالسَّمَآءَ
اور بیل بوٹے	اور درخت	وہ دونوں سجدہ کرتے ہیں	اور آسمان

رَفَعَهَا ⑤	وَ	وَضَعَ	الْمِيْزَانَ ② ۙ (7)	اَلَّا ⑥
اس نے بلند کیا اُسے	اور	اس نے رکھی (قائم کی)	ترازو	کہ مت

تَطْغَوْا	فِي الْمِيْزَانِ (8)	وَ	اَقِيْمُوا ⑦	الْوَزْنَ ②
تم سب حد سے تجاوز کرو	ترازو (تولنے) میں	اور	تم سب سیدھا رکھو	وزن (کو)

بِالْقِسْطِ	وَ	لَا تُخْسِرُوا ⑧	الْمِيْزَانَ ② (9)
انصاف کے ساتھ	اور	مت تم سب کمی کرو	ترازو (یعنی تول میں)

ضروری وضاحت

① فعل کے درمیان میں شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔② فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں زبر ہو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔③ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔④ علامت انِ میں دو ہونے کا مفہوم ہے۔⑤ هَا واحد مؤنث کی علامت ہے، فعل کے آخر میں اس کا ترجمہ اسے کیا جاتا ہے۔⑥ اَلَّا دراصل اَنْ + لَا کا مجموعہ ہے۔⑦ فعل کے شروع میں أ اور آخر میں وْا ہو تو اس فعل میں کام کرنے کا حکم ہوتا ہے۔⑧ لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْا ہو تو اس فعل میں کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔

وَالْاَرْضَ وَضَعَهَا لِلْاَنَامِ ۙ﴿10﴾	اور زمین کو اس نے رکھا (بچھا دیا) اُسے مخلوق کیلئے۔﴿10﴾
فِيْهَا فَاكِهَةٌ ۙ وَّالنَّخْلُ	اس میں میوے ہیں اور کھجور کے درخت
ذَاتُ الْاَكْمَامِ ۖ﴿11﴾	(جو خوشوں پر) غلافوں والے ہیں۔﴿11﴾
وَالْحَبُّ ذُو الْعَصْفِ	اور دانے (اناج اور غلے) ہیں بُھس والے
وَالرَّيْحَانُ ۚ﴿12﴾	اور خوشبودار پھول۔﴿12﴾
فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا	تو اپنے رب کی کون (کون) سی نعمتوں کو
تُكَذِّبٰنِ ﴿13﴾ خَلَقَ الْاِنْسَانَ	تم دونوں جھٹلاؤ گے۔﴿13﴾ (اللہ نے) انسان کو پیدا کیا
مِنْ صَلْصَالٍ كَالْفَخَّارِ ۙ﴿14﴾	ٹھیکری کی طرح بجنے والی مٹی سے۔﴿14﴾
وَخَلَقَ الْجَآنَّ مِنْ مَّارِجٍ مِّنْ نَّارٍ ۚ﴿15﴾	اور اس نے پیدا کیا جنوں کو آگ کے شعلے سے۔﴿15﴾
فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا	تو اپنے رب کی کون (کون) سی نعمتوں کو
تُكَذِّبٰنِ ﴿16﴾ رَبُّ الْمَشْرِقَيْنِ	تم دونوں جھٹلاؤ گے۔﴿16﴾ (وہی) دونوں مشرقوں کا رب
وَرَبُّ الْمَغْرِبَيْنِ ۚ﴿17﴾	اور دونوں مغربوں کا رب ہے۔﴿17﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَلْاَرْضَ	ارض وسما، قطعۂ اراضی، ارض مقدس۔	تُكَذِّبٰنِ	کذب بیانی، کذاب، کاذب، تکذیب۔
وَضَعَهَا	وضع قطع، وضع کرنا، موضوع۔	خَلَقَ	خالق، مخلوق، تخلیق، خلقِ خدا۔
فِيْهَا	فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔	الْاِنْسَانَ	انسان، انسانیت۔
النَّخْلُ	نخل، نخلستان۔	مِنْ	منجانب، من وعن، من حیث القوم۔
ذَاتُ	ذات، ذاتی۔	كَالْفَخَّارِ	کالعدم، کماحقہ۔
الْحَبُّ	حبہ حبہ پائی پائی، حب کبد نوشادری۔	الْجَآنَّ	جن وانس، جنات۔
ذُو	ذوالجلال، ذومعنی، ذواضعاف اقل۔	نَّارٍ	یہ خاکی اپنی فطرت میں نوری ہے نہ ناری۔
رَبِّكُمَا	رب، ربوبیت، رب العلمین۔	الْمَشْرِقَيْنِ	مشرق ومغرب، شرق وغرب۔

وَالْاَرْضَ	وَضَعَهَا	لِلْاَنَامِ (10) لا	فِيْهَا	فَاكِهَةٌ صلے
اور زمین (کو)	اس نے رکھا (یعنی بچھا دیا) اُسے	مخلوق کے لیے	اس میں	میوے (ہیں)

وَّ	النَّخْلُ	ذَاتُ الْاَكْمَامِ ① (11) صلے	وَ	الْحَبُّ
اور	کھجور کے درخت	(خوشوں پر) غلافوں والے	اور	دانے (اناج اور غلے ہیں)

ذُو الْعَصْفِ ①	وَالرَّيْحَانُ (12) ج	فَبِاَيِّ اٰلَآءِ	رَبِّكُمَا ②
بُھس والے	اور خوشبودار پھول	تو کون (کون سی) نعمتوں کو	اپنے رب کی

تُكَذِّبٰنِ ② (13)	خَلَقَ	الْاِنْسَانَ ③	مِنْ صَلْصَالٍ ④
تم دونوں جھٹلاؤ گے	(اللہ نے) پیدا کیا	انسان (کو)	بجنے والی مٹی سے

كَالْفَخَّارِ ⑤ (14) لا	وَ	خَلَقَ	الْجَآنَّ ③⑥	مِنْ مَّارِجٍ
ٹھیکری کی طرح	اور	اس نے پیدا کیا	جنوں (کو)	شعلے سے

مِّنْ نَّارٍ ⑦ (15) ج	فَبِاَيِّ اٰلَآءِ	رَبِّكُمَا ②	تُكَذِّبٰنِ ② (16)
آگ کے	تو کون (کون سی) نعمتوں کو	اپنے رب (کی)	تم دونوں جھٹلاؤ گے

رَبُّ	الْمَشْرِقَيْنِ ②⑧	وَ	رَبُّ	الْمَغْرِبَيْنِ ②⑧ (17) ج
رب	دونوں مشرقوں کا	اور	رب	دونوں مغربوں (کا)

ضروری وضاحت

① ذَاتُ واحد مؤنث کی اور ذُوْ واحد مذکر کی علامت ہے، دونوں کا ترجمہ والا یا والی کیا جاتا ہے۔ ② علامت كُمَا، يْنِ، انِ میں تعداد میں دو ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ③ فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں زبر ہو تو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔ ④ اس سے مُراد خشک مٹی ہے جس میں آواز ہو۔ ⑤ اَلْفَخَّارِ سے مُراد آگ میں پکی ہوئی مٹی ہے۔ ⑥ اس سے مُراد پہلا جن ہے جو تمام جنوں کا باپ ہے۔ ⑦ یہاں مِنْ کا ترجمہ کے ضرورتاً کیا گیا ہے۔ ⑧ یہاں موسمِ گرما و سرما کی مشرق و مغرب یا سورج اور چاند کی مشرق و مغرب مُراد ہیں۔

فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا	تو اپنے رب کی کون (کون) سی نعمتوں کو
تُكَذِّبٰنِ ﴿18﴾ مَرَجَ	تم دونوں جھٹلاؤ گے ﴿18﴾ اس نے جاری کر دیے
الۡبَحۡرَیۡنِ یَلۡتَقِیٰنِ ﴿19﴾	دو سمندر دونوں آپس میں ملتے ہیں۔ ﴿19﴾
بَیۡنَهُمَا بَرۡزَخٌ	ان دونوں کے درمیان ایک پردہ ہے
لَّا یَبۡغِیٰنِ ﴿20﴾	دونوں (اس سے) تجاوز نہیں کرتے۔ ﴿20﴾
فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا	تو اپنے رب کی کون (کون) سی نعمتوں کو
تُكَذِّبٰنِ ﴿21﴾ یَخۡرُجُ مِنۡهُمَا	تم دونوں جھٹلاؤ گے۔ ﴿21﴾ نکلتے ہیں اُن دونوں سے
اللُّؤۡلُؤُ وَ الۡمَرۡجَانُ ﴿22﴾	موتی اور مونگے۔ ﴿22﴾
فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا	تو اپنے رب کی کون (کون) سی نعمتوں کو
تُكَذِّبٰنِ ﴿23﴾ وَ لَهُ الۡجَوَارِ	تم دونوں جھٹلاؤ گے ﴿23﴾ اور اسی کے ہیں جہاز
الۡمُنۡشَئٰتُ فِی الۡبَحۡرِ كَالۡاَعۡلَامِ ﴿24﴾	بادبان اُٹھائے ہوئے سمندر میں پہاڑوں کی طرح ﴿24﴾
فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا	تو اپنے رب کی کون (کون) سی نعمتوں کو

النصف

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

رَبِّكُمَا	: رب، ربوبیت، رب العالمین۔	یَبۡغِیٰنِ	: بغاوت، باغی۔
تُكَذِّبٰنِ	: کذب بیانی، کذاب، کاذب، تکذیب۔	یَخۡرُجُ	: خارج، خروج، اخراج، وزیر خارجہ۔
الۡبَحۡرَیۡنِ	: بحر و بر، بحرین، بری بحری اور فضائی۔	مِنۡهُمَا	: منجانب، من و عن، من حیث القوم۔
یَلۡتَقِیٰنِ	: ملاقات۔	وَ	: لیل و نہار، رحم و کرم، شان و شوکت۔
بَیۡنَهُمَا	: بین بین، بین السطور، بین الاقوامی۔	فِی	: فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔
بَرۡزَخٌ	: عالم برزخ، برزخی زندگی۔	كَالۡاَعۡلَامِ	: کالعدم، کماحقہ۔
لَّا	: لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔		

فَبِاَيِّ الْآءِ ①	رَبِّكُمَا ②	تُكَذِّبٰنِ ② (18)	مَرَجَ
توکون (کون سی) نعمتوں کو	اپنے رب (کی)	تم دونوں جھٹلاؤ گے	اس نے جاری کردیے

الْبَحْرَيْنِ ②③	يَلْتَقِيٰنِ ② لا (19)	بَيْنَهُمَا ②	بَرْزَخٌ ④
دو سمندر	وہ دونوں آپس میں ملتے ہیں	ان دونوں کے درمیان	ایک پردہ (ہے)

لَّا يَبْغِيٰنِ ② ج (20)	فَبِاَيِّ الْآءِ ①	رَبِّكُمَا ②
نہیں وہ دونوں تجاوز کرتے (اس سے)	توکون (کون سی) نعمتوں کو	اپنے رب (کی)

تُكَذِّبٰنِ ② (21)	يَخْرُجُ ⑤⑥	مِنْهُمَا ②	اللُّؤْلُؤُ
تم دونوں جھٹلاؤ گے	نکلتے ہیں	(اُن) دونوں سے	موتی

وَ	الْمَرْجَانُ ج (22)	فَبِاَيِّ الْآءِ ①	رَبِّكُمَا ②
اور	مونگے	توکون (کون سی) نعمتوں کو	اپنے رب (کی)

تُكَذِّبٰنِ ② (23)	وَ	لَهُ ⑦	الْجَوَارِ	الْمُنْشَئٰتُ
تم دونوں جھٹلاؤ گے	اور	اسی کے (ہیں)	جہاز	بادبان اٹھائے ہوئے

فِي الْبَحْرِ	كَالْاَعْلَامِ ج (24)	فَبِاَيِّ الْآءِ ①	رَبِّكُمَا ②
سمندر میں	پہاڑوں کی طرح	توکون (کون سی) نعمتوں کو	اپنے رب (کی)

النصف

ضروری وضاحت

① لفظ کے شروع میں فَ کا ترجمہ پس، تو، پھر اور سو ہوتا ہے۔② علامت كُمَا، هُمَا، يْنِ، انِ میں تعداد میں دو ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔③ اس سے مُراد ایک کھارے پانی اور ایک میٹھے پانی کا سمندر ہے جن کی لہریں آپس میں ملتی ہیں مگر اس کے باوجود آپس میں مکس نہیں ہوتیں۔④ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔⑤ یہ فعل واحد ہے ضرورتاً ترجمہ جمع میں کیا گیا ہے۔⑥ علامت يَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔⑦ لَهٗ میں لَ دراصل لِ تھا یہ پڑھنے میں آسانی کے لیے لَ ہو جاتا ہے۔

ع 1 25 11

تُكَذِّبٰنِ ﴿25﴾ ع	تم دونوں جھٹلاؤ گے۔ ﴿25﴾ ع
كُلُّ مَنْ عَلَيْهَا فَانٍ ﴿26﴾ صلے ج	ہر ایک جو اس (زمین) پر ہے فنا ہونیوالا ہے۔ ﴿26﴾
وَّ يَبْقٰى وَجْهُ رَبِّكَ	اور باقی رہے گا آپ کے رب کا چہرہ
ذُو الْجَلٰلِ وَالْاِكْرَامِ ﴿27﴾ ج	(جو) صاحب جلال اور عزت والا ہے۔ ﴿27﴾
فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا	تو اپنے رب کی کون (کون) سی نعمتوں کو
تُكَذِّبٰنِ ﴿28﴾ يَسْـَٔلُهٗ	تم دونوں جھٹلاؤ گے ﴿28﴾ سوال کرتا ہے اسی سے
مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ط	جو آسمانوں اور زمین میں ہے
كُلَّ يَوْمٍ هُوَ فِيْ شَاْنٍ ﴿29﴾ ج	ہر دن وہ ایک (نئی) شان میں ہے۔ ﴿29﴾
فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا	تو اپنے رب کی کون (کون) سی نعمتوں کو
تُكَذِّبٰنِ ﴿30﴾ سَنَفْرُغُ	تم دونوں جھٹلاؤ گے۔ ﴿30﴾ عنقریب ہم فارغ ہونگے
لَكُمْ اَيُّهَا الثَّقَلٰنِ ﴿31﴾ ج	تمہارے لیے اے دو بڑے گروہو (جن وانس) ﴿31﴾
فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا	تو اپنے رب کی کون (کون) سی نعمتوں کو

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

كُلُّ	کل نمبر، کل کائنات، کل جہان۔	يَسْـَٔلُهٗ	سوال، سائل، مسئول، سوالات۔
عَلَيْهَا	علی الاعلان، علی العموم، علیحدہ۔	السَّمٰوٰتِ	ارض وسما، کتب ساویہ، آفات ساویہ۔
فَانٍ	فنا، فانی۔	الْاَرْضِ	ارض وسما، قطعۂ اراضی، ارض مقدس۔
يَبْقٰى	باقی، باقیات، بقایا۔	يَوْمٍ	یوم، ایام، یوم آخرت، یوم آزادی۔
وَجْهُ	وجاہت، توجہ، متوجہ، علیٰ وجہ البصیرت۔	فِيْ	فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔
ذُو	ذوالجلال، ذومعنی، ذواضعاف اقل۔	شَاْنٍ	کیا شان ہے، نئی آن نئی شان۔
الْجَلٰلِ	عظمت وجلال، رب ذوالجلال۔	سَنَفْرُغُ	فارغ، فراغت۔
الْاِكْرَامِ	کرم، کریم، اکرام، تکریم۔		

ع 1 25 11

تُكَذِّبٰنِ ع (25)	كُلُّ	مَنْ ①	عَلَيْهَا	فَانٍ ② صلے (26)
تم دونوں جھٹلاؤ گے	ہر ایک	جو	اس (زمین) پر (ہے)	فنا ہونے والا (ہے)

وَّ	يَبْقٰى	وَجْهُ رَبِّكَ	ذُو الْجَلٰلِ ③	وَ الْاِكْرَامِ ج (27)
اور	وہ باقی رہے گا	آپ کے رب کا چہرہ	(جو) صاحب جلال	اور عزت والا (ہے)

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ	رَبِّكُمَا	تُكَذِّبٰنِ (28)
تو کون (کون سی) نعمتوں کو	اپنے رب (کی)	تم دونوں جھٹلاؤ گے

يَسْـَٔلُهٗ	مَنْ ①	فِي السَّمٰوٰتِ ④	وَ	الْاَرْضِ ط
وہ سوال کرتا اسی سے	جو	آسمانوں میں (ہے)	اور	زمین (میں ہے)

كُلَّ	يَوْمٍ	هُوَ ⑤	فِيْ شَاْنٍ ⑥ ج (29)	فَبِاَيِّ اٰلَآءِ
ہر	دن	وہ	ایک (نئی) شان میں (ہے)	تو کون (کون سی) نعمتوں کو

رَبِّكُمَا	تُكَذِّبٰنِ (30)	سَنَفْرُغُ	لَكُمْ ⑦
اپنے رب (کی)	تم دونوں جھٹلاؤ گے	عنقریب ضرور ہم فارغ ہونگے	تمہارے لیے

اَيُّهَا	الثَّقَلٰنِ ج (31)	فَبِاَيِّ اٰلَآءِ	رَبِّكُمَا
اے	دو بڑے گروہو (جن وانس)	تو کون (کون سی) نعمتوں کو	اپنے رب (کی)

ضروری وضاحت

① مَنْ کا ترجمہ کبھی جو، جس اور کبھی کون، کس کیا جاتا ہے۔② یہ دراصل فَانِیٌ تھا گرامر کے اصول کے مطابق ی گرا دی گئی ہے۔③ ذُوْ واحد مذکر کی علامت ہے، ترجمہ والا کیا جاتا ہے۔④ ات جمع مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔⑤ هُوَ واحد مذکر کی اور هِيَ واحد مؤنث کی علامت ہوتی ہے دونوں کا ترجمہ وہ کیا جاتا ہے۔⑥ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے، اس لیے ترجمہ ایک ہوا ہے۔⑦ لَكُمْ میں لَ دراصل لِ تھا پڑھنے میں آسانی کے لیے لَ استعمال ہوا ہے۔

تُكَذِّبٰنِ ﴿32﴾ يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ	تم دونوں جھٹلاؤ گے۔﴿32﴾ اے جن وانس کی جماعت
اِنِ اسْتَطَعْتُمْ اَنْ تَنْفُذُوْا	اگر تم طاقت رکھتے ہو کہ تم نکل جاؤ
مِنْ اَقْطَارِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ	آسمانوں اور زمین کے کناروں سے
فَانْفُذُوْا ؕ لَا تَنْفُذُوْنَ	تو تم نکل جاؤ، تم نہیں نکل سکو گے
اِلَّا بِسُلْطٰنٍ ﴿33﴾	مگر غلبے (اور طاقت) سے۔﴿33﴾
فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا	تو اپنے رب کی کون (کون) سی نعمتوں کو
تُكَذِّبٰنِ ﴿34﴾	تم دونوں جھٹلاؤ گے۔﴿34﴾
يُرْسَلُ عَلَيْكُمَا شُوَاظٌ مِّنْ نَّارٍ ۙ	چھوڑا جائے گا تم دونوں پر آگ کا شعلہ
وَّنُحَاسٌ فَلَا تَنْتَصِرٰنِ ﴿35﴾	اور دھواں (بھی) تو تم مقابلہ نہ کر سکو گے۔﴿35﴾
فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا	تو اپنے رب کی کون (کون) سی نعمتوں کو
تُكَذِّبٰنِ ﴿36﴾ فَاِذَا انْشَقَّتِ السَّمَآءُ	تم دونوں جھٹلاؤ گے ﴿36﴾ پھر جب آسمان پھٹ جائے گا
فَكَانَتْ وَرْدَةً كَالدِّهَانِ ﴿37﴾	تو وہ گلابی ہو جائے گا سرخ چمڑے کی طرح۔﴿37﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

تُكَذِّبٰنِ	کذب بیانی، کذاب، کاذب، تکذیب۔	اِلَّا	الا ماشاء اللہ، الا قلیل، الا یہ کہ۔
يٰمَعْشَرَ	معاشرہ، معاشرت، معاشرتی معاملات۔	بِسُلْطٰنٍ	سلطان، سلطانی گواہ، سلطنت۔
الْجِنِّ	جن، جنات، جن وانس۔	رَبِّكُمَا	رب، ربوبیت، رب العالمین۔
الْاِنْسِ	جنّ وانس، انسان، انسانیت۔	يُرْسَلُ	رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔
اسْتَطَعْتُمْ	استطاعت، حسب استطاعت۔	عَلَيْكُمَا	علی الاعلان، علی العموم، علیحدہ۔
مِنْ	منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	نَّارٍ	یہ خاکی اپنی فطرت میں نوری ہے نہ ناری۔
السَّمٰوٰتِ	ارض وسما، کتب سماویہ، آفات سماویہ۔	انْشَقَّتِ	شق الارض، واقعہ شق صدر، شق قمر۔
لَا	لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔		

تُكَذِّبٰنِ (32)	يٰمَعْشَرَ	الْجِنِّ وَالْاِنْسِ	اِنِ (1)	اسْتَطَعْتُمْ
تم دونوں جھٹلاؤ گے	اے جماعت	جن اور انس (کی)	اگر	تم طاقت رکھتے ہو

اَنْ (1)	تَنْفُذُوْا	مِنْ اَقْطَارِ السَّمٰوٰتِ (2)	وَالْاَرْضِ	فَانْفُذُوْا (3) ط
کہ	تم سب نکل جاؤ	آسمانوں کے کناروں سے	اور زمین (کے)	تو تم سب نکل جاؤ

لَا تَنْفُذُوْنَ (4)	اِلَّا	بِسُلْطٰنٍ (33) ج	فَبِاَيِّ اٰلَآءِ (3)
نہیں تم سب نکل سکو گے	مگر	غلبے (طاقت) سے	تو کون (کون سی) نعمتوں کو

رَبِّكُمَا	تُكَذِّبٰنِ (34)	يُرْسَلُ (5)	عَلَيْكُمَا	شُوَاظٌ
اپنے رب (کی)	تم دونوں جھٹلاؤ گے	وہ چھوڑا جائے گا	تم دونوں پر	شعلہ

مِّنْ نَّارٍ ۙ	وَّ	نُحَاسٌ	فَلَا تَنْتَصِرٰنِ (3) (35) ج	فَبِاَيِّ اٰلَآءِ (3)
آگ سے	اور	دھواں (بھی)	تو تم دونوں مقابلہ نہ کرسکو گے	تو کون (کون سی) نعمتوں کو

رَبِّكُمَا	تُكَذِّبٰنِ (36)	فَاِذَا (3)	انْشَقَّتِ (6)(7)
اپنے رب (کی)	تم دونوں جھٹلاؤ گے	پھر جب	پھٹ جائے گا

السَّمَآءُ	فَكَانَتْ (3)(6)(7)	وَرْدَةً (2)	كَالدِّهَانِ (37) ج
آسمان	تو وہ ہو جائے گا	گلابی	سرخ چمڑے کی طرح

ضروری وضاحت

(1) اِنْ کا ترجمہ اگر ہوتا ہے اور اَنْ کا ترجمہ کہ ہوتا ہے۔ (2) ات جمع مؤنث کی علامت اور ۃ واحد مؤنث کی علامت ہے۔ (3) لفظ کے شروع میں فَ کا ترجمہ پس، تو، پھر کبھی سو ہوتا ہے۔ (4) لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْنَ میں کام نہ ہونے کی خبر ہوتی ہے۔ (5) یُ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو اس فعل میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔ (6) تْ فعل کے آخر میں واحد مؤنث کی علامت ہے اگلے لفظ سے ملاتے ہوئے اسے زیر دیتے ہیں۔ (7) یہ گزرے ہوئے زمانے کا فعل ہے ضرورتاً ترجمہ مستقبل میں کیا گیا ہے۔

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا	تو اپنے رب کی کون (کون) سی نعمتوں کو
تُكَذِّبٰنِ ﴿38﴾ فَيَوْمَئِذٍ	تم دونوں جھٹلاؤ گے۔ ﴿38﴾ پھر اس دن
لَّا يُسْـَٔلُ عَنْ ذَنْۢبِهٖٓ	نہیں پوچھا جائے گا اسکے گناہ کے بارے میں
اِنْسٌ وَّلَا جَآنٌّ ﴿39﴾	(نہ) کسی انسان سے اور نہ کسی جن سے۔ ﴿39﴾
فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا	تو اپنے رب کی کون (کون) سی نعمتوں کو
تُكَذِّبٰنِ ﴿40﴾ يُعْرَفُ الْمُجْرِمُوْنَ	تم دونوں جھٹلاؤ گے۔ ﴿40﴾ مجرم پہچان لیے جائینگے
بِسِيْمٰهُمْ فَيُؤْخَذُ	اپنے (چہرے کی) علامت سے پھر (انہیں) پکڑا جائے گا
بِالنَّوَاصِيْ وَالْاَقْدَامِ ﴿41﴾	پیشانیوں (کے بالوں) اور قدموں سے۔ ﴿41﴾
فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا	تو اپنے رب کی کون (کون) سی نعمتوں کو
تُكَذِّبٰنِ ﴿42﴾ هٰذِهٖ جَهَنَّمُ	تم دونوں جھٹلاؤ گے۔ ﴿42﴾ (کہا جائے گا) یہی وہ جہنم ہے
الَّتِيْ يُكَذِّبُ بِهَا الْمُجْرِمُوْنَ ﴿43﴾	جس کو مجرم لوگ جھٹلایا کرتے تھے۔ ﴿43﴾
يَطُوْفُوْنَ بَيْنَهَا	وہ چکر لگائیں گے اس (جہنم) کے درمیان

وقف لازم

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

فَيَوْمَئِذٍ	یوم، ایام، یوم آخرت، یوم آزادی۔	فَيُؤْخَذُ	اخذ، ماخوذ، مؤاخذہ۔
لَّا	لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔	الْاَقْدَامِ	مقدم، اقدام، قدم۔
يُسْـَٔلُ	سوال، سائل، مسئول، سوالات۔	هٰذِهٖ	حامل رقعہ ہذا، الہذا، ہٰذا من فضل ربی۔
اِنْسٌ	جِنّ واِنس، انسان، انسانیت۔	جَهَنَّمُ	جہنم، جہنمی۔
وَّ	لیل ونہار، رحم وکرم، شان وشوکت۔	يُكَذِّبُ	کذب بیانی، کذاب، کاذب، تکذیب۔
جَآنٌّ	جن، جنات، جن وانس۔	يَطُوْفُوْنَ	طواف، طواف بیت اللہ، مطاف۔
يُعْرَفُ	عرف، معروف، تعارف۔	بَيْنَهَا	بین بین، بین السطور، بین الاقوامی۔
الْمُجْرِمُوْنَ	جرم، جرائم، مجرم۔		

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ	رَبِّكُمَا	تُكَذِّبٰنِ (38)	فَيَوْمَئِذٍ
تو کون (کون سی) نعمتوں کو	اپنے رب (کی)	تم دونوں جھٹلاؤ گے	پھر اس دن

لَّا يُسْئَلُ ①	عَنْ ذَنْۢبِهٖٓ ②	اِنْسٌ ③	وَّلَا	جَآنٌّ ③ ج (39)
نہیں پوچھا جائے گا	اسکے گناہ کے بارے میں	(نہ) کسی انسان (سے)	اور نہ	کسی جن (سے)

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ	رَبِّكُمَا	تُكَذِّبٰنِ (40)	يُعْرَفُ ①④
تو کون (کون سی) نعمتوں کو	اپنے رب (کی)	تم دونوں جھٹلاؤ گے	پہچان لیے جائینگے

الْمُجْرِمُوْنَ	بِسِيْمٰهُمْ ⑤⑥	فَيُؤْخَذُ ①	بِالنَّوَاصِيْ ⑤
سب مجرم	اپنے (چہرے کی) علامت سے	پھر پکڑا جائے گا (انہیں)	پیشانیوں (کے بالوں) سے

وَ	الْاَقْدَامِ ج (41)	فَبِاَيِّ اٰلَآءِ	رَبِّكُمَا
اور	قدموں (سے)	تو کون (کون سی) نعمتوں کو	اپنے رب (کی)

تُكَذِّبٰنِ (42)	هٰذِهٖ ⑦	جَهَنَّمُ	الَّتِيْ ⑦	يُكَذِّبُ
تم دونوں جھٹلاؤ گے	(کہا جائے گا) یہی	جہنم (ہے)	جس (کو)	وہ جھٹلایا کرتے تھے

بِهَا ⑤	الْمُجْرِمُوْنَ م (43)	يَطُوْفُوْنَ	بَيْنَهَا
اس کو	مجرم لوگ	وہ سب چکر لگائیں گے	اس (جہنم) کے درمیان

وقف لازم

ضروری وضاحت

① اگر یہ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو اس فعل میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے، یہاں علامت یہ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔② اسم کے آخر میں ہٗ یا ہٖ کا ترجمہ اسکا یا اپنا کیا جاتا ہے۔③ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔④ یہ فعل واحد ہے ضرورتاً ترجمہ جمع میں کیا گیا ہے۔⑤ بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی بدلہ اور کبھی بسبب، بوجہ، بذریعہ کیا جاتا ہے۔⑥ اسم کے آخر میں هُمْ کا ترجمہ ان کا یا اپنا کیا جاتا ہے۔⑦ هٰذَا واحد مذکر اور هٰذِهٖ اور اَلَّتِيْ واحد مؤنث کی علامتیں ہیں

وَ بَيْنَ حَمِيْمٍ اٰنٍ ﴿44﴾	اور کھولتے ہوئے سخت گرم پانی کے درمیان۔ ﴿44﴾
فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا	تو اپنے رب کی کون (کون) سی نعمتوں کو
تُكَذِّبٰنِ ﴿45﴾ وَ لِمَنْ خَافَ	تم دونوں جھٹلاؤ گے۔ ﴿45﴾ اور (اس) کے لیے جو ڈر گیا
مَقَامَ رَبِّهٖ جَنَّتٰنِ ﴿46﴾	اپنے رب کے سامنے کھڑے ہونے سے دو باغ ہیں ﴿46﴾
فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا	تو اپنے رب کی کون (کون) سی نعمتوں کو
تُكَذِّبٰنِ ﴿47﴾ ذَوَاتَاۤ اَفْنَانٍ ﴿48﴾	تم دونوں جھٹلاؤ گے۔ ﴿47﴾ دونوں شاخوں والے ہیں ﴿48﴾
فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا	تو اپنے رب کی کون (کون) سی نعمتوں کو
تُكَذِّبٰنِ ﴿49﴾	تم دونوں جھٹلاؤ گے۔ ﴿49﴾
فِيْهِمَا عَيْنٰنِ تَجْرِيٰنِ ﴿50﴾	ان دونوں میں دو چشمے بہہ رہے ہوں گے۔ ﴿50﴾
فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا	تو اپنے رب کی کون (کون) سی نعمتوں کو
تُكَذِّبٰنِ ﴿51﴾	تم دونوں جھٹلاؤ گے۔ ﴿51﴾
فِيْهِمَا مِنْ كُلِّ فَاكِهَةٍ زَوْجٰنِ ﴿52﴾	ان دونوں میں ہر پھل کی دو (دو) قسمیں ہونگی۔ ﴿52﴾

ع 2/20/12

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

وَ	: لیل ونہار، رحم وکرم، شان وشوکت۔	جَنَّتٰنِ	: جنت الفردوس، جنات۔
بَيْنَ	: بین بین، بین السطور، بین الاقوامی۔	فِيْهِمَا	: فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔
رَبِّكُمَا	: رب، ربوبیت، رب العالمین۔	تَجْرِيٰنِ	: جاری، اجرا۔
تُكَذِّبٰنِ	: کذب بیانی، کذاب، کاذب، تکذیب۔	مِنْ	: منجانب، من وعن، من حیث القوم۔
خَافَ	: خوف، خائف، خوف وہراس۔	كُلِّ	: کل نمبر، کل کائنات، کل جہان۔
مَقَامَ	: قائم مقام، اقامت، مقیم، اقامت گاہ۔		

وَ	بَيْنَ حَمِيْمٍ	اٰنٍ ① ج (44)	فَبِاَيِّ اٰلَآءِ
اور	سخت گرم پانی کے درمیان	کھولتے ہوئے	تو کون (کون سی) نعمتوں کو

ع 2 20 12

رَبِّكُمَا ②	تُكَذِّبٰنِ ② ع (45)	وَ	لِمَنْ ③	خَافَ
اپنے رب (کی)	تم دونوں جھٹلاؤ گے	اور	(اس) کے لیے جو	ڈر گیا

مَقَامَ رَبِّهٖ ④	جَنَّتٰنِ ② ج (46)	فَبِاَيِّ اٰلَآءِ	رَبِّكُمَا ②
اپنے رب کے سامنے کھڑے ہونے سے	دو باغ (ہیں)	تو کون (کون سی) نعمتوں کو	اپنے رب (کی)

تُكَذِّبٰنِ ② لا (47)	ذَوَاتَآ اَفْنَانٍ ⑤ ج (48)	فَبِاَيِّ اٰلَآءِ
تم دونوں جھٹلاؤ گے	دونوں شاخوں والے (ہیں)	تو کون (کون سی) نعمتوں کو

رَبِّكُمَا ②	تُكَذِّبٰنِ ② (49)	فِيْهِمَا ②	عَيْنٰنِ ②⑥
اپنے رب (کی)	تم دونوں جھٹلاؤ گے	ان دونوں میں	دو چشمے

تَجْرِيٰنِ ② ج (50)	فَبِاَيِّ اٰلَآءِ	رَبِّكُمَا ②
دونوں بہہ رہے ہوں گے	تو کون (کون سی) نعمتوں کو	اپنے رب (کی)

تُكَذِّبٰنِ ② (51)	فِيْهِمَا ②	مِنْ كُلِّ فَاكِهَةٍ	زَوْجٰنِ ②⑦ ج (52)
تم دونوں جھٹلاؤ گے	ان دونوں میں	ہر پھل سے	دو (دو) قسمیں (ہوں گی)

ضروری وضاحت

① اٰنٍ سے مُراد سخت کھولتا ہوا پانی ہے جو اُن کی آنتڑیوں کو کاٹ دے گا۔② علامت کُمَا، اٰنِ، ھُمَا میں تعداد میں دو ہونے کا مفہوم ہے۔③ مَنْ کا ترجمہ کبھی جو، جس اور کبھی کون، کس ہوتا ہے۔④ اسم کے آخر میں ہٖ کا ترجمہ اسکا یا اپنا کیا جاتا ہے۔⑤ ذَوَاتَا، ذَاتُ یا ذَوَاتُ (جو کہ مؤنث ہیں) سے تثنیہ ہے اور شاخوں والے سے مُراد گھنے اور سایہ دار ہے۔⑥ دو چشموں میں سے ایک کا نام تسنیم اور دوسرے کا سلسبیل بیان کیا جاتا ہے۔⑦ دو قسموں سے مُراد دو ذائقے ہیں یا ایک قسم خشک میوے کی اور دوسری تازہ کی۔

فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا	تو اپنے رب کی کون (کون) سی نعمتوں کو
تُكَذِّبٰنِ (53)	تم دونوں جھٹلاؤ گے۔ (53)
مُتَّكِـِٕیْنَ عَلٰى فُرُشٍۭ	(جنتی لوگ) تکیہ لگائے ہونگے (ایسے) بچھونوں پر
بَطَآىٕنُهَا مِنْ اِسْتَبْرَقٍؕ	(کہ) ان کے استر موٹے ریشم کے ہونگے
وَ جَنَا الْجَنَّتَیْنِ دَانٍ (54)	اور دونوں باغوں کے پھل قریب ہی ہونگے۔ (54)
فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا	تو اپنے رب کی کون (کون) سی نعمتوں کو
تُكَذِّبٰنِ (55)	تم دونوں جھٹلاؤ گے۔ (55)
فِیْهِنَّ قٰصِرٰتُ الطَّرْفِۙ	ان میں نیچی نگاہوں والی (حوریں) ہیں
لَمْ یَطْمِثْهُنَّ اِنْسٌ قَبْلَهُمْ	نہیں چھوا انہیں ان سے پہلے کسی انسان نے
وَ لَا جَآنٌّ (56)	اور نہ کسی جن نے۔ (56)
فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا	تو اپنے رب کی کون (کون) سی نعمتوں کو
تُكَذِّبٰنِ (57)	تم دونوں جھٹلاؤ گے۔ (57)

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

رَبِّكُمَا	رب، ربوبیت، رب العالمین۔	الْجَنَّتَیْنِ	جنت الفردوس، جنات۔
تُكَذِّبٰنِ	کذب بیانی، کذاب، کاذب، تکذیب۔	فِیْهِنَّ	فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔
مُتَّكِـِٕیْنَ	تکیہ، گاؤ تکیہ۔	اِنْسٌ	جنّ و اِنس، انسان، انسانیت۔
عَلٰى	علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	قَبْلَهُمْ	قبل از وقت، قبل الکلام، قبل از غذا۔
فُرُشٍ	عرش و فرش۔	لَا	لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔
مِنْ	منجانب، من و عن، من حیث القوم۔	جَآنٌّ	جن، جنات، جن و انس۔
وَ	لیل و نہار، رحم و کرم، شان و شوکت۔		

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ	رَبِّكُمَا	تُكَذِّبٰنِ (53)
تو کون (کون سی) نعمتوں کو	اپنے رب (کی)	تم دونوں جھٹلاؤ گے

مُتَّكِـِٕيْنَ ①	عَلٰى فُرُشٍۭ	بَطَآىِٕنُهَا ②
سب تکیہ لگانے والے (ہوں گے)	(ایسے) بچھونوں پر	(کہ) ان کے استر

مِنْ اِسْتَبْرَقٍ ط ③	وَجَنَا	الْجَنَّتَيْنِ	دَانٍ (54) ج
موٹے ریشم کے (ہونگے)	اور پھل	دونوں باغوں کے	قریب (ہی ہونگے)

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ	رَبِّكُمَا	تُكَذِّبٰنِ (55)	فِيْهِنَّ ④
تو کون (کون سی) نعمتوں کو	اپنے رب (کی)	تم دونوں جھٹلاؤ گے	اُن میں

قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ لا ⑤	لَمْ ⑥	يَطْمِثْهُنَّ ④
نیچی نگاہوں والی (حوریں ہیں)	نہیں	چھوا اُنہیں

اِنْسٌ ⑧	قَبْلَهُمْ	وَلَا	جَآنٌّ ⑧ (56) ج
کسی انسان (نے)	ان سے پہلے	اور نہ	کسی جن (نے)

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ	رَبِّكُمَا	تُكَذِّبٰنِ (57) ج
تو کون (کون سی) نعمتوں کو	اپنے رب (کی)	تم دونوں جھٹلاؤ گے

ضروری وضاحت

① اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔② هَا واحد مؤنث کی علامت ہے، کبھی جمع
کے لیے بھی استعمال ہوتی ہے۔③ یہاں مِنْ کا ترجمہ کے ضرورتاً کیا گیا ہے۔④ هِنَّ یا هُنَّ جمع مؤنث کی علامتیں ہیں۔
⑤ ات اسم کے ساتھ جمع مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔⑥ علامت لَمْ کے بعد فعل کا ترجمہ گزرے ہوئے
زمانے میں کیا جاتا ہے۔⑦ یہاں یَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔⑧ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔

كَاَنَّهُنَّ الْيَاقُوْتُ وَ الْمَرْجَانُ ۚ ﴿58﴾	گویا کہ وہ (عورتیں) یاقوت اور موتی ہیں۔ ﴿58﴾
فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا	تو اپنے رب کی کون (کون) سی نعمتوں کو
تُكَذِّبٰنِ ﴿59﴾ هَلْ جَزَآءُ الْاِحْسَانِ	تم دونوں جھٹلاؤ گے۔ ﴿59﴾ نہیں ہے احسان کا بدلہ
اِلَّا الْاِحْسَانُ ۚ ﴿60﴾	مگر احسان ہی۔ ﴿60﴾
فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا	تو اپنے رب کی کون (کون) سی نعمتوں کو
تُكَذِّبٰنِ ﴿61﴾	تم دونوں جھٹلاؤ گے۔ ﴿61﴾
وَمِنْ دُوْنِهِمَا	اور اُن دونوں (باغات) کے علاوہ
جَنَّتٰنِ ۚ ﴿62﴾	دو باغ (اور) ہونگے۔ ﴿62﴾
فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا	تو اپنے رب کی کون (کون) سی نعمتوں کو
تُكَذِّبٰنِ ۙ ﴿63﴾	تم دونوں جھٹلاؤ گے۔ ﴿63﴾
مُدْهَآمَّتٰنِ ۚ ﴿64﴾	دونوں باغ بہت گھرے سبز ہیں۔ ﴿64﴾
فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا	تو اپنے رب کی کون (کون) سی نعمتوں کو

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

- كَاَنَّهُنَّ : کالعدم، کماحقہ۔
- الْيَاقُوْتُ : یاقوت۔
- وَ : لیل ونہار، رحم وکرم، شان وشوکت۔
- الْمَرْجَانُ : یاقوت ومرجان، کشتۂ مرجان۔
- رَبِّكُمَا : رب، ربوبیت، رب العالمین۔
- تُكَذِّبٰنِ : کذب بیانی، کذاب، کاذب، تکذیب۔
- جَزَآءُ : جزاء وسزا، جزاک اللہ خیراً، جزائے خیر۔
- الْاِحْسَانِ : احسان کا بدلہ احسان۔
- اِلَّا : اِلا ماشاءاللہ، اِلاقلیل، اِلا یہ کہ۔
- مِنْ : منجانب، من وعن، من حیث القوم۔
- جَنَّتٰنِ : جنت الفردوس، جنات۔

كَاَنَّهُنَّ ①②	الْيَاقُوْتُ	وَ	الْمَرْجَانُ ﴿58﴾ ج
گویا کہ وہ (عورتیں)	یاقوت	اور	موتی (ہیں)

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ	رَبِّكُمَا	تُكَذِّبٰنِ ﴿59﴾
تو کون (کون سی) نعمتوں کو	اپنے رب (کی)	تم دونوں جھٹلاؤ گے

هَلْ ③	جَزَآءُ	الْاِحْسَانِ ④	اِلَّا
نہیں (ہے)	بدلہ	احسان (کا)	مگر

الْاِحْسَانُ ④ ﴿60﴾ ج	فَبِاَيِّ اٰلَآءِ	رَبِّكُمَا
احسان (ہی ہے)	تو کون (کون سی) نعمتوں کو	اپنے رب (کی)

تُكَذِّبٰنِ ﴿61﴾	وَ	مِنْ دُوْنِهِمَا ⑤	جَنَّتٰنِ ﴿62﴾ ج
تم دونوں جھٹلاؤ گے	اور	ان دونوں (باغات) کے علاوہ	(اور) دو باغ (ہوں گے)

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ	رَبِّكُمَا	تُكَذِّبٰنِ ﴿63﴾ لا
تو کون (کون سی) نعمتوں کو	اپنے رب (کی)	تم دونوں جھٹلاؤ گے

مُدْهَآمَّتٰنِ ⑥ ﴿64﴾ ج	فَبِاَيِّ اٰلَآءِ	رَبِّكُمَا
دونوں (باغ) بہت گہرے سبز (ہیں)	تو کون (کون سی) نعمتوں کو	اپنے رب کی

ضروری وضاحت

① كَاَنَّ اسم کے شروع میں تشبیہ کے لیے استعمال ہوتا ہے۔② هُنَّ جمع مؤنث کی علامت ہے، مُراد حوریں ہیں۔③ هَلْ کا اصل ترجمہ کیا ہوتا ہے اگر اس کے بعد اِلَّا آ رہا ہو تو اس هَلْ کا ترجمہ نہیں کیا جاتا ہے۔④ یہاں پہلے احسان سے مُراد نیکی اور عبادت ہے اور دوسرے احسان سے مُراد اس کا بدلہ نعمتیں اور جنت ہے۔⑤ لفظ دُوْنَ سے پہلے مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی۔⑥ دونوں باغ بہت گہرے سبز ہوں گے جس کی وجہ کثرت سے سیراب ہونے اور سبزے کی فراوانی ہوگی۔

تُكَذِّبٰنِ ﴿65﴾	تم دونوں جھٹلاؤ گے۔ ﴿65﴾
فِيْهِمَا عَيْنٰنِ نَضَّاخَتٰنِ ﴿66﴾	ان دونوں میں جوش مارتے ہوئے دو چشمے ہیں۔ ﴿66﴾
فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا	تو اپنے رب کی کون (کون) سی نعمتوں کو
تُكَذِّبٰنِ ﴿67﴾	تم دونوں جھٹلاؤ گے۔ ﴿67﴾
فِيْهِمَا فَاكِهَةٌ	ان دونوں میں پھل
وَّ نَخْلٌ وَّ رُمَّانٌ ﴿68﴾	اور کھجور کے درخت اور انار ہیں۔ ﴿68﴾
فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا	تو اپنے رب کی کون (کون) سی نعمتوں کو
تُكَذِّبٰنِ ﴿69﴾	تم دونوں جھٹلاؤ گے۔ ﴿69﴾
فِيْهِنَّ خَيْرٰتٌ حِسَانٌ ﴿70﴾	ان میں نیک سیرت اور خوبصورت (عورتیں) ہیں۔ ﴿70﴾
فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا	تو اپنے رب کی کون (کون) سی نعمتوں کو
تُكَذِّبٰنِ ﴿71﴾	تم دونوں جھٹلاؤ گے۔ ﴿71﴾
حُوْرٌ مَّقْصُوْرٰتٌ فِي الْخِيَامِ ﴿72﴾	(وہ) حوریں ہیں خیموں میں مستور۔ ﴿72﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

تُكَذِّبٰنِ	:	کذب بیانی، کذاب، کاذب، تکذیب۔	خَيْرٰتٌ	:	خیرات، خیریت۔
فِيْهِمَا	:	فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔	حِسَانٌ	:	حسن، تحسین، حسین۔
رَبِّكُمَا	:	رب، ربوبیت، رب العالمین۔	حُوْرٌ	:	حور، حوریں۔
وَّ	:	لیل ونہار، رحم وکرم، شان وشوکت۔	فِي	:	فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔
نَخْلٌ	:	نخل، نخلستان۔	الْخِيَامِ	:	خیمہ، خیمے، خیمہ بستی۔

تُكَذِّبٰنِ ① ج (65)	فِيْهِمَا ①	عَيْنٰنِ ①	نَضَّاخَتٰنِ ① ج (66)
تم دونوں جھٹلاؤ گے	ان دونوں میں	دو چشمے (ہیں)	دونوں جوش مارتے ہوئے

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ	رَبِّكُمَا ①	تُكَذِّبٰنِ ① (67)
توکون (کون سی) نعمتوں کو	اپنے رب (کی)	تم دونوں جھٹلاؤ گے

فِيْهِمَا ①	فَاكِهَةٌ ②	وَّ	نَخْلٌ
ان دونوں میں	پھل	اور	کھجور کے درخت

وَّ	رُمَّانٌ ج (68)	فَبِاَيِّ اٰلَآءِ	رَبِّكُمَا ①
اور	انار (ہیں)	توکون (کون سی) نعمتوں کو	اپنے رب کی

تُكَذِّبٰنِ ① ج (69)	فِيْهِنَّ ③	خَيْرٰتٌ ②	حِسَانٌ ④ ج (70)
تم دونوں جھٹلاؤ گے	ان میں	نیک سیرت	خوبصورت (عورتیں ہیں)

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ	رَبِّكُمَا ①	تُكَذِّبٰنِ ① ج (71)
توکون (کون سی) نعمتوں کو	اپنے رب کی	تم دونوں جھٹلاؤ گے

حُوْرٌ	مَّقْصُوْرٰتٌ ②	فِي الْخِيَامِ ⑤ ج (72)
(وہ) حوریں (ہیں)	مستور (ٹھہرائی ہوئی)	خیموں میں

ضروری وضاحت

①علامت اِنِ ، هِمَا، هُمَا اور كُمَا میں تعداد میں دو ہونے کا مفہوم ہے۔② ةٌ اور ات مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔③ هِنَّ یا هُنَّ جمع مؤنث کی علامتیں ہیں۔④ حِسَانٌ سے مُراد ایسی عورتیں ہیں جو حسن و جمال میں یکتا ہوں گی۔⑤ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جنت میں موتیوں کے خیمے ہوں گے جن کا عرض ساٹھ میل ہوگا جن کے ہر کونے میں جنتی ہوں گے جن کو دوسرے کونے والے نہیں دیکھ سکیں گے اور مومن اس میں گھومے گا۔ (صحیح بخاری، صحیح مسلم)

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا	تو اپنے رب کی کون (کون) سی نعمتوں کو
تُكَذِّبٰنِ ﴿73﴾	تم دونوں جھٹلاؤ گے۔ (73)
لَمْ يَطْمِثْهُنَّ اِنْسٌ	نہیں چھوا انہیں کسی انسان نے
قَبْلَهُمْ وَلَا جَآنٌّ ﴿74﴾	ان (جنت والوں) سے پہلے اور نہ کسی جن نے۔ (74)
فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا	تو اپنے رب کی کون (کون) سی نعمتوں کو
تُكَذِّبٰنِ ﴿75﴾	تم دونوں جھٹلاؤ گے۔ (75)
مُتَّكِـِٕيْنَ عَلٰى رَفْرَفٍ خُضْرٍ	تکیہ لگائے ہونگے سبز قالینوں پر
وَّعَبْقَرِيٍّ حِسَانٍ ﴿76﴾	اور نادر اور نفیس (مسندوں پر)۔ (76)
فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا	تو اپنے رب کی کون (کون) سی نعمتوں کو
تُكَذِّبٰنِ ﴿77﴾	تم دونوں جھٹلاؤ گے۔ (77)
تَبٰرَكَ اسْمُ رَبِّكَ	بہت برکت والا ہے آپ کے رب کا نام
ذِى الْجَلٰلِ وَالْاِكْرَامِ ﴿78﴾ ع 33 13	(جو) صاحب جلال اور عزت والا ہے۔ (78)

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

تُكَذِّبٰنِ	کذب بیانی، کذاب، کاذب، تکذیب۔	حِسَانٍ	حسن، محسن، تحسین، احسان۔
اِنْسٌ	جنّ و اِنس، انسان، انسانیت۔	تَبٰرَكَ	برکت، برکات، مبارک، تبرک۔
تم میں سے	اور	اُن سب نے خرچ کیا	اُن کے لیے	اجر (ہے)	بہت بڑا

ضروری وضاحت

① هُوَ واحد مذکر کی علامت ہے اور اس کا ترجمہ وہ کیا جاتا ہے۔② اَيْنَ مَا قرآنی کتابت میں یوں لکھا گیا ہے ورنہ یہ ایک ہی لفظ ہے۔③ بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے کو کبھی پر کبھی بدلہ ہوتا ہے۔④ فَعِيْلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔⑤ لَهٗ اور لَهُمْ میں لَ دراصل لِ تھا یہ پڑھنے میں آسانی کیلئے لَ ہو جاتا ہے۔⑥ علامت تُ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔⑦ یہاں علامت يْنَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

● سرخ رنگ : ایک علامت کیلئے ● نیلا رنگ : دوسری علامت کیلئے ● کالا رنگ : اصل لفظ کیلئے

وَ مَا لَكُمْ لَا تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ ۚ	اور کیا ہوا ہے تم کو (کہ) تم اللہ پر ایمان نہیں لاتے
وَ الرَّسُوْلُ يَدْعُوْكُمْ	حالانکہ رسول تمہیں دعوت دے رہا ہے
لِتُؤْمِنُوْا بِرَبِّكُمْ	کہ تم اپنے رب پر ایمان لاؤ
وَ قَدْ اَخَذَ مِيْثَاقَكُمْ	اور یقیناً وہ تم سے پختہ عہد (بھی) لے چکا ہے
اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿8﴾	اگر ہو تم ایمان لانے والے۔ ﴿8﴾
هُوَ الَّذِيْ يُنَزِّلُ	(اللہ) وہ ہے جو نازل کرتا ہے
عَلٰى عَبْدِهٖۤ اٰيٰتٍۭ بَيِّنٰتٍ لِّيُخْرِجَكُمْ	اپنے بندے پر واضح آیات تاکہ وہ نکالے تمہیں
مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ؕ وَ اِنَّ اللّٰهَ	اندھیروں سے روشنی کی طرف اور بیشک اللہ
بِكُمْ لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿9﴾	تم پر یقیناً بہت شفقت کرنیوالا بڑا مہربان ہے۔ ﴿9﴾
وَ مَا لَكُمْ اَلَّا تُنْفِقُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ	اور تمہیں کیا ہوا کہ تم اللہ کی راہ میں خرچ نہیں کرتے
وَ لِلّٰهِ مِيْرَاثُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ؕ	حالانکہ آسمان اور زمین کی میراث صرف اللہ کے لیے ہے
لَا يَسْتَوِيْ مِنْكُمْ مَّنْ اَنْفَقَ	وہ برابر نہیں تم میں سے جس نے خرچ کیا

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

لَا	لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔	عَبْدِهٖۤ	عبد، عابد، معبود، عبادت۔
تُؤْمِنُوْنَ	امن، ایمان، مومن۔	بَيِّنٰتٍ	بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔
الرَّسُوْلُ	رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔	لِّيُخْرِجَكُمْ	خارج، خروج، اخراج، وزیر خارجہ۔
يَدْعُوْكُمْ	دعا، داعی، مدعو، دعوت۔	الظُّلُمٰتِ	بحر ظلمات، ظلمت۔
اَخَذَ	اخذ، ماخوذ، مؤاخذہ۔	اِلَى	مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔
مِيْثَاقَكُمْ	میثاق مدینہ، وثوق، اُمید واثق۔	تُنْفِقُوْا	نان ونفقہ، انفاق فی سبیل اللہ۔
يُنَزِّلُ	نازل، نزول، انزال، منزل من اللہ۔	فِيْ	فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔
عَلٰى	علی الاعلان، علی العموم، علیحدہ۔	يَسْتَوِيْ	مساوی، مساوات، خط استوا۔

وَمَا ①	لَكُمْ	لَا تُؤْمِنُوْنَ ②	بِاللّٰهِ ج	وَالرَّسُوْلُ ①	يَدْعُوْكُمْ
اور کیا (ہے)	تم کو	نہیں تم سب ایمان لاتے	اللہ پر	حالانکہ رسول	وہ دعوت دیتا ہے تمہیں

لِتُؤْمِنُوْا ③	بِرَبِّكُمْ	وَقَدْ ①	اَخَذَ	مِيْثَاقَكُمْ	اِنْ
کہ تم سب ایمان لاؤ	اپنے رب پر	اور یقیناً	وہ لے چکا ہے	تم سے پختہ عہد (بھی)	اگر

كُنْتُمْ	مُّؤْمِنِيْنَ ④ (8)	هُوَ الَّذِيْ	يُنَزِّلُ	عَلٰى عَبْدِهٖٓ ⑤
ہوتم	سب ایمان لانے والے	(اللہ) وہ ہے جو	وہ نازل کرتا ہے	اپنے بندے پر

اٰيٰتٍۢ بَيِّنٰتٍ	لِّيُخْرِجَكُمْ ③	مِّنَ الظُّلُمٰتِ	اِلَى النُّوْرِ ط	وَ ①	اِنَّ
واضح آیات	تاکہ وہ نکالے تمہیں	اندھیروں سے	روشنی کی طرف	اور	بیشک

اللّٰهَ	بِكُمْ	لَرَءُوْفٌ ⑥⑦	رَّحِيْمٌ ⑦ (9)	وَ ①	مَا	لَكُمْ	اَلَّا ⑧
اللہ	تم پر	یقیناً بہت شفقت کرنیوالا	بڑا مہربان (ہے)	اور	کیا (ہوا)	تم کو	کہ نہیں

تُنْفِقُوْا	فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ	وَلِلّٰهِ ①	مِيْرَاثُ	السَّمٰوٰتِ
تم سب خرچ کرتے	اللہ کی راہ میں	حالانکہ (صرف) اللہ کیلئے (ہے)	میراث	آسمانوں (کی)

وَ ①	الْاَرْضِ ط	لَا يَسْتَوِيْ	مِنْكُمْ	مَّنْ	اَنْفَقَ
اور	زمین (کی)	نہیں وہ برابر	تم میں سے	جس نے	خرچ کیا

ضروری وضاحت

① وَ کا ترجمہ عموماً اور کبھی اس حال میں کہ اور کبھی قسم ہے کیا جاتا ہے۔② لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْنَ ہو تو اس میں کام نہ ہونے کی خبر ہوتی ہے۔③ فعل کے شروع میں لِ کا ترجمہ کبھی تاکہ اور کبھی چاہیے کہ کیا جاتا ہے۔④ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔⑤ اسم کے آخر میں ہٗ یا ہٖ کا ترجمہ اسکا یا اپنا کیا جاتا ہے۔⑥ لفظ کے شروع میں لَ تاکید کی علامت ہے۔⑦ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغہ کا مفہوم ہوتا ہے۔⑧ اَلَّا دراصل اَنْ + لَا کا مجموعہ ہے۔

مِنْ قَبْلِ الْفَتْحِ وَ قٰتَلَ ؕ	فتح (مکہ) سے پہلے اور جنگ کی (اسکے جس نے یہ عمل بعد میں کیے)
اُولٰٓئِكَ اَعْظَمُ دَرَجَةً	یہ (لوگ) درجے میں زیادہ عظیم ہیں
مِّنَ الَّذِيْنَ اَنْفَقُوْا	ان لوگوں سے جنہوں نے خرچ کیا
مِنْۢ بَعْدُ وَ قٰتَلُوْا ؕ	اس کے بعد اور انہوں نے جنگ کی
وَ كُلًّا وَّعَدَ اللّٰهُ الْحُسْنٰى ؕ	اور ہر ایک سے اللہ نے بھلائی کا وعدہ کیا ہے
وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ﴿10﴾ ع	اور اللہ (اس) سے جو تم عمل کرتے ہو خوب خبر دار ہے۔ ﴿10﴾
مَنْ ذَا الَّذِيْ يُقْرِضُ اللّٰهَ	کون ہے وہ جو قرض دے اللہ کو
قَرْضًا حَسَنًا فَيُضٰعِفَهٗ لَهٗ	قرض حسنہ پھر وہ کئی گناہ بڑھادے اُسے اسکے لیے
وَ لَهٗۤ اَجْرٌ كَرِيْمٌ ﴿11﴾ ج	اور اُس کے لیے اچھا اجر ہے۔ ﴿11﴾
يَوْمَ تَرَى الْمُؤْمِنِيْنَ	جس دن آپ دیکھیں گے مؤمن مردوں
وَالْمُؤْمِنٰتِ يَسْعٰى نُوْرُهُمْ	اور مؤمن عورتوں کو (کہ) ان (کے ایمان) کا نور دوڑ رہا ہوگا
بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَبِاَيْمَانِهِمْ	ان کے آگے اور ان کے دائیں طرف

ع 1/10 17

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

قَبْلِ	قبل از وقت، قبل الکلام، قبل از غذا۔	فَيُضٰعِفَهٗ	ذواضعاف اقل۔
الْفَتْحِ	افتتاح، فتح، فاتح، مفتوح، فتح مکہ۔	كَرِيْمٌ	کرم، اکرام، تکریم، محترم ومکرم۔
اَنْفَقُوْا	نان ونفقہ، انفاق فی سبیل اللہ۔	يَوْمَ	یوم، ایام، یوم آخرت، یوم آزادی۔
وَّعَدَ	وعدہ، وعید، مسیح موعود۔	تَرَى	رؤیت ہلال، مرئی وغیر مرئی اشیاء۔
بِمَا	بالکل، بالواسطہ/ ماحول، ماتحت، ماجرا۔	بَيْنَ	بین بین، بین المذاہب، بین الاقوامی۔
تَعْمَلُوْنَ	عمل، عامل، معمول، تعمیل، معمولات۔	اَيْدِيْهِمْ	ید بیضا، ید طولیٰ، رفع الیدین۔
خَبِيْرٌ	خبر، اخبار، مخبر، خبردار، باخبر۔	بِاَيْمَانِهِمْ	یمین ویسار، میمنہ ومیسرہ۔
يُقْرِضُ	قرض، مقروض، قرضہ۔	يَسْعٰى	سعی (بھاگ دوڑ) سعی لاحاصل۔

مِنْ قَبْلِ الْفَتْحِ	وَ قٰتَلَ ؕ	اُولٰٓئِكَ ①	اَعْظَمُ ②	دَرَجَةً ③
فتح (مکہ) سے پہلے	اور جنگ کی	یہ لوگ	زیادہ عظیم (ہیں)	درجے (میں)

مِّنَ الَّذِيْنَ	اَنْفَقُوْا	مِنْۢ بَعْدُ ④	وَ	قٰتَلُوْا ؕ
(اُن لوگوں) سے جن	سب نے خرچ کیا	(اِس کے) بعد	اور	ان سب نے جنگ کی

وَ كُلًّا	وَّعَدَ	اللّٰهُ ⑤	الْحُسْنٰى ③ ؕ	وَاللّٰهُ	بِمَا
اور ہرایک (سے)	وعدہ کیا ہے	اللہ نے	بھلائی (کا)	اور اللہ	(اس) سے جو

ع 1 10 17

تَعْمَلُوْنَ	خَبِيْرٌ ع ⑩	مَنْ ⑥	ذَا الَّذِيْ	يُقْرِضُ ⑦	اللّٰهَ ⑤
تم سب عمل کرتے ہو	خوب خبردار (ہے)	کون (ہے)	وہ جو	قرض دے	اللہ (کو)

قَرْضًا حَسَنًا	فَيُضٰعِفَهٗ	لَهٗ	وَلَهٗٓ	اَجْرٌ	كَرِيْمٌ ج ⑪
قرض حسنہ	پھر وہ کئی گنا بڑھا دے اُسے	اس کیلیۓ	اور اس کیلیۓ	اجر (ہے)	بہت اچھا

يَوْمَ	تَرَى	الْمُؤْمِنِيْنَ	وَ	الْمُؤْمِنٰتِ ③
(جس) دن	آپ دیکھیں گے	مؤمن مردوں	اور	مؤمن عورتوں (کو)

يَسْعٰى ⑦	نُوْرُهُمْ	بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ	وَ	بِاَيْمَانِهِمْ
(کہ) دوڑ رہا ہوگا	ان کا نور	اُنکے ہاتھوں کے درمیان (یعنی اُنکے آگے)	اور	انکے دائیں طرف سے

ضروری وضاحت

① اُولٰٓئِكَ کا اصل ترجمہ وہ لوگ ہے ضرورتاً ترجمہ یہ لوگ کردیا جاتا ہے اس کا استعمال بات میں زور ڈالنے کیلیۓ ہوتا ہے۔ ② اسم کے شروع میں أ میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔ ③ ة، ات اور ـٰی مؤنث کی علامتیں ہیں الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ④ لفظ بَعْدِ سے پہلے مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ ⑤ فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں پیش ہو وہ اس فعل کا فاعل اور اگر زبر ہو تو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔ ⑥ مَنْ کا ترجمہ کبھی جو، جس اور کبھی کون، کس کیا جاتا ہے۔ ⑦ یہاں یہ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

بُشْرٰىكُمُ	(تو ان سے کہا جائے گا) تم کو خوشخبری ہو
الْيَوْمَ جَنّٰتٌ	(کہ تمہارے لیے) آج (ایسے) باغات ہیں
تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ	(کہ) بہتی ہیں انکے نیچے سے نہریں
خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ	(وہ) ان میں ہمیشہ رہنے والے ہیں
ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۚ﴿12﴾	یہ ہی عظیم کامیابی ہے۔﴿12﴾
يَوْمَ يَقُوْلُ الْمُنٰفِقُوْنَ وَالْمُنٰفِقٰتُ	جس دن کہیں گے منافق مرد اور منافق عورتیں
لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوا انْظُرُوْنَا	(ان لوگوں) سے جو ایمان لائے ہمارا انتظار کرو
نَقْتَبِسْ مِنْ نُّوْرِكُمْ ۚ	(کہ) ہم بھی کچھ روشنی حاصل کرلیں تمہارے نور سے
قِيْلَ ارْجِعُوْا وَرَآءَكُمْ	(ان سے) کہا جائے گا واپس لوٹو اپنے پیچھے (دنیا میں)
فَالْتَمِسُوْا نُوْرًا ؕ فَضُرِبَ بَيْنَهُمْ	پھر نور تلاش کرو، پھر انکے درمیان کھڑی کردی جائے گی
بِسُوْرٍ لَّهٗ بَابٌ ؕ	ایک دیوار اس میں ایک دروازہ ہوگا
بَاطِنُهٗ فِيْهِ الرَّحْمَةُ	اور اس کی اندرونی جانب اس میں رحمت ہوگی

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

بُشْرٰىكُمُ	بشارت، بشیر ونذیر، مبشر، عشرہ مبشرہ۔	انْظُرُوْنَا	انتظار، منتظر۔
الْيَوْمَ	یوم، ایام، یوم آخرت، یوم پاکستان۔	نَقْتَبِسْ	اقتباس۔
تَجْرِيْ	جاری، اجرا۔	ارْجِعُوْا	رجوع، راجع، مرجع، رجعت پسندی۔
تَحْتِهَا	ماتحت، تحت الثریٰ، تحت الشعور۔	وَرَآءَكُمْ	ماورائے عدالت، ماورائے آئین۔
خٰلِدِيْنَ	خالد، خلد بریں۔	فَضُرِبَ	ضربِ کاری، مضروب۔
فِيْهَا	فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔	بَيْنَهُمْ	بین بین، بین السطور، بین الاقوامی۔
الْفَوْزُ	فوز وفلاح، عہدے پر فائز ہونا۔	بَابٌ	باب، ابواب، باب خیبر، بابِ رحمت۔
يَقُوْلُ	قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔	بَاطِنُهٗ	ظاہر وباطن، باطنی طور پر۔

بُشْرٰىكُمُ	الْيَوْمَ	جَنّٰتٌ ①	تَجْرِيْ ①	مِنْ تَحْتِهَا
خوشخبری ہو تم کو	آج	(ایسے) باغات (ہیں)	بہتی ہیں	اُن کے نیچے سے

الْاَنْهٰرُ	خٰلِدِيْنَ	فِيْهَا ؕ	ذٰلِكَ ②	هُوَ الْفَوْزُ ③
نہریں	ہمیشہ رہنے والے (ہیں)	اُن میں	یہ	ہی کامیابی (ہے)

الْعَظِيْمُ ۚ (12)	يَوْمَ	يَقُوْلُ	الْمُنٰفِقُوْنَ	وَالْمُنٰفِقٰتُ
بہت عظیم	(جس) دن	وہ کہیں گے	منافق مرد	اور منافق عورتیں

لِلَّذِيْنَ	اٰمَنُوا	انْظُرُوْنَا ④	نَقْتَبِسْ
(اُن لوگوں) سے جو	سب ایمان لائے	تم سب دیکھو ہمیں	(کہ) ہم (بھی) کچھ روشنی حاصل کرلیں

مِنْ نُّوْرِكُمْ ۚ	قِيْلَ ⑤⑥	ارْجِعُوْا	وَرَآءَكُمْ
تمہارے نور سے	(ان سے) کہا جائے گا	تم سب واپس لوٹو	اپنے پیچھے (دنیا میں)

فَالْتَمِسُوْا	نُوْرًا ؕ	فَضُرِبَ ⑥⑦	بَيْنَهُمْ	بِسُوْرٍ ⑧
پھر تم سب تلاش کرو	نور	پھر کھڑی کردی جائے گی	انکے درمیان	ایک دیوار

لَّهٗ	بَابٌ ؕ	بَاطِنُهٗ	فِيْهِ	الرَّحْمَةُ ①
اس کا	ایک دروازہ (ہوگا)	اس کی اندرونی جانب	اس میں	رحمت (ہوگی)

ضروری وضاحت

①اسم کے آخر میں ۃ، ات اور فعل کے شروع میں ت مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔②ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے، عموماً ضرورتاً ترجمہ یہ کیا جاتا ہے۔③ هُوَ کے بعد اَلْ میں ہی کا مفہوم ہے۔④علامت وْا کے بعد کوئی اور علامت لگانی ہو تو اس کا "ا" گر جاتا ہے۔ ⑤قِيْلَ دراصل قُوِلَ تھا، و گرامر کے اصول کے مطابق ی سے بدلی گئی ہے۔⑥یہ فعل ماضی ہے ضرورتاً ترجمہ مستقبل میں ہوا ہے۔⑦فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔⑧یہاں بِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

وَظَاهِرُهٗ مِنْ قِبَلِهِ الْعَذَابُ ﴿13﴾	اور اسکے بیرونی جانب اسکی طرف عذاب ہوگا۔ ﴿13﴾
يُنَادُوْنَهُمْ	وہ (منافق) پکاریں گے اُن (مؤمنوں) کو
اَلَمْ نَكُنْ مَّعَكُمْ ؕ	کیا (دنیا میں) ہم تمہارے ساتھ نہ تھے
قَالُوْا بَلٰى	وہ کہیں گے ہاں کیوں نہیں!
وَلٰكِنَّكُمْ فَتَنْتُمْ اَنْفُسَكُمْ	اور لیکن تم نے فتنے میں ڈالا اپنے نفسوں کو
وَتَرَبَّصْتُمْ	اور تم نے انتظار کیا (کہ مسلمان کسی گردش کا شکار ہو جائیں)
وَارْتَبْتُمْ وَغَرَّتْكُمُ	اور تم شک و شبہ میں پڑے رہے اور دھوکا دیا تمہیں
الْاَمَانِيُّ حَتّٰى جَآءَ اَمْرُ اللّٰهِ	(جھوٹی) آرزوؤں نے یہاں تک کہ اللہ کا حکم آپہنچا
وَغَرَّكُمْ بِاللّٰهِ	اور دغا دیا تمہیں اللہ کے بارے میں
الْغَرُوْرُ ﴿14﴾	(شیطان) دغا باز نے۔ ﴿14﴾
فَالْيَوْمَ لَا يُؤْخَذُ مِنْكُمْ فِدْيَةٌ	پس آج نہ تم سے کوئی فدیہ لیا جائے گا
وَّلَا مِنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ؕ	اور نہ ان (لوگوں) سے جنہوں نے کفر کیا

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

ظَاهِرُهٗ	ظاہر، اظہار، مظہر، ظاہری حالت۔	اِرْتَبْتُمْ	کتاب لاریب، ریب و تردد۔
مِنْ	منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	حَتّٰى	حتیٰ کہ، حتی الامکان، حتی الوسعت۔
يُنَادُوْنَهُمْ	نداء، منادی، ندائے ملت۔	غَرَّكُمْ، الْغَرُوْرُ	غرور، مغرور۔
مَّعَكُمْ	مع اہل و عیال، معیت، مع دوست احباب۔	فَالْيَوْمَ	یوم، ایام، یوم آخرت، یوم پاکستان۔
قَالُوْا	قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔	لَا	لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔
لٰكِنَّكُمْ	لیکن۔	يُؤْخَذُ	اخذ، ماخوذ، مؤاخذہ۔
فَتَنْتُمْ	فتنہ و فساد، فتنہ پرور، فتنہ برپا ہونا۔	فِدْيَةٌ	فدیہ۔
اَنْفُسَكُمْ	نفس، نفسانفسی، نفوسِ قدسیہ۔	كَفَرُوْا	کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔

وَظَاهِرُهٗ ①	مِنْ قِبَلِهِ ①	الْعَذَابُ ؕ (13)	يُنَادُوْنَهُمْ ②
اور اسکی بیرونی جانب	اسکی طرف سے	عذاب (ہوگا)	وہ سب پکاریں گے اُن (مؤمنوں) کو

اَ	لَمْ نَكُنْ	مَّعَكُمْ ② ط	قَالُوْا ③	بَلٰى
کیا	ہم نہ تھے	تمہارے ساتھ	وہ سب کہیں گے	ہاں کیوں نہیں!

وَلٰكِنَّكُمْ ②	فَتَنْتُمْ ②	اَنْفُسَكُمْ ②	وَ	تَرَبَّصْتُمْ ②④
اور لیکن تم نے	تم نے فتنے میں ڈالا	اپنے نفسوں (کو)	اور	تم نے انتظار کیا

وَ	ارْتَبْتُمْ ②	وَ	غَرَّتْكُمُ ②⑤	الْاَمَانِيُّ
اور	تم شک وشبہ میں پڑے رہے	اور	تمہیں دھوکا دیا	(جھوٹی) آرزوؤں نے

حَتّٰى	جَآءَ	اَمْرُ اللّٰهِ	وَ	غَرَّكُمْ ②	بِاللّٰهِ
یہاں تک کہ	آپہنچا	اللہ کا حکم	اور	دغا دیا تمہیں	اللہ کے بارے میں

الْغَرُوْرُ ⑥ (14)	فَالْيَوْمَ	لَا يُؤْخَذُ ⑦	مِنْكُمْ ②
دغاباز (شیطان نے)	پس آج	نہ لیا جائے گا	تم سے

فِدْيَةٌ ⑤	وَّ	لَا	مِنَ الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا ط
کوئی فدیہ	اور	نہ	(اُن لوگوں) سے جن	سب نے کفر کیا

ضروری وضاحت

① اسم کے آخر میں ہٗ یا ہٖ کا ترجمہ اسکا یا اپنا کیا جاتا ہے۔② ھُمْ، کُمْ، تُمْ تینوں جمع مذکر کی علامتیں ہیں۔③ یہ گزرے ہوئے زمانے کا فعل ہے ضرورتاً ترجمہ مستقبل میں کیا گیا ہے۔④ اس فعل میں موجود تَ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔⑤ فعل کے آخر میں تْ اور اسم کے آخر میں ۃ مؤنث کی علامتیں ہیں الگ ترجمہ ممکن نہیں۔⑥ الْغَرُوْرُ کا معنٰی دھوکہ دینے والا اور غُرُوْرٌ کا معنٰی دھوکہ ہے۔⑦ یُ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو اس فعل میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔

مَاْوٰىكُمُ النَّارُ ؕ	تمہارا اٹھکانا (اب) آگ ہی ہے
هِيَ مَوْلٰىكُمْ ؕ وَ بِئْسَ الْمَصِيْرُ ﴿15﴾	وہی تمہاری رفیق ہے اور بہت بُرا ٹھکانا ہے۔ ﴿15﴾
اَلَمْ يَاْنِ لِلَّذِيْنَ	کیا (ابھی تک) وہ وقت نہیں آیا (ان لوگوں) کے لیے جو
اٰمَنُوْٓا اَنْ تَخْشَعَ قُلُوْبُهُمْ	ایمان لائے کہ انکے دل (نرم ہوکر) جھک جائیں
لِذِكْرِ اللّٰهِ وَ مَا نَزَلَ مِنَ الْحَقِّ ۙ	اللہ کے ذکر کے لیے اور (اسکے لیے) جو نازل ہوا حق سے
وَلَا يَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ	اور وہ نہ ہو جائیں ان (لوگوں) کی طرح جو
اُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلُ	(ان) سے پہلے کتاب دیے گئے
فَطَالَ عَلَيْهِمُ الْاَمَدُ	پھر گزر گئی اُن پر لمبی مدت
فَقَسَتْ قُلُوْبُهُمْ ؕ	تو ان کے دل سخت ہو گئے
وَ كَثِيْرٌ مِّنْهُمْ فٰسِقُوْنَ ﴿16﴾	اور ان میں سے بہت سے نافرمان ہیں۔ ﴿16﴾
اِعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ يُحْيِ الْاَرْضَ	جان لو! کہ بیشک اللہ زمین کو زندہ کرتا ہے
بَعْدَ مَوْتِهَا ؕ قَدْ بَيَّنَّا	اسکے مرنے کے بعد، یقیناً ہم نے بیان کر دی ہیں

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

مَاْوٰىكُمْ	ملجاوماویٰ۔	لَا	لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔
النَّارُ	یہ خاکی اپنی فطرت میں نوری ہے نہ ناری۔	قَبْلُ	قبل از وقت، قبل الکلام، قبل از غذا۔
مَوْلٰىكُمْ	ولی، ولایت، اولیاء، مولیٰ۔	فَطَالَ	طویل مدت، طویل کلام، طول وعرض۔
اٰمَنُوْٓا	امن، ایمان، مومن۔	عَلَيْهِمْ	علی الاعلان، علی العموم، علیحدہ۔
تَخْشَعَ	خشوع وخضوع۔	كَثِيْرٌ	اکثر، کثیر، کثرت، اکثریت۔
قُلُوْبُهُمْ	قلبی تعلق، امراض قلب، قلوب واذہان۔	اِعْلَمُوْٓا	علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات، علّامہ۔
نَزَلَ	نازل، نزول، انزال، منزل من اللہ۔	يُحْيِ	حیات، احیائے سنت، حیات جاوداں۔
الْحَقِّ	حق، حقیقت۔	الْاَرْضَ	ارض وسما، قطعہ اراضی، ارض مقدس۔

مَاْوٰىكُمُ	النَّارُ ؕ	هِيَ ①	مَوْلٰىكُمْ ؕ	وَ	بِئْسَ الْمَصِيْرُ ⁽15⁾
تم سب کا ٹھکانا	آگ (ہی ہے)	وہ	تمہاری رفیق (ہے)	اور	بہت بُرا ٹھکانا (ہے)

اَ ②	لَمْ يَاْنِ ③	لِلَّذِيْنَ	اٰمَنُوْٓا	اَنْ	تَخْشَعَ ④
کیا	نہیں وہ وقت آیا	(اُن لوگوں) کے لیے جو	سب ایمان لائے	کہ	جھک جائیں

قُلُوْبُهُمْ	لِذِكْرِ اللّٰهِ	وَ مَا	نَزَلَ	مِنَ الْحَقِّ ۙ	وَ
انکے دل	اللہ کے ذکر کے لیے	اور جو	نازل ہوا	حق سے	اور

لَا يَكُوْنُوْا	كَالَّذِيْنَ	اُوْتُوا ⑤	الْكِتٰبَ	مِنْ قَبْلُ
وہ سب نہ ہوجائیں	(اُن لوگوں) کی طرح جو	وہ سب دیے گئے	کتاب	(ان) سے پہلے

فَطَالَ	عَلَيْهِمُ	الْاَمَدُ	فَقَسَتْ ④	قُلُوْبُهُمْ ؕ
پھر لمبی گزر گئی	اُن پر	مدت	تو سخت ہو گئے	ان کے دل

وَ كَثِيْرٌ	مِّنْهُمْ	فٰسِقُوْنَ ⁽16⁾	اِعْلَمُوْٓا	اَنَّ ⑥	اللّٰهَ
اور بہت سے	اُن میں سے	سب نافرمان	تم سب جان لو!	کہ بیشک	اللہ

يُحْيِ	الْاَرْضَ ⑦	بَعْدَ مَوْتِهَا ⑧ ؕ	قَدْ ⑥	بَيَّنَّا
وہ زندہ کرتا ہے	زمین (کو)	اسکے مرنے (یعنی بنجر ہونے) کے بعد	یقیناً	ہم نے بیان کردی ہیں

ضروری وضاحت

① هِيَ واحد مؤنث کی علامت ہے، ترجمہ وہ ہوتا ہے۔ ② أ الگ استعمال ہو تو اس کا ترجمہ کیا ہوتا ہے۔ ③ علامت لَمْ کے بعد فعل کا ترجمہ گزرے ہوئے زمانے میں ہوتا ہے۔ ④ فعل کے شروع میں تَ اور آخر میں تْ مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ⑤ اُوْتُوا اصل میں اُوْتِيُوْا تھا، گرامر کے اصول کے مطابق اُوْتُوا ہوا ہے۔ ⑥ اَنَّ اور قَدْ تاکید کی علامتیں ہیں۔ ⑦ فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں زبر ہو تو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔ ⑧ هَا واحد مؤنث کی علامت ہے، اسم کیساتھ ترجمہ اسکے ہوتا ہے۔

لَكُمُ الْاٰيٰتِ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿17﴾	تمہارے لیے کھول کھول کر آیات تا کہ تم سمجھو۔ ﴿17﴾
اِنَّ الْمُصَّدِّقِيْنَ	بیشک صدقہ کرنیوالے مرد
وَالْمُصَّدِّقٰتِ	اور صدقہ کرنیوالی عورتیں
وَ اَقْرَضُوا اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا	اور (اُنھوں نے) اللہ کو قرض دیا اچھا قرض
يُّضٰعَفُ لَهُمْ	ان کے لیے وہ بڑھا دیا جائے گا
وَ لَهُمْ اَجْرٌ كَرِيْمٌ ﴿18﴾	اور ان کے لیے عزت کا اجر ہے۔ ﴿18﴾
وَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَ رُسُلِهٖٓ	اور وہ (لوگ) جو ایمان لائے اللہ اور اسکے رسولوں پر
اُولٰٓئِكَ هُمُ الصِّدِّيْقُوْنَ ۖ	وہی لوگ ہی بہت سچے ہیں
وَ الشُّهَدَآءُ عِنْدَ رَبِّهِمْ ؕ	اور اپنے رب کے ہاں گواہی دینے والے ہیں
لَهُمْ اَجْرُهُمْ وَنُوْرُهُمْ ؕ	ان کے لیے ان کا اجر اور ان کا نور ہے
وَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	اور وہ (لوگ) جنھوں نے کفر کیا
وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَآ	اور انھوں نے ہماری آیات کو جھٹلایا

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

تَعْقِلُوْنَ : عقل، عاقل، معقول۔
الْمُصَّدِّقِيْنَ : صدقہ وخیرات، صدقۃ الفطر۔
اَقْرَضُوا : قرض، مقروض، قرضہ۔
حَسَنًا : حسنہ، حسنات، قرض حسنہ۔
يُّضٰعَفُ : ذو اضعاف اقل۔
اَجْرٌ : اجر و ثواب، اجر عظیم، اُجرت۔
كَرِيْمٌ : کرم، اکرام، تکریم، محترم و مکرم۔
اٰمَنُوْا : امن، ایمان، مومن۔

الصِّدِّيْقُوْنَ : صدیق، صداقت، تصدیق، مصدقہ۔
الشُّهَدَآءُ : شاہد، شہید، شہادت، مشہود۔
عِنْدَ : عند الطلب، عند اللہ ماجور ہوں، عندیہ۔
رَبِّهِمْ : ربّ، ربِّ کائنات، توحید ربوبیت، مربی۔
نُوْرُهُمْ : بدرِ منیر، نور، منور، انوار۔
كَفَرُوْا : کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔
كَذَّبُوْا : کذب بیانی، کذاب، کاذب، تکذیب۔
بِاٰيٰتِنَآ : آیت، آیات۔

لَكُمْ ①	الْاٰيٰتِ	لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ② (17)	اِنَّ	الْمُصَّدِّقِيْنَ ③
تمہارے لیے	آیات	تاکہ تم سب سمجھو	بیشک	سب صدقہ کرنیوالے مرد

وَ	الْمُصَّدِّقٰتِ ③	وَ	اَقْرَضُوا اللّٰهَ ④	قَرْضًا حَسَنًا
اور	صدقہ کرنیوالی عورتیں	اور	انہوں نے قرض دیا اللہ کو	اچھا قرض

يُّضٰعَفُ ⑤	لَهُمْ ①	وَ	لَهُمْ ①	اَجْرٌ	كَرِيْمٌ (18)
وہ بڑھا دیا جائے گا	اُن کے لیے	اور	اُن کے لیے	اجر (ہے)	عزت کا

وَ	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	بِاللّٰهِ	وَ	رُسُلِهٖٓ
اور	(وہ لوگ) جو	سب ایمان لائے	اللہ پر	اور	اسکے رسولوں (پر)

اُولٰٓئِكَ ⑥	هُمُ الصِّدِّيْقُوْنَ ۖ	وَ	الشُّهَدَآءُ
وہی لوگ	ہی سب بہت سچے (ہیں)	اور	گواہی دینے والے (ہیں)

عِنْدَ رَبِّهِمْ ۭ ⑦	لَهُمْ ①	اَجْرُهُمْ ⑦	وَ	نُوْرُهُمْ ۭ ⑦	وَ
اپنے رب کے ہاں	ان کے لیے	ان کا اجر	اور	ان کا نور (ہے)	اور

الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	وَ	كَذَّبُوْا	بِاٰيٰتِنَآ
(وہ لوگ) جن	سب نے کفر کیا	اور	انہوں نے جھٹلایا	ہماری آیات کو

ضروری وضاحت

① لَكُمْ اور لَهُمْ میں لَ دراصل لِ تھا یہ پڑھنے میں آسانی کیلئے لَ ہوجاتا ہے۔② كُمْ اور تَ دونوں کا ملاکر ترجمہ تم کیا گیا ہے۔
③ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔④ فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں زبر ہو تو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔⑤ اگر يُ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو اس فعل میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔
⑥ اُولٰٓئِكَ جمع مذکر کی علامت ہے، عموماً تاکید کے لیے استعمال ہوتی ہے۔⑦ اسم کے آخر میں هُمْ یا هِمْ کا ترجمہ انکے ہوتا ہے۔

ع 2 9 18 أُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ ﴿19﴾	وہی لوگ دوزخ والے ہیں۔ ﴿19﴾
اِعْلَمُوْٓا اَنَّمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا	تم جان لو! کہ بیشک صرف دنیوی زندگی تو
لَعِبٌ وَّ لَهْوٌ وَّ زِيْنَةٌ	کھیل اور تماشا ہے اور زینت (وآرائش) ہے
وَّ تَفَاخُرٌۢ بَيْنَكُمْ	اور تمہارے درمیان (آپس میں) ایک دوسرے پر فخر کرنا ہے
وَ تَكَاثُرٌ	اور ایک دوسرے سے بڑھ جانے کی کوشش کرنا ہے
فِي الْاَمْوَالِ وَالْاَوْلَادِ ؕ كَمَثَلِ غَيْثٍ	مال اور اولاد میں، (اس) بارش کی مثل
اَعْجَبَ الْكُفَّارَ نَبَاتُهٗ	(کہ) اس کی پیداوار نے کاشتکاروں کو خوش کر دیا
ثُمَّ يَهِيْجُ	پھر وہ خشک ہو جاتی ہے
فَتَرٰىهُ مُصْفَرًّا ثُمَّ	تو تو اسے (پک کر) زرد ہوئی دیکھتا ہے پھر
يَكُوْنُ حُطَامًا ؕ وَفِي الْاٰخِرَةِ	وہ چورا چورا ہو جاتی ہے اور آخرت میں (کافروں کے لیے)
عَذَابٌ شَدِيْدٌ ۙ وَّمَغْفِرَةٌ	سخت عذاب ہے اور (مؤمنوں کے لیے) بخشش ہے
مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانٌ ؕ	اللہ کی طرف سے اور خوشنودی ہے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اِعْلَمُوْٓا	علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات، علّامہ۔	كَمَثَلِ	کالعدم، کماحقہ/مثل، مثال، امثلہ۔
الْحَيٰوةُ	حیات، احیائے سنت، حیات جاوداں۔	اَعْجَبَ	عجب، عجیب، تعجب، عجائب گھر۔
لَهْوٌ	لہو ولعب۔	نَبَاتُهٗ	نباتات وجمادات۔
تَفَاخُرٌ	فخر، فخریہ پیشکش، فخر کرنا۔	فَتَرٰىهُ	رؤیت ہلال، مرئی وغیر مرئی اشیاء۔
بَيْنَكُمْ	بین بین، بین السطور، بین الاقوامی۔	مُصْفَرًّا	صفراوی مادہ، صفراء (بیماری کا نام ہے)۔
تَكَاثُرٌ	اکثر، کثیر، کثرت، اکثریت۔	شَدِيْدٌ	شدید، شدت، مشدد، تشدد۔
فِي	فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔	مَغْفِرَةٌ	مغفرت، استغفار، استغفر اللہ۔
الْاَمْوَالِ	مال ودولت، مال وجان، مالی خسارہ۔	رِضْوَانٌ	راضی، رضا، مرضی، رضائے الٰہی۔

ع 2 9 18

اُولٰٓئِكَ ①	اَصۡحٰبُ الۡجَحِيۡمِ ﴿19﴾ ع	اِعۡلَمُوۡۤا	اَنَّمَا ②
وہی لوگ	دوزخ والے (ہیں)	تم سب جان لو!	کہ بیشک صرف

الۡحَيٰوةُ الدُّنۡيَا	لَعِبٌ	وَّ لَهۡوٌ	وَّ	زِيۡنَةٌ
دنیوی زندگی (تو)	کھیل	اور تماشا (ہے)	اور	زینت (وآرائش ہے)

وَّ تَفَاخُرٌۢ ③	بَيۡنَكُمۡ	وَ تَكَاثُرٌ ③
اور ایک دوسرے پر فخر کرنا (ہے)	تمہارے درمیان	اور ایک دوسرے سے بڑھ جانے کی کوشش کرنا

فِى الۡاَمۡوَالِ	وَالۡاَوۡلَادِ ؕ	كَمَثَلِ غَيۡثٍ	اَعۡجَبَ	الۡكُفَّارَ ④
مال میں	اور اولاد (میں)	بارش کی مثال کی طرح	خوش کردیا	کاشتکاروں (کو)

نَبَاتُهٗ ⑤	ثُمَّ	يَهِيۡجُ	فَتَرٰٮهُ ⑤
اس کی پیداوار نے	پھر	وہ خشک ہوجاتی ہے	تو تو دیکھتا ہے اُسے

مُصۡفَرًّا	ثُمَّ	يَكُوۡنُ	حُطَامًا ؕ	وَ	فِى الۡاٰخِرَةِ
(پک کر) زرد ہوئی	پھر	وہ ہوجاتی ہے	چُورا چُورا	اور	آخرت میں

عَذَابٌ شَدِيۡدٌ ۙ ⑥	وَّ مَغۡفِرَةٌ	مِّنَ اللّٰهِ	وَ رِضۡوَانٌ ؕ
سخت عذاب (ہے)	اور (مؤمنوں کے لیے) بخشش	اللہ (کی طرف) سے	اور خوشنودی (ہے)

ضروری وضاحت

① اُولٰٓئِكَ جمع مذکر ومؤنث کی علامت ہے، عموماً ترجمہ وہ لوگ کبھی یہ لوگ ہوتا ہے۔② اَنَّ یا اِنَّ کے ساتھ مَا ہو تو اس میں صرف کا مفہوم ہوتا ہے۔③ اس لفظ میں موجود تَ اور "ا" میں کام کو باہمی طور پر کرنے کا مفہوم ہے۔④ فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں زبر ہو تو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔⑤ اسم کے آخر میں ہٗ یا ہٖ کا ترجمہ اسکا یا اپنا اور فعل کے آخر میں ہٗ کا ترجمہ اسے کیا جاتا ہے۔⑥ یعنی وہ لوگ جنہوں نے دنیا ہی کو سب کچھ سمجھا اور دنیا کے کھیل کود میں ہی مصروف رہے اُن کیلئے سخت عذاب ہے۔

وَ مَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ	اور نہیں ہے دنیوی زندگی
اِلَّا مَتَاعُ الْغُرُوْرِ ﴿20﴾	مگر دھوکے کا سامان۔ ﴿20﴾
سَابِقُوْٓا	ایک دوسرے سے آگے بڑھو
اِلٰى مَغْفِرَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ	اپنے رب کی بخشش کی طرف
وَجَنَّةٍ عَرْضُهَا	اور جنت (کی طرف کہ) اس کی چوڑائی
كَعَرْضِ السَّمَآءِ وَ الْاَرْضِ ۙ	آسمان اور زمین کی چوڑائی کی طرح ہے
اُعِدَّتْ لِلَّذِيْنَ	وہ تیار کی گئی ہے (ان لوگوں) کے لیے جو
اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَ رُسُلِهٖ ؕ	اللہ اور اس کے رسولوں پر ایمان لائے
ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ؕ	یہ اللہ کا فضل ہے وہ دیتا ہے یہ (اسے) جسے وہ چاہتا ہے
وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ﴿21﴾	اور اللہ بڑے فضل والا ہے۔ ﴿21﴾
مَآ اَصَابَ مِنْ مُّصِيْبَةٍ فِي الْاَرْضِ	نہیں پہنچتی کوئی مصیبت زمین میں
وَلَا فِيْٓ اَنْفُسِكُمْ	اور نہ تمہارے نفسوں میں

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

وَ	:	مال و دولت، عفو و درگزر، شان و شوکت۔	كَعَرْضِ	:	کالعدم، کماحقہ۔
الْحَيٰوةُ	:	موت و حیات، حیاتِ جاوداں، حیاتی و مماتی۔	السَّمَآءِ	:	ارض و سما، کتب سماویہ، آفات سماویہ۔
اِلَّا	:	اِلا ماشاءاللہ، اِلا قلیل، اِلا یہ کہ۔	اُعِدَّتْ	:	استعداد، مستعد، اعداد و ترتیب۔
مَتَاعُ	:	متاعِ کارواں، مال و متاع، متاعِ عزیز۔	اٰمَنُوْا	:	امن، ایمان، مومن۔
الْغُرُوْرِ	:	غرور، مغرور۔	فَضْلُ	:	فضل، فضیلت، فاضل، افضل۔
سَابِقُوْٓا	:	سبقت کرنا، مسابقہ۔	يَّشَآءُ	:	ماشاءاللہ، ان شاءاللہ، مشیت الٰہی۔
اِلٰى	:	مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔	اَصَابَ	:	مصیبت، مصائب۔
عَرْضُهَا	:	طول و عرض۔	اَنْفُسِكُمْ	:	نفس، نفسانفسی، نفوسِ قدسیہ۔

وَ	مَا ①	الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ ②	اِلَّا	مَتَاعُ الْغُرُوْرِ ﴿20﴾
اور	نہیں (ہے)	دنیوی زندگی	مگر	دھوکے کا سامان

سَابِقُوْٓا ③	اِلٰى مَغْفِرَةٍ ②	مِّنْ رَّبِّكُمْ	وَ
تم سب ایک دوسرے سے آگے بڑھو	بخشش کی طرف	اپنے رب کی	اور

جَنَّةٍ ②	عَرْضُهَا	كَعَرْضِ السَّمَآءِ	وَالْاَرْضِ ۙ
جنت (کی طرف)	(کہ) اس کی چوڑائی	آسمان کی چوڑائی کی طرح (ہے)	اور زمین (کی)

اُعِدَّتْ ②④	لِلَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	بِاللّٰهِ	وَرُسُلِهٖ ؕ
تیار کی گئی (ہے)	(اُن لوگوں) کے لیے جو	سب ایمان لائے	اللہ پر	اور اس کے رسولوں (پر)

ذٰلِكَ ⑤	فَضْلُ اللّٰهِ	يُؤْتِيْهِ ⑥	مَنْ	يَّشَآءُ ؕ
یہ	اللہ کا فضل (ہے)	وہ دیتا ہے اُس (فضل) کو	جسے	وہ چاہتا (ہے)

وَاللّٰهُ	ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ﴿21﴾	مَآ ①	اَصَابَ
اور اللہ	بہت بڑے فضل والا (ہے)	نہیں	پہنچتی

مِنْ مُّصِيْبَةٍ ②⑦	فِي الْاَرْضِ	وَ	لَا	فِيْٓ اَنْفُسِكُمْ
کوئی مصیبت	زمین میں	اور	نہ	تمہارے نفسوں میں

ضروری وضاحت

① مَا کا ترجمہ کبھی جو، جس اور کبھی کیا، کس اور کبھی نہیں کیا جاتا ہے۔ ② اسم کے آخر میں ة اور فعل کے آخر میں تْ مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ③ اس فعل میں موجود "ا" میں باہمی طور پر کام کرنے کا مفہوم ہے۔ ④ فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑤ ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے، کبھی ضرورتاً ترجمہ یہ بھی کردیا جاتا ہے۔ ⑥ فعل کے آخر میں ہٗ یا ہٖ کا ترجمہ اُسے یا اُس کو کیا جاتا ہے، ہٖ سے پہلے اگر جزم ہو تو یہ ہِ سے بدل جاتی ہے۔ ⑦ مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ	مگر (وہ) ایک کتاب (لوحِ محفوظ) میں (درج) ہے
مِّنْ قَبْلِ اَنْ نَّبْرَاَهَا ؕ	اس سے پہلے کہ ہم پیدا کریں اسے
اِنَّ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرٌ ۚ﴿22﴾	بیشک یہ اللہ پر بہت آسان ہے۔﴿22﴾
لِّكَيْلَا تَاْسَوْا عَلٰى مَا فَاتَكُمْ	تاکہ تم افسوس نہ کرو اس پر جو تم سے فوت ہوگیا
وَلَا تَفْرَحُوْا بِمَآ اٰتٰىكُمْ ؕ	اور مت اِتراؤ اس پر جو اس نے دیا تمہیں
وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ	اور اللہ پسند نہیں فرماتا
كُلَّ مُخْتَالٍ فَخُوْرِ ۙ﴿23﴾	ہر تکبر کرنے والے (اور) بہت فخر کرنیوالے کو۔﴿23﴾
الَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ	(وہ لوگ) جو بخل کرتے ہیں
وَيَاْمُرُوْنَ النَّاسَ بِالْبُخْلِ ؕ	اور لوگوں کو (بھی) بخل کا حکم دیتے ہیں
وَمَنْ يَّتَوَلَّ فَاِنَّ اللّٰهَ	اور جو (انفاق سے) منہ پھیر لے تو بیشک اللہ
هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ ﴿24﴾ لَقَدْ	وہی بڑا بے پروا بہت تعریف والا ہے ﴿24﴾ بلاشبہ یقیناً
اَرْسَلْنَا رُسُلَنَا بِالْبَيِّنٰتِ	ہم نے بھیجا اپنے رسولوں کو واضح دلائل کے ساتھ

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اِلَّا	: اِلا ماشاءاللہ، اِلاقلیل، اِلا یہ کہ۔	تَفْرَحُوْا	: فرحت، مفرحِ قلب، تفریح۔
فِيْ	: فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔	لَا	: لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔
مِّنْ	: منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	يُحِبُّ	: حب، حبیب، محب، محبت۔
قَبْلِ	: قبل از وقت، قبل الکلام، قبل از غذا۔	فَخُوْرٍ	: فخر، فخریہ پیشکش، فخر کرنا۔
عَلٰى	: علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	يَبْخَلُوْنَ	: بخل، بخیل۔
يَسِيْرٌ	: میسر۔	يَاْمُرُوْنَ	: امر، آمر، مامور، امور، امر بالمعروف۔
مَا	: ماحول، ماتحت، ماجرا، ماورائے عدالت۔	النَّاسَ	: عوام الناس، عامۃ الناس۔
فَاتَكُمْ	: فوت، وفات، فوتیدگی۔	الْحَمِيْدُ	: حمد وثناء، حامد، محمود۔

اِلَّا	فِيْ كِتٰبٍ ①	مِّنْ قَبْلِ	اَنْ	نَّبْرَاَهَا ؕ
مگر	ایک کتاب میں (درج ہے)	(اس) سے پہلے	کہ	ہم پیدا کریں اُسے

اِنَّ	ذٰلِكَ ②	عَلَى اللّٰهِ	يَسِيْرٌ ③ ۚۖ (22)	لِّكَيْلَا ④	تَاْسَوْا
بیشک	یہ	اللہ پر	بہت آسان (ہے)	تاکہ نہ	تم سب افسوس کرو

عَلٰى مَا	فَاتَكُمْ	وَ	لَا تَفْرَحُوْا ⑤	بِمَآ
(اس) پر جو	تم سے فوت ہو گیا	اور	مت تم سب اِتراؤ	(اس) پر جو

اٰتٰكُمْ ؕ	وَاللّٰهُ	لَا يُحِبُّ	كُلَّ	مُخْتَالٍ	فَخُوْرِ ⑥ لا (23)
اس نے دیا تمہیں	اور اللہ	نہیں وہ پسند فرماتا	ہر	تکبر کرنیوالے	بہت فخر کرنیوالے (کو)

الَّذِيْنَ	يَبْخَلُوْنَ	وَيَاْمُرُوْنَ	النَّاسَ	بِالْبُخْلِ ؕ
(وہ لوگ) جو	وہ سب بخل کرتے ہیں	اور وہ سب حکم دیتے ہیں	لوگوں (کو بھی)	بخل کا

وَمَنْ	يَّتَوَلَّ ⑦	فَاِنَّ اللّٰهَ	هُوَ الْغَنِيُّ ⑧	الْحَمِيْدُ (24)
اور جو	منہ پھیر لے (انفاق سے)	تو بیشک اللہ	وہی بڑا بے پروا	بہت تعریف والا (ہے)

لَقَدْ	اَرْسَلْنَا	رُسُلَنَا	بِالْبَيِّنٰتِ
بلاشبہ یقیناً	ہم نے بھیجا	اپنے رسولوں (کو)	واضح دلائل کے ساتھ

ضروری وضاحت

① ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ② ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے، عموماً ضرورتاً ترجمہ یہ کر دیا جاتا ہے۔ ③ یہاں یَ اصل لفظ کا حصہ ہے، علامت نہیں۔ ④ لِ اور کَیْ دونوں کا ترجمہ تاکہ ہے، کَیْ تاکید کیلئے آیا ہے۔ ⑤ لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْا میں کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔ ⑥ فَعُوْلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑦ اس فعل میں موجود تَ اور شد میں اہتمام سے کام کرنے کا مفہوم ہے، یہاں یَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ⑧ هُوَ کے بعد اَلْ میں ہی کا مفہوم ہوتا ہے۔

وَاَنْزَلْنَا مَعَهُمُ الْكِتٰبَ وَالْمِيْزَانَ	اور ہم نے نازل کیا اُنکے ساتھ کتاب اور ترازو
لِيَقُوْمَ النَّاسُ بِالْقِسْطِ ۚ	(یعنی قواعد عدل) تا کہ لوگ قائم رہیں انصاف پر
وَاَنْزَلْنَا الْحَدِيْدَ فِيْهِ	اور ہم نے لوہا نازل کیا اُس میں
بَأْسٌ شَدِيْدٌ وَّمَنَافِعُ لِلنَّاسِ	سخت لڑائی (کا سامان) ہے اور لوگوں کے لیے فوائد ہیں
وَلِيَعْلَمَ اللّٰهُ مَنْ يَّنْصُرُهٗ	اور تا کہ اللہ معلوم کرلے (اُسے) جو مدد کرتا ہے اُس کی
وَرُسُلَهٗ بِالْغَيْبِ ۭ	اور اُس کے رسولوں کی بن دیکھے
اِنَّ اللّٰهَ قَوِيٌّ عَزِيْزٌ ؏ (25)	بیشک اللہ بہت قوت والا بڑا زبردست ہے۔ (25) ع 3 6 19
وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا وَّاِبْرٰهِيْمَ	اور بلاشبہ یقیناً ہم نے بھیجا نوح اور ابراہیم کو
وَجَعَلْنَا فِيْ ذُرِّيَّتِهِمَا	اور ہم نے رکھی ان دونوں کی اولاد میں
النُّبُوَّةَ وَالْكِتٰبَ	نبوت اور کتاب
فَمِنْهُمْ مُّهْتَدٍ ۚ	پھر اُن میں سے کچھ ہدایت پر چلنے والے ہیں
وَكَثِيْرٌ مِّنْهُمْ فٰسِقُوْنَ (26)	اور اُن میں سے بہت سے نافرمان ہیں۔ (26)

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَنْزَلْنَا	: نازل، نزول، انزال، منزل من اللہ۔	يَّنْصُرُهٗ	: نصرت، ناصر، نصیر، انصار، منصور۔
مَعَهُمْ	: مع اہل وعیال، معیت، مع دوست احباب۔	بِالْغَيْبِ	: حاضر وغائب، علمِ غیب، غیبی طاقت۔
الْمِيْزَانَ	: وزن، میزان، وزنی۔	قَوِيٌّ	: قوت، قوی، مقوی۔
لِيَقُوْمَ	: قوم، اقوام، قومیت، من حیث القوم۔	اَرْسَلْنَا	: رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔
بِالْقِسْطِ	: قسط، اقساط، قسطیں۔	ذُرِّيَّتِهِمَا	: ذریت آدم، ذریت ابلیس۔
فِيْهِ	: فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔	مُّهْتَدٍ	: ہدایت، ہادیٔ برحق، ہادیٔ کائنات۔
لِلنَّاسِ	: عوام الناس، عامۃ الناس۔	كَثِيْرٌ	: اکثر، کثیر، کثرت، اکثریت۔
لِيَعْلَمَ	: علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات، علّامہ۔	فٰسِقُوْنَ	: فسق وفجور، فاسق وفاجر۔

وَاَنْزَلْنَا ①	مَعَهُمُ	الْكِتٰبَ	وَ الْمِيْزَانَ	لِيَقُوْمَ ②③
اور ہم نے نازل کیا	اُن کے ساتھ	کتاب	اور ترازو	تا کہ قائم رہیں

النَّاسُ ④	بِالْقِسْطِ ج ⑤	وَ	اَنْزَلْنَا ①	الْحَدِيْدَ ④	فِيْهِ
لوگ	انصاف پر	اور	ہم نے نازل کیا	لوہا	اُس میں

بَاْسٌ شَدِيْدٌ	وَّ مَنَافِعُ	لِلنَّاسِ	وَ	لِيَعْلَمَ اللّٰهُ ②③④
سخت لڑائی	اور فوائد (ہیں)	لوگوں کے لیے	اور	تا کہ اللہ معلوم کرلے

مَنْ	يَّنْصُرُهٗ	وَ رُسُلَهٗ	بِالْغَيْبِ ط ⑥	اِنَّ اللّٰهَ
(اُسے) جو	وہ مدد کرتا ہے اُس کی	اور اُس کے رسولوں (کی)	بن دیکھے	بیشک اللہ

3 ع 6 19

قَوِيٌّ ⑦	عَزِيْزٌ ⑦ ع (25)	وَلَقَدْ	اَرْسَلْنَا ①	نُوْحًا ④	وَّ اِبْرٰهِيْمَ
بہت قوت والا	بڑا زبردست (ہے)	اور بلا شبہ یقیناً	ہم نے بھیجا	نوح	اور ابراہیم (کو)

وَ	جَعَلْنَا ①	فِيْ ذُرِّيَّتِهِمَا	النُّبُوَّةَ	وَالْكِتٰبَ	فَمِنْهُمْ
اور	ہم نے رکھی	ان دونوں کی اولاد میں	نبوت	اور کتاب	پھر اُن میں سے

مُّهْتَدٍ ج ⑧	وَ	كَثِيْرٌ	مِّنْهُمْ	فٰسِقُوْنَ (26)
کچھ ہدایت پر چلنے والے (ہیں)	اور	بہت سے	اُن میں سے	نافرمان (ہیں)

ضروری وضاحت

① فعل کے آخر میں نَا سے پہلے جزم ہو تو ترجمہ ہم نے ہوتا ہے۔② فعل کے شروع میں لِ اور آخر میں زبر ہو تو اس لِ کا ترجمہ تا کہ کیا جاتا ہے۔③ یہاں یَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔④ فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں پیش ہو وہ اس فعل کا فاعل اور اگر زبر ہو تو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔⑤ بِ کا ترجمہ کبھی پر بھی کیا جاتا ہے۔⑥ یہاں بِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔⑦ فَعِيْلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔⑧ مُّهْتَدٍ دراصل مُّهْتَدِيٌّ تھا، گرامر کے اصول کے مطابق ی گرائی گئی ہے۔

ثُمَّ قَفَّيْنَا عَلٰٓى اٰثَارِهِمْ بِرُسُلِنَا	پھر ہم نے لگاتار بھیجا اُنکے نقش قدم پر اپنے رسولوں کو
وَ قَفَّيْنَا بِعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ	اور (اُن کے) پیچھے ہم نے بھیجا عیسٰی بن مریم کو
وَ اٰتَيْنٰهُ الْاِنْجِيْلَ ۙ	اور ہم نے دی اُسے انجیل
وَ جَعَلْنَا فِيْ قُلُوْبِ الَّذِيْنَ	اور ہم نے ڈال دی (اُن لوگوں) کے دلوں میں جنہوں نے
اتَّبَعُوْهُ رَاْفَةً وَّ رَحْمَةً ؕ	اُس کی پیروی کی شفقت اور مہربانی
وَ رَهْبَانِيَّةَ ِۨ ابْتَدَعُوْهَا	اور رہبانیت (ترکِ دنیا) کو تو اُنہوں نے (خود) ایجاد کرلیا تھا اُسے
مَا كَتَبْنٰهَا عَلَيْهِمْ	ہم نے اُن پر لازم قرار نہیں دیا تھا اُسے
اِلَّا ابْتِغَآءَ رِضْوَانِ اللّٰهِ	مگر (اپنے خیال میں) اللہ کی خوشنودی چاہنے کے لیے
فَمَا رَعَوْهَا	(اُنہوں نے ایسا کیا) پھر نہ نبھایا اُنہوں نے اُسے
حَقَّ رِعَايَتِهَا ۚ فَاٰتَيْنَا	جیسے اُسے نبھانے کا حق تھا، تو ہم نے دیا (اُن کو)
الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْهُمْ اَجْرَهُمْ ۚ	جو (لوگ) اُن میں سے ایمان لائے اُن کا اجر
وَ كَثِيْرٌ مِّنْهُمْ فٰسِقُوْنَ ﴿27﴾	اور اُن میں سے بہت سے نافرمان ہیں۔ ﴿27﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

عَلٰٓى	: علی الاعلان، علی العموم، علیحدہ۔	كَتَبْنٰهَا	: کتاب، کُتب، کاتب، کتابت، مکتوب۔
اٰثَارِهِمْ	: اثر، آثار، آثارِ قدیمہ۔	اِلَّا	: اِلا ماشاءاللہ، اِلا قلیل، اِلا یہ کہ۔
ابْنِ	: ابنائے جامعہ، عیسٰی ابن مریم، ابن عمر۔	رِضْوَانِ	: راضی، رضا، مرضی، رضائے الٰہی۔
قُلُوْبِ	: قلبی تعلق، امراضِ قلب، قلوب واذہان۔	حَقَّ	: حق، حقیقت، استحقاق۔
اتَّبَعُوْهُ	: اتباع، تابع، متبع سنت۔	اٰمَنُوْا	: امن، ایمان، مومن۔
رَحْمَةً	: رحمت، رحم، رحیم، رحمٰن، مرحوم۔	اَجْرَهُمْ	: اجر وثواب، اجرِ عظیم، اجرت۔
رَهْبَانِيَّةَ	: راہب، رہبانیت۔	كَثِيْرٌ	: اکثر، کثیر، کثرت، اکثریت۔
ابْتَدَعُوْهَا	: بدعت، بدعتی۔	فٰسِقُوْنَ	: فسق وفجور، فاسق وفاجر۔

ثُمَّ قَفَّيْنَا①	عَلٰٓى اٰثَارِهِمْ②	بِرُسُلِنَا③	وَ	قَفَّيْنَا①
پھر ہم نے لگاتار بھیجا	اُن کے نقش قدم پر	اپنے رسولوں کو	اور	(اُن کے) پیچھے ہم نے بھیجا

بِعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ③	وَ	اٰتَيْنٰهُ①	الْاِنْجِيْلَ ۙ	وَ	جَعَلْنَا①
عیسی بن مریم کو	اور	ہم نے دی اُسے	انجیل	اور	ہم نے ڈال دی

فِيْ قُلُوْبِ الَّذِيْنَ	اتَّبَعُوْهُ④	رَاْفَةً⑤	وَّ رَحْمَةً⑤ ؕ
(اُن لوگوں کے) دلوں میں جن	سب نے پیروی کیا اُس کی	شفقت	اور مہربانی (سے)

وَ رَهْبَانِيَّةَ ۨ⑤	ابْتَدَعُوْهَا④⑥	مَا كَتَبْنٰهَا⑥①
اور رہبانیت (ترکِ دُنیا)	تو انہوں نے (خود) ایجاد کرلیا تھا اُسے	ہم نے لازم قرار نہیں دیا تھا اُسے

عَلَيْهِمْ	اِلَّا ابْتِغَآءَ	رِضْوَانِ اللّٰهِ	فَمَا رَعَوْهَا④⑥
اُن پر	مگر چاہنے کے لیے	اللہ کی خوشنودی	پھر انہوں نے نہ نبھایا اُسے

حَقَّ رِعَايَتِهَا⑥ ۚ	فَاٰتَيْنَا①	الَّذِيْنَ⑦	اٰمَنُوْا
جیسے اُس کے نبھانے کا حق (تھا)	تو ہم نے دیا (اُن کو)	جو (لوگ)	سب ایمان لائے

مِنْهُمْ	اَجْرَهُمْ② ۚ	وَ كَثِيْرٌ	مِّنْهُمْ	فٰسِقُوْنَ (27)
اُن میں سے	اُن کا اجر	اور بہت سے	اُن میں سے	سب نافرمانی کرنے والے (ہیں)

ضروری وضاحت

① فعل کے آخر میں نا سے پہلے جزم ہو تو ترجمہ ہم نے ہوتا ہے۔② اسم کے آخر میں هُمْ کا ترجمہ ان کا یا اپنا ہوتا ہے۔③ بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر کبھی بدلہ اور کبھی بسبب، بوجہ، بذریعہ ہوتا ہے۔④ علامت وْا کے بعد کوئی اور علامت لگائی ہو تو اس کا "ا" گر جاتا ہے۔⑤ ة واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔⑥ هَا واحد مؤنث کی علامت ہے، اسم کیساتھ ترجمہ اسکے اور فعل کیساتھ ترجمہ اُسے ہوتا ہے۔⑦ الَّذِيْنَ جمع مذکر کی علامت ہے، ترجمہ جو، جن، جنہوں نے ہوتا ہے۔

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ	اے (وہ لوگو!) جو ایمان لائے ہو اللہ سے ڈرو
وَاٰمِنُوْا بِرَسُوْلِهٖ	اور اُس کے رسول پر ایمان لاؤ
يُؤْتِكُمْ كِفْلَيْنِ مِنْ رَّحْمَتِهٖ	وہ دے گا تمہیں دگنا (اجر) اپنی رحمت سے
وَيَجْعَلْ لَّكُمْ نُوْرًا	اور وہ کر دے گا تمہارے لیے روشنی
تَمْشُوْنَ بِهٖ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ؕ	(کہ) تم چلو گے اُسکے ذریعے اور وہ بخش دے گا تمہیں
وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۚ﴿28﴾	اور اللہ بہت بخشنے والا، بڑا مہربان ہے۔﴿28﴾
لِّئَلَّا يَعْلَمَ اَهْلُ الْكِتٰبِ	تاکہ اہل کتاب جان لیں
اَلَّا يَقْدِرُوْنَ عَلٰى شَيْءٍ	کہ نہیں وہ قدرت رکھتے کسی چیز پر
مِّنْ فَضْلِ اللّٰهِ	اللہ کے فضل میں سے
وَاَنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ	اور بیشک فضل تو اللہ کے ہاتھ میں ہے
يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ؕ	وہ دیتا ہے اس (فضل) کو جسے وہ چاہتا ہے
وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ع ﴿29﴾	اور اللہ بڑے فضل والا ہے۔﴿29﴾

ع 4 20

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اٰمَنُوا	امن، ایمان، مومن۔	الْكِتٰبِ	کتاب، کُتب، کاتب، کتابت، مکتوب۔
اتَّقُوا	تقویٰ، متقی۔	يَقْدِرُوْنَ	قدرت، قادر، قدیر، مقدر۔
بِرَسُوْلِهٖ	رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔	عَلٰى	علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
مِنْ	منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	شَيْءٍ	شے، اشیاء، اشیائے خورد ونوش۔
يَغْفِرْ، غَفُوْرٌ	مغفرت، استغفار، استغفر اللہ۔	فَضْلِ	فضل، فضیلت، فاضل، افضل۔
رَّحِيْمٌ	رحمت، رحم، رحیم، رحمٰن، مرحوم۔	بِيَدِ	ید بیضاء، ید طولیٰ، رفع الیدین۔
يَعْلَمَ	علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات، علّامہ۔	يَّشَآءُ	ماشاء اللہ، ان شاء اللہ، مشیت الٰہی۔
اَهْلُ	اہل وعیال، اہل خانہ، اہلِ بیت۔	الْعَظِيْمِ	عظمت، اجر عظیم، معظم، تعظیم۔

يٰٓاَيُّهَا①	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوا	اتَّقُوا اللّٰهَ②	وَ	اٰمِنُوْا
اے	(وہ لوگو!) جو	سب ایمان لائے ہو	تم سب اللہ سے ڈرو	اور	تم سب ایمان لاؤ

بِرَسُوْلِهٖ	يُؤْتِكُمْ③	كِفْلَيْنِ④	مِنْ رَّحْمَتِهٖ	وَ	يَجْعَلْ
اُس کے رسول پر	وہ دے تمہیں	دوگنا	اپنی رحمت سے	اور	وہ کردے گا

لَّكُمْ	نُوْرًا	تَمْشُوْنَ	بِهٖ	وَ	يَغْفِرْ
تمہارے لیے	روشنی	(کہ) تم سب چلوگے	اُسکے ذریعے	اور	وہ بخش دے گا

لَكُمْ ط	وَاللّٰهُ	غَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ ﴿28﴾ ع	لِّئَلَّا⑤
تم کو	اور اللہ	بہت بخشنے والا	بڑا مہربان (ہے)	تاکہ

يَعْلَمَ	اَهْلُ الْكِتٰبِ	اَلَّا⑥	يَقْدِرُوْنَ	عَلٰى شَيْءٍ⑦
وہ جان لیں	اہل کتاب	کہ نہیں	وہ سب قدرت رکھتے	کسی چیز پر

مِّنْ فَضْلِ اللّٰهِ	وَ	اَنَّ	الْفَضْلَ	بِيَدِ اللّٰهِ⑧
اللہ کے فضل میں سے	اور	بیشک	فضل	(تو) اللہ کے ہاتھ میں (ہے)

ع 4 4 20

يُؤْتِيْهِ	مَنْ	يَّشَآءُ ط	وَاللّٰهُ	ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ﴿29﴾ ع
وہ دیتا ہے اس (فضل) کو	جسے	وہ چاہتا ہے	اور اللہ	بڑے فضل والا (ہے)

ضروری وضاحت

① یا اور اَیُّھَا دونوں کا ترجمہ اے ہے، اَیُّھَا وہاں آتا ہے جہاں بعد والے اسم کے شروع میں ال ہو۔② فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں زبر ہو تو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔③ کُمْ اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ تمہیں کیا جاتا ہے۔④ علامت یْنِ میں دو ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔⑤ یہ دراصل لِ + اَنْ + لَا کا مجموعہ ہے، یہاں لَا زائد ہے۔⑥ اَلَّا دراصل اَنْ + لَا کا مجموعہ ہے۔
⑦ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ کسی کیا گیا ہے۔⑧ یہاں بِ کا ترجمہ میں ضرورتاً کیا گیا ہے۔

تعارف ومقاصد ''بیت القرآن''

قرآن مجید اللہ تعالیٰ کی بھیجی ہوئی کتاب ہدایت ہے اور اسے اللہ تعالیٰ نے بہت آسان بنایا ہے۔ جس کا اظہار خود اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں کئی بار فرمایا ہے:

﴿ وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ﴾ سورۃ القمر آیت 17

''اور یقیناً ہم نے اس قرآن کو سمجھنے کے لیے آسان بنا دیا ہے، پھر کوئی نصیحت لینے والا ہے۔؟''

اب اسے ہر انسان تک پہنچانا اور اسکے متعلق اس تأثر کو دور کرنا کہ یہ بہت مشکل کتاب ہے تمام مسلمانوں کی ذمہ داری ہے۔ اسی ذمہ داری کو پورا کرنے کیلئے ''بیت القرآن'' کی بنیاد رکھی گئی ہے اور اس کے مقاصد درج ذیل ہیں:

1 : قرآن مجید کے ترجمہ کو آسان فہم بنانے کی کوشش کرنا۔

2 : قرآنی تعلیمات پر مبنی ایسی عام فہم کتب کی اشاعت کرنا جن سے قرآن فہمی میں مدد ملے۔

3 : قرآنی گرامر کو آسان تر بنانے کی کوشش کرنا۔

4 : قرآن مجید سے متعلقہ موضوعات پر مختلف سیمینارز منعقد کرانا۔

5 : قرآن فہمی کیلئے شارٹ کورسز کا انعقاد کرانا اور ان میں گرامر کے بغیر صرف علامات کے ذریعے قرآن مجید کا ترجمہ سکھانا۔

6 : قرآن فہمی کے لیے ٹیچر ٹریننگ کورسز منعقد کرانا۔

7 : انٹرنیٹ کے ذریعے فہم قرآن میں مدد دینا۔ (www.bait-ul-quran.org)

8 : عامۃ المسلمین کو احکام الٰہی کے مطابق اپنے نبیٔ محترم حضرت محمد ﷺ سے عقیدت ومحبت کے ساتھ آپ ﷺ کی مسنون زندگی کو اپنانے اور آپ ﷺ کی سیرت کو دنیا پر غالب کرنے کی کوشش کرنا۔

آپ بھی اس کار خیر میں شریک ہو سکتے ہیں اور جس کی بہترین صورت یہ ہے کہ آپ **''بیت القرآن''** کی مطبوعہ کتب خرید کر عوام الناس میں تقسیم فرمائیں۔ جزاکم اللہ خیرا۔

الداعی الی الخیر: **''بیت القرآن''** لاہور، پاکستان